# چند نسخجات مجربات مفید عام

جسکو بچھو کاٹے ہینگ پانی مین پیسکر قدرے گرم کرکے لگادے **ایضاً** برگ پنواڑ
ایک چھٹانک پیسکر جہان کاٹا ہو باندہے جلد آرام ہوگا پھر کھولدے **ایضاً** قدرے
سانبھر پانی مین گھوٹ کر جسطرف بچھو نے کاٹا ہو اوسکے دوسری طرف کی کان مین چار
پانچ بوند ڈالے اور جہان کاٹا ہے وہان وہ پانی سلے **ایضاً** بسکھپرہ کی جڑ یا چرچٹہ
کی جڑ پانی سے گھسکر سردہی لگادے جلد آرام ہوگا **ایضاً** سیاہ مرچ اور ملتھی ہم تال
گھوٹ کر گرم کرکے لگادے جلد آرام ہو **ایضاً** شیر درخت آک خوب لگا کر اوپر برگ آک
رکھے اور اوپر سے سینکے جلد آرام ہو **دیگر** جسنے افیون کھائی ہو اوسکو مقدار افیون
سے دوچند ہینگ عمدہ پانی مین گھوٹ کر دو تین بار پلادے افیون کا اثر ہرگز نہ ہوگا۔ خواہ
کوکر بھانگرہ کا عرق پلادے مجرب ہے۔ **دیگر** بھانگ کے نشہ کو نالی کی پتون کا عرق
خواہ خشک پتون کو گھوٹ کر پلادے جلد نشہ جاتا رہے یہ افیون کے زہر کو بھی مفید ہے۔
**دیگر** جسکا پیشاب بند ہوگیا ہو بھینس کے کان کا میل پانی مین گھولکر قدرے ناف کے اندر لگادے
اور ناف کے نیچے بہی نیمگرم لیپ کردے فوراً پیشاب ہو **ایضاً** نیم ماشہ شورہ قلمی ۳ تولہ
پانی مین پیسکر پلادے۔ مولی کا عرق ۳ تولہ دودہ مین ملا کر پلادے۔ ریوندی عمدہ ۴ ماشہ کیلا
۶ ماشہ ۳ تولہ گرم پانی مین ملا کر پلادے جلد شفا ہو۔ **دیگر** جسنے سنکھیا کھایا ہو فوراً پھٹکری پانی
مین گھوٹ کر چند بار پلادے یہ سانپ کے زہر کو بھی دور کرتی ہے۔ **دیگر** روغن بیروزہ دو تین
قطرہ اگر موسم گرم ہو شربت مین اور موسم سرد ہو تو بتاشہ مین ایک ہفتہ تک ہر دو وقت کھلادے خواہ
پھٹکری بریان دانہ الائچی کلان ہموزن مصری دونون کی برابر ہر دو وقت چھ ماشہ ہمراہ شیر بادہ گاؤ
کے کھلادے ایک ہفتہ مین ضرور آرام ہوگا مجرب ہے۔ جسکو جمال گوٹہ کھانے سے دست اور قے ہوتی ہون
آدہ سیر دہی مین بتاسہ ملا کر دو تین دن مین کھلادے دست اور قے بند ہوجاوینگے۔ فقط

اول بار ۱۰۰۰ جلد
قیمت فی کاپی ار

جو سچ ہے راستگو اوسکو ہے بہنا
مری بزم مین یہہ ہی رہتا ہے ذکر
کہ خالق کسیطرح ایسا کرے
کہ سب ہر کوئی راستی کو قبول
عزیزو مری ہے یہی ایک پند

تو سب کذب گویون کو یہہ مرتبہ
سے مجہے ہر گھڑی یہہ ہی رہتا ہے فکر
جو ہر شخص اب جہوٹ کو چھوڑ دے
کہ ہو دین و دنیا کی راحت حصول
کرو راستبازی کو دل سے پسند

جگناتھ کی بس یہی ہے دعا
کرے راستی کی ترقی خدا

## تفصیل کتب معہ تعداد قیمت موجودہ نزد مصنف

| نام کتاب | قیمت کتاب |
|---|---|
| دیانند ست پرکشا ستیارتھ پرکاش سمیکشا | ۵ر |
| ویدوار پرکاش | ۲ر |
| اننتو پرکاش | ۲ر |
| مکتی پرکاش | ۲ر |
| دیانند پرلبھے | ۲ر |
| منگل دیو پراجے | ۲ر |
| دیانند کی ودیا اور سورگ سدھی | ار |
| دیانند لیلا | ار |
| دیانند چرتر | ۰ر |
| آریتو پرکاش حصہ اول | ۴ر |
| ایضاً حصہ دوم | ۶ر |
| کوش ہندو ۳۰۰۰ سنسکرت لفظ معہ ترجمہ بھاشا | ۴ر |
| دیوان آفرین | ۲ر |

منشی اندرمن صاحب کی کتابین بہی میرے پاس سے ملین گی۔

المشتہر جگناتھ داس از مراد آباد محلہ دہند ابہوہ

اگر آرسے ہو جہوٹ کو چہوڑ دو ‏ سچائی کی جانب کو منہ موڑ دو

کرو جہوٹ سے ہر گہڑی تم حذر ‏ رکہو راستبازی پہ ہر دم نظر

کرو راستی کو جو تم اختیار ‏ تو راضی رہے تمسے پروردگار

سمجہ لے بڑے کام کی ہے یہ بات ‏ بلا راستی کے نہوگی نجات

مین کہتا ہون تجہسے یہی بار بار ‏ دل و جان سے کر راستی اختیار

جو ہے کذب گو اوسکی عزت نہین ‏ جو ہے لغو گو اوسکی حرمت نہین

کہین کذب گو کو شرافت نہین ‏ مین کہتا ہون سچ یہ ظرافت نہین

سما جون سے ہم کو عداوت نہین ‏ سبہاؤن ہی ہمکو محبت نہین

فقط راستی کے خریدار ہین ‏ جو کچہہ جہوٹ ہی اوس سے بیزار ہین

نہین پیروی کسیکی ہے کام ‏ فقط راستی سے ہے اپنا مرام

جو ہے راستگو وہی استاد ہے ‏ غلط گو سے دل اپنا ناشاد ہے

فقط راستی دل کو مرغوب ہے ‏ فقط راستی اپنا محبوب ہے

فقط راستی اپنا دلدار ہے ‏ فقط راستی اپنا غمخوار ہے

ہمین راستی مثل گلزار ہے ‏ جو ہے جہوٹ وہ مثل پرخار ہے

ہمین راستی سے سروکار ہے ‏ مگر جہوٹ سے ننگ ہی عار ہے

سمجہ راستی کو تو آب حیات ‏ مگر جہوٹ کو جان زہر ممات

جو ہے راستگو وہی انسان ہے ‏ جو کاذب ہے وہ مثل حیوان ہے

جو ہے راستگو وہی حق شناس ‏ تو ہر وقت رہ راستگو کے پاس

کبہی کذب گویون سے الفت نکر ‏ خدا سے نڈر کذب گویون سے ڈر

نکر کذب گویون سے زنہار بات ‏ ہزارون طرح کی یہ کہتے ہین گہات

جو ہے راستگو وہی ہے رہنما ‏ جو ہے راستگو وہی ہے پیشوا

ہر اک شخص کا راست ہو گر کلام ❊ عدالت میں جانے نہ پھر کیا ہی کام
اگر راستی سب کو منظور ہو ❊ ہر اک شخص کا یہہ ہی دستور ہو
تو پھر سب کو آرام ہو ہر طرح ❊ ہر اک شخص خوش کام ہو ہر طرح
کیا جہوٹ نے اسقدر تمکو خوار ❊ کہ سچ کا تمہارے نہیں اعتبار
ہوئی راستی ہند سے ہائے گم ❊ ہوئے جہوٹ سے اپنے بدنام تم
کہاں ہین یہان ایسے دوکاندار ❊ خریدار کو جن کا ہو اعتبار
عزیزو یہہ ہے جہوٹ ہی کا اثر ❊ کہ لے ساہوکار دین جو قرض زر
تمسک لکہے اور گواہی کرائے ❊ رجستری کی خاطر عدالت میں جائے
کرے جایداد اپنی مکفول بھی ❊ ہو مطلب براری کی صورت تبھی
مگر ساہوکارون کو ہے یہہ ہی ڈر ❊ پسند اسکو کرتا نہیں ہر بشر
جو داد و ستد کا کرین روزگار ❊ رہین وہ عدالت مین لیل و نہار
حلف کرکے کرتے ہین جہوٹا بیان ❊ بھلا خوف خالق کا انکو کہان
نہین ہے جنہین لغو گوئی سے ڈر ❊ تو کر انکی صحبت سے ہر دم حذر
جو تو راستبازی سے نافر ہوا ❊ تو پھر ناستک اور کافر ہوا
نہین راستبازی کی مانند تپ ❊ نہین راستبازی کی مانند جپ
نہین راستبازی کی مانند دان ❊ نہین راستبازی کی مانند دہیان
نہین راستبازی کی مانند دہرم ❊ نہین جہوٹ سا کوئی پاپ کرم
سدا راستبازون کی ہوتی ہے جے ❊ سدا کذب گویون کا ہوتا ہے چھے
کیا ہو کسی سے جو تو نے قرار ❊ جہانتک بنے کر وفا اسکو یار
سماج اور سبہا ہو گئین گو ہزار ❊ ہوا راستی کا نہ کچہہ بھی پرچار
ترے پاس ہو گرچہ زر بیشمار ❊ بلا راستی کے نہین ہے وقار

## ہدایت راستی

کرو راستبازی کو تم اختیار — کوئی پاپ ہوگا نہ جھوٹ سے ہتیار
فقط راستی ہی بڑا دھرم ہے — نہ مانند اسکی کوئی کرم ہے
لکھی بیاس نے راستی کی ثنا — ہر اک دھرم سے اسکو بہتر کہا
یہی کہتے ہین وید شاستر پران — نہین دھرم ہے راستی کی سمان
نہین کوئی دنیا مین ایسی کتاب — کہے راستی کو جو کار عذاب
نہین ایسا دنیا مین کوئی بشر — کہے راستی کو جو کار خطر
جسے راستبازی سے انکار ہے — وہی تو دغاباز و مکار ہے
نہ ہو راستبازی مین جو کامیاب — رہے دین و دنیا مین ہر دم خراب
مسلمان یہودی نصاریٰ جو ہین — یہ سب راستی کی بڑائی کرین
بجز راستی جھوٹ ہرگز نہ بول — نہ تو شربت قند مین زہر گھول
ہوا جھوٹ جسکی زبان سے عیان — تو پھر اعتبار اوسکا ہووے کہان
کبھی جھوٹ کو پائداری نہین — کبھی جھوٹ کو استواری نہین
نہین راستبازون کو ہرگز ضرر — نہین راستبازی سے ہرگز خطر
رہے راستبازی پہ جسکی نظر — نہین اوسکو دوزخ کا زنہار ڈر
ہوا جسکا دل راستی پر نثار — اوسے پھر کہان خوف روز شمار
رہ راستی مین قدم تو بڑھا — در خلد ہے تیری خاطر کھلا
سمجھ جھوٹ کو زہر قاتل سدا — عزیز اس سے جان اپنی ہر دم بچا
سمجھ جھوٹ ہی کو جہنم کی آگ — بچا تن کو اس سے سمجھ اسکو ناگ
جو ہو راستبازی کا اسکو خیال — تو پھر خواب مین بھی نہ آئے زوال

کرے عمر بھر گر تو بیجا جستجو — نہ ہوگا مرے سامنے سرخرو

جو شادی کی نسبت ہے امر نہی — دکھا وید مین مجکو تو اب یہی

نہین گوتر مین شادی کرنا بجا — سپنڈون مین ماتا کے ہے ناروا

دکھا وید مین یہ کہان ہے لکھا — وگرنہ مرے سامنے سر جھکا

لکھین شادیان ہشت کا نہ کہان — دکھا وید مین اونکا بھی سب بیان

پرمان آٹھ مانے ہوئی وید مین گر — دکھا اونکو بھی تو مجھے اک نظر

بلی ویشو اور سندھیو پاسن ذرا — ملا وید سے سوامی جی کا لکھا

دیانند جی کا جو ہے یہ کلام — کہ جن جنترون کا ہو پربت پہ نام

ندی نخل نکشتر پہ نام ہو — تو زنہار اوسے نہ شادی کرو

دکھا وید مین یہ لکھا مجکو تو — وگرنہ عبث ہی تری ہاے ہو

جگناتھ بس بند کر اب زبان — بیان دیانند ہے لا بیان

تمت

مسلمان وعیسائی اور بت پرست
کروڑون ہین دنیا مین اے نیکبخت

بس اب اپنے دین کو تو جہوٹا بتا
وگرنہ دیانند سے ہو جدا

وسیل اپنے سوامی کی تسن پہیو تج
نکر سامنے میرے پہر گفتگو

لکہا تیرے سوامی نے یہہ کیا بہلا
ملا سچ مین ہو جہوٹ بہی گر ذرا

تو اوس سچ کو بہی کر نہ ہرگز قبول
بلا شبہہ جان اوسکو بالکل فضول

ملا زہر جس کہانے مین ہو ذرا
وہ کس کام کا رہتا ہے پہر بہلا

ملا ایسے ہی جہوٹ سے سچ جو ہو
تو دونو کو ترک ایکدم سے کرو

ذرا دہیان کر اب ادہر مہربان
سنا تو نے سوامی جی کا یہہ بیان

عمل کر تو اب اونکی تحریر پر
ذرا دہیان رکہہ اونکی تقریر پر

تو کر دل سے اس حکم کو اب قبول
جو مذہب مین انکے ہوا ہے شمول

کتابون مین اونکی ہین جہوٹ بیان
دیا مین نے ہر اک کا تجکو نشان

جو شیدا ہے سوامی جی کے حکم پر
تو اب اونکے سچ کو بہی تو ترک کر

کہ ہے جہوٹ مین انکا سچ بہی ملا
یہہ کہانا ملا زہر کا تو نہ کہا

کسی بات پر کر نہ اونکی یقین
بہلا اصل کا کہانا مناسب نہین

بہلا تیرے سوامی نے یہہ کیا لکہا
کہ ہین مستند بس فقط سنگہتا

غلط ہین بجز وید کے سب کتاب
تو کیون اونکے مضمون لکہی دی جواب

فقط وید ہی جسکو کرین قبول
سوا اونکے امر و نہی سب فضول

تو امر و نہی سوامی جی کے لکہے
دکہا وید ہی مین ذرا تو مجہے

لکہے شانتر دہ اوس نے جو سنسکار
دکہا وید مین اونکو تفصیلوار

مہا پنچ یگیون کی ہے جو دو ہی
دکہا وید مین تو مجہے اوسکو بہی

ذرا مجکو ایمان سے یہہ بتا
ہے ویدون مین ستیارتہہ مین جو لکہا

شمار اوسنے شاکہاؤن کی جو لکھی
مہابہاشیہ سے چار کی ہے کمی

مہابہاشیہ کا وہ بچن خود لکھا
کہ وکہلاتا ہے فرق جو چار کا

خدا کو کہے عالم الغیب جو
دیانند کے دین مین جاہل ہے سو

لکھا آریہ بھی سب نے مین مگر
کہ ہے عالم الغیب پرمیشور

لکھا نام خالق کا نار این آپ
ہوا پھر اوسے کون سا اونکا پاپ

جو نامایینا یہ نسہ کو بہلا
خلاف آپ ہی وید کے لکھدیا

شوائے نسہ کی مذمت لکھی
یجر وید مین تو ہے یہہ منتر بھی

فتح دہوکہہ دینے سے ہوتی ہو گر
لکھا تیرے سوامی نے تو یہہ ہی کر

جو پھر جنگ سے بہاگنا لکھدیا
بہت ہی برا سوامی جی نے کیا

یہہ مفہوم گیتا کا ہرگز نہین
بناوٹ ہے سوامی جی کی بالیقین

سمجھہ یہہ ہی مضمون گیتا کا ہے
کہ واجب نہین بہاگنا جنگ سے

ذرا دیکھیے سوامی جی کا اب شعور
یہہ کیا عقل مین اونکی آیا فتور

کہ مطلب ہے گیتا کا جو صاف صاف
لکھا اوسکو بھی سوامی جی نے خلاف

جو گیتا کے مطلب کو اولٹا لکھا
تو پھر کیا یقین وید کے بہاشیہ کا

لکھی تیرے سوامی نے کیا یہہ دلیل
ہوئے جس سے شاگرد اونکے ذلیل

وہ کرتا ہے سمار خود اپنا گھر
مگر اوسکو مطلق نہین ہے خبر

استیارتھہ ہی مین یہہ منقول ہے
سراسر ترے سوامی کی بہول ہے

کہ ہو دین کروڑون ہی انسان جہان
کرے ایسے دین کو جو جھوٹا بیان

بتائے جو سچا وہ پھر اپنا دین
کوئی جھوٹا دین اوس سے بڑھکر نہین

ہوئی یان سے ثابت یہی بات اب
کہ دین تیرا جھوٹا ہے اور حق ہین سب

ہر اک دین کو اوسنے ہی جھوٹا کہا
بتایا ہے اپنے کو سچا سدا

یہہ ستیارتھ مین پہلے اونسے لکہا
کہ خالق نے روحونکو پیدا کیا

دیانند جی نے جب اوسکو یہہ گیان
انادی لیا تب سے روحون کو مان

جو روحون کو مخلوق بتلائے گا
وہ کب بیدوید کہلائے گا

لکہا پہلے سوامی جی نے بار بار
کتابون مین اپنی بہ تفصیلوار

کہ مکتی سے ہرگز نہین بازگشت
رہینگے وہین وا ایما حق پرست

عطا جنکو خالق نے کی ہے نجات
نہین اونکو زنہار خوف ممات

کیا حوصلہ اونکا پہر کس نے پست
جو لکہہ بیٹھے مکتی سے وہ بازگشت

یہہ ہے وید اور اوپ نشد کے خلاف
کیا حق سے سوامی جی نے انحراف

کہا بیاس کے قول کو بہی غلط
ہے لاحول ستیارتھ پر ہر نمط

دیا مکتی کو جیس خانہ بتا
ترے سوامی نے اوسکو پہانسی لکہا

پڑہے غور سے گر تو مکتی پرکاش
تو ہو تیرے اگیان کا جلد ناش

لکہا پہلے ستیارتھ مین دیکہہ لو
پڑہائے نہین سنگہتا شودر کو

پہر اوسکے لئے وید سے کی ودہی
عجب عقل تہی کچہہ دیانند کی

یہہ لکہتے ہین سوامی جی مہاراج آپ
بنا ہوکے چہٹتا نہین کوئی پاپ

خلاف اسکے اکثر بچن خود سے لکہے
کہ چہٹتا ہے پاپ ایسے اعمال سے

بتا کون سی بات کو سچ کہون
ترے سامنے ہنسکے چپ ہو رہون

جو ہے تجکو تحقیق سے اسکی کام
تو رکہہ یاد ہے راست پچہلا کلام

لکہا ہے پہلے اوپ باس ہین غلط
کئے پہر خلاف اسکے خود دستخط

کہ اوپ باس تین اوسپہ واجب کئے
جنیو کا ہو کرم جس کے لئے

شرتی کے خلاف اوسکا ہے یہہ بیان
زمین کو لکہا ہے جو اوسنے روان

شرتی وہ رتم جسکے سوامی نے کی
دہروا اسمین پرتہوی صریحاً لکہی

سناو ہی بچپن اوپنشد کا لکہا | تو وشن اوپنشد مین تو مجکو دکہا
بچن رسیعی کی جو تعریف کا | دیانند نے اوپنشد کا لکہا
کسی اوپنشد مین وہ ہرگز نہین | ہے قول پر کر تو بالکل یقین
غلط ہین نشان اوسکی ایسے چند | کہان ہوش اوسے جو کہے خود پسند
لکہا تیرے سوامی نے یہہ کیا بہلا | کہ چوٹی کو رکہو خواہ تم سرمنڈا
خلاف اوسکے پہر اوسنے یہہ لکہدیا | ضرور ہے کرین غور اسپر ذرا
نہ لکہا سوتر کو ترک جس نے کیا | مسلمان وعیسائی وہ بن گیا
عزیزو ہے افسوس کا یہہ مقام | کیا دونون کو سوامی جی نے سلام
مسلمان اب اونکو بتاؤگے تم | کہ عیسی کے پیرو کہاؤگے تم
یہہ ہے عقل کا سوامی جی کی فتور | نہین کچہہ ہمارا تمہارا قصور
لکہا پہلے ہے آریہ اوسکا ہی نام | سدا سے ہو جسکا یہان پہ قیام
کیا پہر یہہ سوامی جی نے کیا رقم | ستم ہے ستم ہے ستم ہے ستم
کہ تبت مین پیدا ہوئے آریہ لوگ | لڑائی کا داؤن لگ گیا اونکو روگ
تب اوٹہکے وہان سے یہان آگئے | دیانند جی کہا یہہ فرما گئے
نقیض اونکی تحریر مین آگیا | قصور اونکی تقریر مین آگیا
جو تبت مین پیدا ہوئے مرد و زن | نہ تہا اونمین زنہار کچہہ آریہ پن
کہ اونکا تہا یان سدا سے قیام | تو رکہتا ہے کیون آریہ پہر اونکا نام
دیانند کا دیکہہ عقل و شعور | تو کرتا ہے کس بات پر پہر غرور
بزرگون کو بدنام اپنے کیا | عبث سر پہ الزام اپنے لیا
نہ کچہہ آریہ اپنے کو اب زیبا ہے | بزرگون کو تیرے نہ تہا یہہ وقار
دیانند کو کہتے ہو تم فہیم | نہ سمجہا وہ ویدون کو اول قدیم

وکہا انت کو ویدمین تو سمجھے
تو دونگا مین انعام دو سو تجھے

وگرنہ گرد کو سمجھہ لغو گو..
نہ تھا علم حق کچھ دیانند کو

لکھا ہے وہان ایشور کا طاقت
دیانند کا قول ہے یہہ خلاف

جو سب سے اوسے غیر محدود تو
تو پھر لغو ہے یہہ تری گفتگو

سمجھہ مین تری اسے ہے وہ محدود گر
تو حق سے سراسر ہے تو بیخبر

جو دیوئی منو اسمرتی کا نشان
دیانند جی نے کیا ہے بیان

وکہا مجکو چھاندوگیہ مین تو کہین
پتہ اس کا اوس اوپنشد مین نہین

دکہا ماتریان اسکو بھی تو ذرا
ہے چھاندوگیہ مین کس جگہہ یہہ بھلا

کیا پاٹھ چھاندوگیہ کا چند بار
نہین یہہ شرتی اوس مین ہر زینہار

دیانند کی سربسر ہے خطا
جو شودر او سنے جہان شرتی کو لکھا

جسے سنسکرت مین ذرا بھی ہو دخل
سمجھنے کی مطلب کے رکھتا ہو عقل

وہ چھاندوگیہ مین یہہ بیان دیکہلے
مری حق بیانی کی تب داد دے

سب ہے منڈک مین اگنہوتری کو کہا
غلط ہے دیانند کا یہہ بیان

سمیت پانی اتیادی شترتیونکو جو
بتاتا ہے ماندوکیہ کی لغو گو

نہین لغو گوئی مین اوسکی کلام
کرے کیسے یہہ علم عالم کا کام

نہ ماندوکیہ ایسی بڑی کچھ کتاب
تو کر سکتا ہے پاٹھ اوسکا شتاب

تو پڑہ اوسکو اک بار اے مہربان
تو ہو جھوٹ سوامی جی کا کل عیان

عبث اونکو سمجھے ہو تم ویدوان
یہہ بالکل غلط ہے تمھارا گمان

خبر اونکو جب اوپنشد کی نہین
تو ہو سکتے ہین ویدوان وہ کہین

بیانون کی ہین جب کہانی غلط
تو ہے دعوئے ویدوانی غلط

نہین گرہن کے سلوک وان بیتا
سشروتی مین جوکہ تو نے لکھا

ترے سوامی کو جھوٹ سے شوق تھا | بہت کذب و بہتان کا ذوق تھا

بتا کس نے ایسا کیا ہے رقم | تجھے اپنے سوامی کے سر کی قسم

مرے سامنے جھوٹ گر کچھ کہا | تو پائیگا پھر واقعی تو سزا

گرو اندر من کا میں شاگرد ہوں | تو دم بھر میں جھوٹی کو سو بات دوں

یہ ہے کوچہ نظم میدان تنگ | مری جنگ کا نثر میں کچھ ہے رنگ

دیانند مت کی پریکشا کو دیکھ | استیارتھ کی تو سمیکشا کو دیکھ

دیانند جی کا پیا سے بچار | نظر آئیگی صاف ہی بار بار

دیانند وڈیا کو دیکھے اگر | مرے سامنے پھر نہ ٹھہرے نظر

گرو نے خطا تیرے کیسی یہ کی | لکھی زوجہ بلدیو کی روہنی

ہے اس سے تو واقف ہر اک خاص و عام | یہ بلدیو کی والدہ کا ہے نام

سنی ہوتی گر بھاگوت کی کتھا | تو لکھتا غلط کیوں وہ ایسا بھلا

عجب ہے برہمن کا بیٹا جو ہو | نجانے وہ اتنی سی بھی بات کو

پڑھے ہے جو کہ بچپن میں اکثر کتاب | نہ ہو اتنی سی بات میں کامیاب

اشارہ ہی کافی ہے اے مہربان | کروں کیا زیادہ میں اسکا بیان

لکھا گاے کو اور گدہی کو سمان | دیانند سا کون ہے بدزبان

لکھی جسنے ایکادشی کی کتھا | اوسے سوامی جی نے قصائی کہا

سناتے ہو دنیا کا جو تم حساب | کرو جمع و باقی کی میزان شتاب

ملاؤ اسے اصل سے پھر جو تم | تو دیکھو رقم کتنی ہوتی ہے کم

یہ ہے سہو کسکا بتاؤ ذرا | خطا غیر کی یا قصور آپ کا

گرو دروں کا اس میں ہن کر لیا | ترے سوامی نے دل مگن کر لیا

لکھا اپنی سندھیا میں تو دیکھئے | کہ گایتری چاروں ہی وید میں ہے

جو ہے تجکو دعوی تو سیدا نہین آ
سے مجھے جوہر پرستی اب دکہا

ترا باگھ کمبل کا سب پر کھلا
نہ شمشیر چوبی سے مجکو ڈرا

مرے ہاتھ مین رستی کی ہے تیغ
نہین خوف دشمن جان کا دریغ

کھلے تیرے سب پر مین مکر و ریا
خردمند پھندے مین کون آئیگا

کتھا بھگت پرہلاد کی جو لکہی
عبادت ہے سوامی جی کی اوس مین بہی

اگر اونکا تہا کذب ہی مرام
تو پھر بھاگوت کا نہ لینا تھا نام

استیارتھ مین یہہ اونہون نے لکہا
کہ والد نے پرہلاد کے تنگ آ

تپا کر ستون آگ مین آہنی
یہہ بات اوسنے پرہلاد سے تب کہی

کہ ہے تیرا معبود سچا اگر
پکڑ اسکو ہوگا نہ تجکو ضرر

پکڑنے کو پرہلاد اوسکے چلا
تو دل مین یہہ شک اوسکے پیدا ہوا

بچونگا مین جلنے سے یا اب نہین
تو اوس کھمبہ پر چیونٹی چلنے لگین

ذرا اب تو میری طرف دہیان کر
نڈر مجھسے لیکن خدا سے تو ڈر

ستون آہنی بھاگوت مین نہین
نہین آگ مین بہی تپانا کہین

نہین چیونٹیون کا بہی کچھہ ذکر وان
غلط ہے ترے سوامی کا کل بیان

اگر استگو اسکو سمجہا ہے تو
تو کرامات آکر مرے روبرو

مجھے بھاگوت مین وہ آکر دکہا
جو کچھہ تیرے سوامی نے ہے یان لکہا

لکہی شنکر آچاریہ کی جو کتھا
ترے سوامی کی ہے وہ بالکل خطا

استیارتھ مین یہہ ہی تحریر ہے
یہہ سنیاسی صاحب کی تقریر ہے

کہ دو جین نے زہر قاتل ملا
دیا شنکر آچاریہ کو کچھہ کھلا

نکل آئے پھوڑے بدن پر تبھی
اسی مین غرض جان اونکی گئی

غلط ہے ترے سوامی کا یہہ بیان
یہہ شنکر کی تاریخ مین ہے کہان

سمجھ دل مین کیا اس نے بات بہا — پڑہا کس سے وید انگرا سے جہاد

جو بہاجی کے ششیہ کا ششیہ تہا — بس اوس سے ہی وید انگرا نے پڑہا

سراسر ہے تیرا یہہ مکر اور کید — پڑہا انگرا سے کہ برہما نے وید

سنو ہے یہہ ہوتا ہے صاف آشکار — نہ کر اس سے انکار تو زینہار

کہ برہما نے کل دیوتون کو جپا — جو تہا وید مین نام اون کا رکہا

رہے ہین اوبھون ہی نے شیر اور گرگ — وہ ہین اگنی بایو کے جیسے بزرگ

مین دو دن بحث کو یان پہ ابطل کیا — رسالہ چہپا اسپہ دستاد کا

نشان علم کا جب کہ زنار کو — ترا سوامی کہتا ہے آیا وہ گو

تو پھر ہشت سال اپسر کو بتا — دیا کسلیے حکم زنار کا

نشان علم ہی کا ہے زنار گر — تو واجب ہے تجکو بھی بچہ

کہ ہو علم مین جب کوئی ہوشیار — بنائے تبہی اوسکو زناردار

ہوا اثر مین سالغیلا سے کی پہچان کچھ — ذرا چاہیے اس کا بہی دہیان کچھ

رکھے اوسکو کپڑے دن اوپر سدا — کہ تمنہ کو دیکہتے نہین ہین چہپا

لکہا ہے جو زنار کا سنسکار — عبث ہے ترے سوامی کا دو چار

نہ کایت ری اوسکو سکہانے سے سود — نہ دریا مین قطرہ بہانے سے سود

کیا ہے جو سوامی نے تیرے رقم — چلایا ہے یہہ بہاگوت پر قلم

کہ اکرور جی کنس کے حکم سے — جو متہرا سے گوکل کی جانب چلے

ہوئے ایسے رتہہ مین وہ اسدم سوار — روان تہا جو مانند باد بہار

سحر سے چلے شام کو وان گئے — وہ گہوڑے بہلا کہان ٹہہرے رہے

ہوا ختم سوامی کا جب یہ بیان — تو اب سن کے دہیان کر مہربان

لکہا اسطرح بہاگوت مین نہین — ہے بہتان تیرے سوامی کا یقین

کہ سنکہ پھوٹ اور کف کا زور
دوا ایک کی مارجن کرم ہے
بتائے کوئی یہہ لکہا ہی کہان
غرض سوامی جی کی یہی ہے بیان
کہ ہر کوئی ان کو سمجہہ کر فضول
نرک اور سورگ ویسے مانا نہین
وہ کہتا ہی سکہہ دکہہ کے ہین یہ نام
وہ کٹھ اپنی کو دیکہہ لیتا اگر
جو شت پتہہ کی ہوتی اوسے کچہہ خبر
اوسے معنی وید ہوتے جو یاد
ہین سورگ و نرک خاص لوکون کے نام
پڑہے سورگ شبد ہی جو توا کیبار
مری بات پر تجکو ہو پہہ یقین
یہہ شوبیتا شوتر اوپنشد مین لکہا
وسے سب سے پہلے اونہین وید چار
تو لیتا ہے کیون اگنی بایو کا نام
ہوا ہمکو منڈک سے بہی یہہ عیان
کہ وہ دیوتون سے ہوئے پہلے خلق
تیرا باپ پہلے وید اوسے اونکا پسر
پہر انگیرس کو وید اوسنے دیئے
پہر اوسنے یہہ ودیا پڑہائی اوسے

نہ صفرہ کی شدت نہ بلغم کا زور
مگر تانی کو آپہن وہم ہے
دکہائے کوئی یہہ رقم ہو جہان
نہین خاص پر عام پر ہے عیان
سراسر کرے ترک اور جا بہول
لکہا شاستر کا کچہہ بہی جانا نہین
نہ سمجہو انہین خاص کوئی مقام
تو لکہتا نہ ایسا غلط سربسر
تو گاتا نہ وہ گیت بے تال و سور
تو کیون سورگ سے کرتا ناحق عناد
ہین بیشک یہہ سکہہ اور دکہہ کے مقام
کرے وامن سوامی کو تار تار
کہے قول سوامی کا سچا نہین
کہ برہما کو خالق نے پہلے رچا
یہی ہے تمام آریون کا وچار
برآئے گا کیا جہوٹ سے تیرا کام
تو کر اسکی تحقیق اے مہربان
نہ پہاڑ اسکے برعکس تو اپنا حلق
کہ برہما ہی کا تہا جو بخت جگر
اور انگیرس ستیہ باہ نے لئے
لکہا انگرا سوامی جی نے جسے

ہو پربت پہ یہی نام جسکا کہا ۔ تمہیں اون سے ہی شادی کرنا بجا

برائی ہوئی اس سے دختر مین کیا ۔ نہین کیسلئے اوس سے شادی روا

ذرا اسکا مطلب بتائے کوئی ۔ لکھا وید مین یا بتائے کوئی

رشی اور منی سے جو عالیمقام ۔ رکھے کیون اونہون نے بھلا ایسے نام

مری پستکون مین وہ تفصیل وار ۔ لکھے ہین اگر شک ہو دیکھ ایکبار

بھلا اب مجھے یہہ ہی تو سچ بتا ۔ کہ اس حکم پر ہے عمل بھی ترا

دیانند جی کے ہین جتنے سماج ۔ ہے اون مین بھی اس حکم کا کچھ رواج

سماجی نہین کرتے تعمیل گر ۔ تو سمجھے مین سوامی جی کو بے خبر

سمجھ اونکو بیشک نہ تھی دہرم کی ۔ نہ سمجھین تھے وہ بات کچھ مرم کی

تو لا اس مین بھی کوئی عقلی ثبوت ۔ وگرنہ مرے سامنے کر سکوت

غرض ہوم کی آپ نے یہہ لکھی ۔ کہ ہے بایوشدہی کی اک یہہ ودہی

کیا ہر طرح دہرم کا لوپ ہے ۔ دیانند یون کا ہی لوپ ہے

غرض ہوم سے بایوشدہی کی ہے ۔ یہی بات عقل اور بدہی کی ہے

تو پہر منتر پڑہنے کا کیا کام ہے ۔ یہہ کام آپ کرنے کا کیا کام ہے

کرے کام گر یہہ ملازم کوئی ۔ تو آئے قباحت نہ لازم کوئی

عزیز یہہ سوامی جی کی چال ہے ۔ کیا دہرم کو جسنے پامال ہے

تمہیں دہرم سے اپنے گر کام ہے ۔ تو ویداوپنشد مین جو ارقام ہے

رشی اور منیون کا ہے جو کلام ۔ اوسے راست ہر طرح سمجھو تمام

جو سندھیا مین ہے ارجن ایک کرم ۔ اسی طرح ہے آچمن ایک دہرم

اب انکو بھی دیکھو اوڑاتا ہے وہ ۔ تمہین راہ حق کی بھلاتا ہے وہ

وہ کہتا ہے ندرا نہ آسکے کہین ۔ نہ سستی کسیکو دبائے کہین

نہین مرد سے غیر بھنگی چارہ
گر وجی کا منظور ہے حشکم گرہ
کسی قوم سے اب نہ کر تو گریز
جو حق ہے دیانند کی رسم و راہ
وگرنہ کر ایسے گرو کو سلام
دیانند کی رسم جاری ہو گر
بس آئین نظر برن شنکر تمام
لکہا تیرے سوامی نے یہہ بیخبر
وہ کہتا ہے ویدون مین ہے یہہ لکہا
کرین شادی مرد اور زن ایکبار
شتر لوگونکو زنہار واجب نہین
ہے اب آریون سے مری یہہ ہی عرض
وہ کرتے ہین کیون شادی پہر دوسری
شترلوگون سے نام اونکا کٹ جائیگا
بس اب اونکی شودر مین ہوگی شمار
خلاف آریون کے ہے یہہ اونکا کرم
یہہ کرم اونکا وید کے ہے جب خلاف
ہدایت ترے سوامی کی ہے اک ور
لکہا ہے یہہ ستیارتہہ مین آو کیا
نہ سمجھیں شتر کی نام پر جسکا نام
ندی اور درختون پہ ہو نام گر

کرو اونہین شادی کی رسم اختیار
تو زنہار تو اب کسی سے نہ ڈرو
جو ہو قحدہ زن اور رنڈوہ جہیسز
تو ہر قوم مین کر تو اپنا بواہ
نکراوسکے چیلون سے ہرگز کلام
تو ہو جاے دنیا کی حالت دگر
رہے آریون کا کہین پہر نہ نام
کہ جائز نہین شادی بار دگر
کہ واجب نہین ہے بواہ دوسرا
نہ واجب ہے بار دگر زنہار
کہ شادی کرین دوسری وہ کہین
کہ تعمیل ارشاد اوپر ہے فرض
ہوئی حکم عدولی دیانند کی
دیانندی مذہب اولٹ جائیگا
شترلوگون مین ہوگا نہ اون کو وقار
خلاف آریون کے ہے یہہ اونکا دہرم
تو ہین لوگ سب اونکے لائق مگر اف
تو مردود کی ہے تو کر اوسپہ غور
بتا اسکا مطلب تو مجہکو ذرا
نہین ایسی دختر سے شادی کا کام
تو اوس سے بہی شادی تو ہرگز نکر

جہالت سے سوامی جی کی سربسر
رہی اونکو کچھ بھی نہ گھر کی خبر

سہا پدرشیت اونپہ آتار رہا +
استیارتھ جلوہ دکہاتا رہا

مگر اونکو کچھ بھی نہ آیا نظر +
رہے سوامی جی اسقدر بیخبر

غلط نامہ بھی اسے سب چھپ گیا
نہ سوامی جی کو ہوش مطلق ہوا +

گئے سال بھی چار اسکو گذر +
ہوا معترض اون پہ جب ہر بشر

تو سوامی جی نے تب یہہ نوٹس دیا
کہ کاتب کا ہے سہو اس مین ہوا

یہہ ہے سوامی جی کا سراسر دروغ
نہین جھوٹ کو ہوتا ہرگز فروغ

یہہ جھوٹ اونکا سب پہ تبھی کھلگیا
ہراک نے برا آگے پیچھے کہا

اگر آپمین اب ہو کسیکو کلام + +
تو آسان ہے تحقیق کا اسکی کام +

عبارت کو ستیارتھ کی وہ پڑہے
اور انصاف بہی اپنے دل مین کرے

جو رد و رعایت سے دل پاک ہو
نہ دامن طرفداری سے چاک ہو

تو ہو جائیگا اوسکو فوراً مبین +
کہ ہے جھوٹ سوامی جی کا بالیقین

دیانند جی کا یہہ فرمان ہے
کہ لو زن ہراک مرد و ہر ملک سے

ذرا اونکی تحریر پر غور کر + + +
ذرا اونکی تقریر پر غور کر +

ہدایت پہ اونکی ذرا کر خیال +
نصیحت کا اونکی سمجھ تو مآل +

ترے پیر کا صاف ہی یہہ بیان
عیان ہی یہہ مطلب نہین کچھ نہان

نہین یان پہ ہرگز ہے جائے کلام
نہین یان پہ تاویل کا کچھ مقام +

گرو کا ترے یہہ ہی ارشاد ہے
یہہ ہی اوسکے مذہب کی بنیاد ہے

لکہا اوسنے ہر ملک سے زن کو لو
قبول اوسکو ہر شخص سے تم کرو +

نہین آپمین مذہب کا بہی کچھ بیان
نہین قوم کی قید اصلا یہان

مسلمان یہودی نصارا جو ہو + +
ہراک قوم مین اپنی شادی کرو

مگر یاد رکھ ہے یہہ بالکل غلط ۔ دیانند کا کذب ہے ہر نمط
نہین وید اور شاستر کا یہہ بیان ۔ غلط وان ہی جبکو ہی ایسا گمان
لکھا شلوک جو برن کے باب مین ۔ وہ سوجھا ہے سوامی جی کو خواب مین
جو دیکھے اوسے کر کے تو چشم وا ۔ تو سمجھے کہ مطلب منو کا ہے کیا
تو دیکھے اوسکے ماقبل و مابعد کو ۔ نظر آئے مطلب منو کا ہے جو
سبب ہے وان ذکر انولوم پرتی لوم کا ۔ بر آتا نہین کچھ ترا مدعا
لکھا کرم سے برن ہے وان کہان ۔ ہے بالکل غلط سوامی جی کا بیان
ترے سوامی کی جعلسازی ہے یہہ ۔ دغابازی اور دہوکہ بازی ہے یہہ
کیا شرادہ مردونکا پہلے رقم ۔ پھر اوسکو غلط کر دیا اک قلم
غلط مردونکے شرادہ کو جب کہا ۔ تو لوگون نے یہہ عذر اون سے کیا
کہ لکہا ہے تمنے یہہ تفصیل سے ۔ مرون کے لئے شرادہ لابد کرے
لگے کہنے اپنے لکھے کے خلاف ۔ کیا قول سے اپنے کیون انحراف
کرین کون سی بات پر ہم یقین ۔ زبان ایک جب آپ ہی کی نہین
تو پھر سوامی جی نے سمجھ سوچکر ۔ کیا اشتہر وید کے بہاشیہ پر
کہ جو شرادہ مردونکا لکھا گیا ۔ وہ ستیارتھ مین سہو کاتب ہوا
کرین غور اسجا پہ اہل نظر ۔ یہہ ہے جہوٹ سوامی جی کا سر بسر
ہین ستیارتھ مین شرادہ کے صفحے تین ۔ مرے قول پر کر تو بالکل یقین
لکھا شرادہ کا کرم تفصیلوار ۔ وہان لفظ مردہ کا ہے سات بار
لکھین مردہ کے شرادہ کی خوبیان ۔ کئے فائدے سات اوسکے بیان
کیا سنسکرت اور بھاشا قسم ۔ بھرا ہر جگہہ لفظ مردہ کا دم
عزیزو ذرا غور کی بات ہے ۔ یہہ کاتب کی بھول اک کرامات ہے

تو دس بیس واعظ ملازم رہین — وہ ہر شہر مین وعظ کرتے پھرین

کرین جا کے ہر جا پہ قایم سماج — تو پھر دھرم کا کل جہان مین ہو راج

سماجون مین جب سکا یہ چرچا ہوا — تب اخبار والون نے یہ لکھدیا

کہ واقف ہوا اس سے ہر اک خاص و عام — حفاظت کا چندہ کی مشکل ہے کام

زر چندہ **منشی جی** کے نام کا — جو تحویل مین سوامی جی کی رہا ✤

ملا اونکو وہ بچپنے وقت ضرور ✤ — بتاؤ تو ہے اس مین کسکا قصور ✤

ہوا اک لاکھہ کا اب یہ چندہ اگر — رہے ہاتھہ مین سوامی جی کے وہ زر

وہ آسے اوسی کام مین بالیقین ✤ — یقین اسکا زنہار ہم کو نہین ✤ ✤

نہ آئی رقم لاکھہ کی پھر وہ ہاتھہ — رہی دل کی سوامی جی کے جی مین بات

## دیانند کی تحریرات پر اعتراض

رستیارتھ کہہ تو استیارتھ کو — غلط ہے لکھا تیرے سوامی نے جو

سے لکھے اوس مین مضمون وہ برملا ✤ — کہ آتی ہے کہنے سے جسکے حیا

دیانند مین تھا دیا کا نہ نام ✤ ✤ — دیالو سے ہوتا نہین ایسا کام

لکھا اوسنے گو بد وہ ذرا اب بتا — تھی کچھہ اوسکے دل مین دیا اور حیا

لکھا شرادھ مین پنڈ دو ماس کے — نہین آئین کچھہ وہ دوش اور پاپ ہر

لکھا گوشت کھائے نہ کوئی اگر ✤ — تو دنیا مین بڑھ جائینگے جانور

سے ہے یہ بھی دیانند جی کا کلام — اگر گوشت سے ہوم ہو صبح و شام

یہی ہے دیانند جی کی دیا ✤ ✤ — نہ آئی اونہین ایسا لکھتے حیا

اگر آریون کا یہی کام ہے ✤ — مسلمانون پر کیا پھر الزام ہے

گئی ایک مدت گذر اسکو جب
ہمین قرض دی تہی جنہون نے رقم ٭
وہ دھرمارتھ گر اپنا زر چھوڑ دین
ساہوجن سے نے پھر یہہ انہین لکھ دیا
دل وجان سے ہم کو وہ منظور ہے

**اودی پور** مین پایا یہہ عز و وقار
کبھی اونکی خواہش تھی لیل و نہار
طمع نے کیا جسکے دل مین کہ گھر
نہ ہوا اوسکا دل سیر اس سے کبھی
طمع نے کیا اونکے دل مین قیام
لکھا پھر یہہ سوامی جی نے زود تر
منوکا بچن اوسکو بتلا دیا ٭
منو مین بچن وہ کہین بھی نہین
بہت روپیہ پھر تو آنے لگا ٭
کوئی بمبئی مین جو تھا ساہوکار ٭
مگر یہہ کسیکو نہ ظاہر کیا ٭
رہے یہہ ہی فرمان جاری مدام ٭
بہت پنڈتون کو مین نوکر رکھون
کرین اس مین امداد خاص و عام
پھر اک اور فرمان جاری ہوا ٭ ٭
کہ ہو روپیہ جمع اک لاکھ گر

لکہا سوامی جی نے ساہوجن کو تب
وہ چاہین تو دین پنڈتین اونکو ہم
تو آجاے وہ وید کے خرچ مین
کہ بہتر ہے یہہ مشورہ آپ کا ٭
جو کچھہ آپکے خط مین مسطور ہے
ملے روپیہ نقد دان دو ہزار ٭
کہ آئے کسیطرح زر بے شمار
ملین اسکو ساتون ولایت اگر ٭
وہ چاہے ولایت ملے دوسری
لگی رہنے پھر خواہش زر مدام ٭
کہ سنیاسی کو دیجیے سیم و زر
گرو جی نے چیلون کو سمجہا لیا
دکہائے ہمین جوستا کہین
وہ چھاپہ ہزارون کمانے لگا
جمع کر دیئے اوسکے پینتیس ہزار
کہ ہے اسقدر دان مرا روپیہ
کہ ہو روپیہ کا اگر انتظام ٭
مدد وید کے بہاشیہ مین اوسسے لون
تو ہو وید کا بہاشیہ جلدی تمام
گرو جی نے چیلون سے یہہ ہی کہا
لگائیں کہین اوسکو پھر سود پہ

رئیسون کو چیلے بنانے لگے
گھڑی ہر گھڑی پاس رہنے لگی
قیام اونکا بنگلہ مین ہونے لگا
لگے گھمی ٹم ٹم پہ ہونے سوار
برہمن رسوئی بنانے لگا
پئین رات کو دودھ خود سیر بھر
ہوا چار پینے کا بھی اونکو شوق
وہ ہر دم گلوری چبانے لگے
جو کچھ تیرے سوامی کی گفتار ہے
ریاست کا سامان مہیا ہوا
کرین دوسرے شہر کو جب سفر
جو پھر آپ کا چھاپہ خانہ کھلا
کتاب آپکی وان پہ جو جو چھپی
مدد کو بھی زر خوب ملنے لگا
سماجون کو نوٹس دیا پھر شتاب
جو چندہ کوئی اسمین دہرما رتھ دے
جو دے قرض کے طور پر کچھ رقم
غرض سب سماجون مین چندہ ہوا
لکھے پانچ اور تین دے جو صفر
جو پھر پستکین بیاکرن کی چھپین
نہین قرض خواہون کو پستک گیا

ہر اک جا سے نذرانہ آنے لگے
وہ کانون مین کچھ اونکے کہنے لگی
دوشالے ہوئے زیب تن بے بہا
خدا نے دکھایا یہہ روز بہار
بہت عمدہ کھانے پکانے لگا
لازم کرین پانی پیکر گذر ٭
ہر اک چاٹ کا ہوگیا دلکو ذوق
رئیسون کی صورت بنانے لگے
کہان اوسکی مانند رفتار ہے
جو تھا دل مین ارمان وہ پورا ہوا
تو چیلون کو دین تار سے وہ خبر
تو قارون کا گویا خزانہ کھلا
تو قیمت بھی اوسکی اوٹھی چوگنی ٭
سب ارمان دل کا نکلنے لگا
کہ مین چھاپنی بیاکرن کی کتاب
عوض اوسکا خالق سے اوسکو ملے
اوسے پستکین دینگے بدلے مین ہم
وہ فی الفور سوامی جی پہ آگیا
ہو معلوم اس چندہ کا اوسکو زر ٭
سماجون مین وہ چوگنون سے بکین
نہ تھا عہد شکنی کا کچھ اون کو ڈر

اوسے دور جنگل مین جا کر کہین — چلے آپ چھوڑ کر بس وہین +
جنہین عقل ہے اونسے ہے التماس — کرین غور اندک یہان حق شناس
نہین کچہ سماجی سبھی مالدار + + + — بہت تنگ ہین اوسبے روزگار
نکمی کا جنہین استنے مقدور ہو — بجالائین حکم دیانند کو +
وہ مردون کو جنگل مین ڈالین اگر + — نتیجہ ہو کیا اسکا اے بیخبر
چرند اور پرند اونکا تن کہاینگے — کہین سے کہین گوشت لیجائینگے
سڑینگے بدن اونکے جب مہربان — تو بدبو سے ہوگا پریشان جہان
جہان ہیضہ صاحب کا ہوگا گذر — رہیگا نہ وان باقی نام بشر +
ہزارون ہی بیماریان آئینگی — وہ دنیا کو دم بھر مین کہا جائینگی
جہان لاشہ پر لاشہ ہوگا پٹا — کوئی کسطرح ہوگا اوسجا کھڑا
نظر خواب مین بہی جو آئے وہ جا — تو دم بھر مین غالب ہے جان ہو جدا
دیانند جی کا یہہ دیکھو شعور + + — سبب کس بات پر تم کو اتنا غرور
ہدایت یہہ سنیاسی کو سب پہلے کی — کہ رکھے نہ پاس اپنے زر کو کبھی +
زر و سیم سے رکھے ہر دم حذر — فقیری مین آتا ہے اس سے ضرر
کسی چیز سے وہ نہ الفت کرے — فقط اپنی رب سے محبت کرے
کرے شہر مین وہ نہ ہرگز مقام + + — درختون کے نیچے ہے لازم قیام
رکھے پارچہ اپنے تن پر خراب — فقیرون کو واجب نہین آب و تاب
کرے ایک برتن سے اپنا گذر — گداگر کو واجب نہین بیشتر + +
گرہستی جو فارغ ہون کہا کر طعام — تو بہکشا کی خاطر وہ جائے مدام
کیا خواہش نفس نے پہر جو زور — تو سوامی جی کے دہین آیا کچہ اور
لکہا تھا جو سنیاسی کو پیشتر — کیا اوس سے سوامی جی نے اب حذر

ذرا غور کر اونکی تحریر پر ٭ ٭
زنا کی ہدایت وہ کرتے ہین عام
کرین کب قبول اسکو اہل شعور ٭
اب اس بات پر بھی ذرا غور کر ٭
وہ ہم بستری دوسرے سے کرے
کہین حاملہ گو بھی پھر حمل ہو
دیانند کی بس یہی پند ہے
دیانند جی نے ہے یہہ بھی لکھا
کرے غیر سے وہ بھی حاصل پسر
سمجھ دلمین گر ہے تو مرد ذکی ٭٭
زنا کی سراسر ہدایت ہے یہہ
حیا کو بھی یان پر حیا آے ہے
ہو جوشش مرد سے ایک زن سرفراز
نہ غیرت مین فرق اوسکی آئے ذرا
ہے مذہب کو ایسے ہمارا اسلام
دیانند کی اودرشن اک دلیل ٭
دیانند جی کی ہدایت ہے یہہ
دیا آرڈر اوسنے یہہ کیا فضول
وہ کہتا ہے مردہ کو سمجھے نکے اگر
اگر روغن زرد اتنا نہ ہو ٭٭
ندی مین بھی اوسکو بہائے نہین

ذرا غور کر اونکی تقریر پر ٭٭٭
نیوگ اوسکا ظاہر مین کہتے ہین نام
دیانندیون سے نہین گرچہ دور ٭
کر شوہر سے ہے حاملہ زن اگر ٭
تو کیسے پسر دوسرا پھر جنے ٭٭
یہہ کیا خبط سوجہا دیانند کو
اسی پند سے وہ خردمند ہے
کر خاوند ہو جسکا زحمت رسا ٭
ہے ورثہ کا مالک وہ سخت جگر
دیانند جی نے یہہ کیا پند کی ٭
شریفون کے حق مین قیامت ہے یہہ
جو بے شرم ہے وہ نہ شرمائے ہے
رہے پھر بھی اوسکو درِ خلد باز
نہ شوہر کو ہو جائے شرم و حیا
نہین جسمین فرق حلال و حرام
جسے تنکے ہو شاد سمجھا عقیل
ہدایت نہین اک قباحت پر یہہ
نہین کرتے چیلے بھی جسکو قبول
تو گھی بیش سیر اوسپہ ڈالے بشر
جلائے نہ زنہار تو لاشہ کو
زمین مین بھی اوسکو دبائے نہین

# آغاز داستان

نیوگ ایک عورت کو اس مرد سے
لکھا ہے عزیزو دیانند نے

پتی مر گیا یا ہو بیمار گر *
تو پیدا کرے زن کسی سے پسر

گیا جسکا شوہر ہو پردیس کو
گذر جائے مدت مقرر ہے جو *

تو پھر زن کو حاصل ہے یہ اختیار
کرے وہ کسی شخص پر جان نثار

شمار اوسکو خاوند اپنا کرے
نہ دنیا کے لوگوں سے اصلا ڈرے

کرے اوس سے اولاد حاصل ضرور
نہیں اسمیں عورت کا ہے کچھ قصور

یہہ تحریر کا اونکی ہے اختصار
کروں کیا بیان اوسکو تفصیلوار

دیانند جی کا یہہ ارشاد ہے
دیانندی اس سے ہر اک شاد ہے

جب آجائے خاوند پردیس سے
تو اوس دوسرے شخص کو چھوڑ دے

رہے اپنے خاوند کے ہمرہ وہ پاس
نہیں اسمیں زنہار جائے ہراس

جو زن حاملہ اپنے شوہر سے ہو
دل اوسکا اگر چاہے تب مرد کو *

نیوگ اوسے کرکے وہ بے خطر
کرے پیدا اوسکے لئے اک پسر

مری عقل یاں ہر طرح دنگ ہے
دیانند جی کا نیارا رنگ ہے

دیانندیوں کا یہہ دعوی ہے آہ
کہ تھے عقل و دانش کے وہ بادشاہ

غرض اونکی بہبودی ملک تھی
وہ کہتے تھے دنیا سے رسم بدی

مگر میں جو کرتا ہوں کچھ دیکھیں غور *
نظر اسکے برعکس آتا ہے اور *

مجھے صاف ہوتا ہے یہہ آشکار
نہ تھی عقل سوامی جی کو زنہار *

نہ تھے عقل و دانش سے وہ بہرہ مند
نہ تھی سود مند اونکی زنہار پند

اگر تجھکو کچھ بھی ہے عقل و شعور *
تو سمجھا اونکا میں سمجھے اب ضرور

کتابون میں ہمارے ملک میں جھوٹے بیان
کرون سب کم وکاست مین انکو نقل
کرون سوامی جی کا بیان خوبیان
جو شاگرد اوسکے ہوئے بالیقین
دیانند کو کہتے ہین وہ رشی ❊
نہ معلوم ہے باپ کا اوسکے نام
کھلا حال اب تک نہ کچھ ذات کا ❊
کسیکی غرض کچھ نہین ذات سے
سو تحریر سے اونکی ہے وہ عیان
جو جبود مین ناگری سے مگر ❊
زمانہ کا دیکھا جو کچھ انقلاب
کہ ہو حق و باطل کی سبکو خبر
کرم اپنا مجھپر کرے اب خدا
رہے مجھپہ اوسکا ہمیشہ کرم ❊
جو صاحب مری مثنوی کو پڑھین
کہین راستی سے نہ ہرگز خلاف
غلط نظم مین میری پائین اگر ❊
مری مثنوی سے جو ہون شادمان
شروع اب مین کرتا ہون وہ داستان
کرے اسکو پرماتما اب قبول

ہوئے جس سے گمراہ خورد وکلان
تعصب کو زنہار ہے یان نہ دخل
کہ تا راز پنہان ہو سب پر عیان ❊
غرض حق و باطل سے اونکو نہین ❊
تھی بالکل جسے شاستر سے گمرہی ❊
نہ معلوم ہے اوسکا اصلی مقام
یقین مدعی کی نہین بات کا ❊
مگر سب کا مطلب ہی حق بات سے
کیا مین نے بھاشا مین بالکل بیان
رہے اونکے اوصاف سے بیخبر
لکھی مین نے اس سے پہلے ردو کتاب
کرے جھوٹی باتون سے ہر اک حذر
مری اوس سے ہے بس یہی التجا
نہ ہو مجھکو زنہار رنج والم ❊
نہ زنہار دور عایت کرین ❊
جو حق بات ہے وہ کہین صاف صاف
نہ ڈالین نظر اوسپہ اہل نظر
ستیارتھ پرکاش سے دو سرو نکو ہر آن
دیانند جی کا ہے جسمین بیان
تو ہو مدعا میرے دل کا حصول ❊

نہین ابتدا جسکی اور انتہا     نہین جسکا ثانی ہے اوسکے سوا
نہ دشمن ہے جسکا نہ محبوب ہے     جو کل خلق کا ایک مرغوب ہے
گدا جسکے گھر کے شہنشاہ ہین     اطاعت مین جسکی خود راہ ہین
مہ و مہر کو روشنی جسنے دی *     زمین بے ستون جسنے استادہ کی
زمین پر کیا جسنے بحر عظیم     ہین خاموش قدرت مین جسکی فہیم
نہ ہے وہ سفید اور نہ کالا ہے وہ     ہر اک رنگ سے لیکن نرالا ہے وہ
ہر اک گل سے ہے اوسکا جلوہ عیان     ہر اک خار کرتا ہے اوسکا بیان
وہ ظاہر ہے ہر جا پہ ہر جا نہان     عیان ہے ولیکن نہین ہے عیان
خرد ور ہے تو اور اگر ہوشیار     تو رہ اوسکے سجدے مین لیل و نہار
جھکا سر اوسیکو اگر عقل ہے     جھکا جسکے سجدے کو ہر نخل ہے
وہ ہے سب کے نزدیک اور سب سے دور     ہر اک شے سے ظاہر ہے اوسکا ظہور
جھکا سر اوسیکو تو اے مہربان     ملک سر جھکاتے ہین جسکو ہر آن *
مری اوس سے ہے بس یہی التجا     مجھے اپنا عرفان کر تو عطا
مین بندہ ہون اور تو ہے میرا خدا     مجھے بار عصیان سے جلدی چھڑا
جدا تجھسے ہون پر نہین ہون جدا     مرے دل پہ تو رنگ اپنا چڑھا
تعصب طرفداری آسے نہ پاس     خدا یار ہون مین سدا حق شناس
تعصب کا دل پر نہ آسے نشان     رہون حق کی تحقیق مین ہر زمان
قلم کو مرے زور کر دو عطا     کہ دشمن سے کہے مرحبا مرحبا
مری حق بیانی کی وہ دہوم ہو     عدو لغو گو کو کہے لغو گو * * * *
مری حق بیانی کا ہووے اثر *     کرے لغو گوئی سے دشمن حذر
سمجھانی دیانند کی اب لکھون     غلط گوئی کو اوسکی ظاہر کرون

اگر اپنے گرو کی پر ہوا ہے توفیق ایسا
کہ میری حق بیانی پہ نہین سستا دیانندی

بھلائی راستی مین ہے اسے منظور کر دل سے
نہ کام آئیگی کچھ مکر و ریا اصلا دیانندی

سمجھ لے دین و دنیا مین عمل ہی کام آئیگا
لکھا جو شاستر مین اوسکو مت جھٹلا دیانندی

قصیدہ یہ سنا سب کو اسیکا آج دے لیکچر
ہمیشہ اپنی محفل مین اسی کو گا دیانندی ٭

مطالعہ جو کتابون کا مری اک بار کر لیوے
پھر اوسکے سامنے ہرگز نہ آئیگا دیانندی

جگناتھ اب کوئی اردو مین لکھے مثنوی ایسی
کہ جسکو دیکھکر فی الفور ہو سیدھا دیانندی

# مثنوی

परमात्मा जयति

پربرہم کو سر جھکاتا ہون مین ٭ ٭
ادی سے دل اپنا لگاتا ہون مین

کیا جسنے پیدا زمین و زمان
ہوا جسکی قدرت سے کون و مکان

جو کل خلق کا ایک معبود ہے
جو کل خلق کا ایک مسجود ہے

نہین جسکے زنہار ماں اور باپ
ہے لیکن جو کل خلق کا باپ آپ

جو ہے جسم سے ہر طرح سے بری ٭ ٭
فرشتون پہ بھی جسکو ہے برتری ٭

نہین ہاتھ اور پانون سے جسکو کام
نہین آنکھ اور کان کا جسکے نام ٭ ٭

غلط ہین عقل مین تیری اگر بھاشا کتابین کل
کدہی اور کاسے کو لکھا برابر تیری سوامی نے
ریاضت سے رو گردان گرو تیرا خوشی اوسکی
خلاف وید تو شادی مکرر اپنی کرتا ہے
غلط تو کل کتابون کو سوا ویدون کے سمجھا ہے
نہین حق وراثت کی کہین تفصیل ویدون مین
دکھا تو سنگھتاؤن مین ذرا اوسکو بھی اب مجکو
وہی بلی ویشو کی جو کچھہ تیرے سوامی نے لکھی ہے
سپنڈ اور گوتر کا بتلا کہان ہے ترک ویدون مین
کہان تشریح ویدون مین ہے سولہ سنسکارون کی
یہہ لکھتا ہے گرو تیرا کہ مردہ کو جلائے جب
نہ ہووے گھی اگر اتنا تو ہرگز مت جلا اوسکو
ذرا انصاف کر دیمین اگر کچھہ عقل ہے تجکو
پڑینگے اسطرح مردے اگر دشت و بیابان مین
بس اب ان جھوٹی باتون مین نہ آئیگا کوئی ہرگز
ترے مرشد کی باتین لکھتے مجکو شرم آتی ہے
عبث دشنام دیتا ہے بھلا ہے تو کیون مجکو
خطائین سر بسر سرزد ہوئی ہین تیرے سوامی سے
کے دکھلائین ہم جو ہر بھلا اپنی طبیعت سے
مین سمجھاتا ہون آیا رہ کہین دہو کہا نہ کہا جاتا ؛
تعصب و طرفداری نے قبضہ کر لیا تجپہ

غلط تیرے گرو کی بھی ہوئی بھاشا دیانندی
وہی تیرا عقیدہ ہے کہ کچھہ بدلا دیانندی
اگر ست شاستر سے سچ کہہ ہے ثابت کیا دیانندی
تو پھر تو وید کا پیرو نہین اصلا دیانندی
تو بس ویدون سے کل مطلب نکال اپنا دیانندی
عدالت سے ہوا خارج ترا دعویٰ دیانندی
جو ہے ستیارتھ مین تفصیل جرمانہ دیانندی
دکھا ویدون مین تو مجکو جو ہے سچا دیانندی
تو شادی ہشت گانہ بھی وہین دکھلا دیانندی
پتہ وان ایک کا بھی تو نہین لگتا دیانندی
تو سست آثار گھی اور سیر تو کر سوا تا دیانندی
کہین جنگل مین جا کر دور بس چھوڑ آ دیانندی
جہان مین اس سے آئیگی بلا کیا کیا دیانندی
تو ہوگی نیست اور نابود کل دنیا دیانندی
کہ تیری لغو گوئی کا ہوا شہرہ دیانندی
کیا مجبور جب تو نے بڑا لکھنا دیانندی
اگر کچھہ علم رکھتا ہے تو سمجھہ آ دیانندی
تو پھر کس بات پر اوسکی ہوا شیدا دیانندی
کوئی اہل سخن ہم کو نہین ملتا دیانندی
پھرے ہے ہر گلی کوچہ مین بہکاتا دیانندی
غرض تحقیق سے اصلا نہین رکھتا دیانندی

غلط ہے داستان سومناتھ اوسنے جو لکھی ہے — کسی تاریخ مین در نہ مجھے دکھلا دیانندی
لکھا ہے رد بتی کو نہ وجہ بلدیو غافل سنے — غلط سمجھا جو کچھ سمجھا ترا سولا دیانندی
وہ تعین بلدیو کی مادر ہر اک ہندو پہ ظاہر ہے — بہت بھولا ترا مرشد بہت بھولا دیانندی
لکھا خود شراُدہ مردون کا غلط سمجھ اوسکو بتلا — وہ عالم تھا کہ جاہل تھا تو ہی فرما دیانندی
مسلمان اور عیسائی کی مانند اوسکو لکھا ہے — شکیبا اور شوہر کو جسنے نہین رکھا دیانندی
مگر سوامی جی دونو ہی کو اول کرچکے رخصت — کہون اونکو بھلا کیا مین تو ہی بتلا دیانندی
تو کہتا ہے کہ ہرگز باپ بن بھوگی نہین جیتا — خلاف اسکے کتابون مین تری لکھا دیانندی
نیوگ اپنی بہو بیٹی کو دس مردون سے بتلائے — پڑا ہے عقل پر پردہ تری یہہ کیا دیانندی
تو ہو پردیس مین اور زن پسر پیدا کرسکتی ہے — اگر دسنے ترے اچھا منتر سکھلایا دیانندی
جسے ہو حمل خاوند سے نیوگ اوسکو بھی جائز ہے — کرے پیدا نیوگی سے وہ اک بیٹا دیانندی
دوبارہ حاملہ کو حمل قایم ہو نہین ممکن ٭ ٭ — یہی بدھی تھی سوامی کی یہی ودیا دیانندی
زناکاری کی اس فرقہ مین بس تعلیم ہے بالکل — نکیون شیدا دل وجان سے ہو پھر اسکا دیانندی
نشان علم جب تونے کہا زنار کو عاقل ٭ — تو پھر کیون حکم کم سن کو دیا اسکا دیانندی
دیا شنکر کو بش کس نے لکھا دکھلا کہین مجکو — غلط ہے تیرے سوامی نے جو کچھ لکھا دیانندی
ندی پر نخل پر کشتر پہ ہو نام جس زن کا ٭ ٭ — بھلا کیون اوس سے پھر شادی ہے ناز یبا دیانندی
لکھی تعداد سوامی جی نے دنیا کے جو برسون کی — کرو دون ہضم کر بیٹھے تو کچھ سمجھا دیانندی
قدامت جسکی ہے یان پر اوسکو آریہ کہتا ہے — تو پھر کب آریہ جو تبت مین ہو پیدا دیانندی
لکھا سا کن کہین پرتھوی کو متحرک کہین لکھا — ہوا کیون ایسے غافل کا تو مت والا دیانندی
ہوا ہے منو کے جو دشا بد نون کی کہتا ہے — وہ بالکل لغو ہے ورنہ مجھے سمجھا دیانندی
لکھا ہے آچمن اور مارجن کا اوسنے جو مطلب — وہ کر ہون کے اوڑانیکو ہے اک ہو کہا دیانندی
لکھا پر اتما کا نام نارائن جب اوسنے خود ٭ — ترا سمجھا جو سمجھ اوسکو برا سمجھا دیانندی

परमात्मने नमः

# قصیدہ

عزیزو اک نیا فرقہ ہوا پیدا دیانندی
کریں ہیں شاستر کو اپنے عبث رسوا دیانندی

خزاں میں ہاسے کیوں تجکو ہوا سودا دیانندی
گریباں چاک کرتا ہے عبث اپنا دیانندی

بلائی گھوٹ کر بوٹی گروؔ نے کیا ترے تجکو
ہوا مدہوش دم بھر میں جو تو ایسا دیانندی

رشی منیوں سے کر منتوں میں خلاف دید کہدینا
نہیں یہہ کار شیطانی تو ہے پھر کیا دیانندی

گروؔ نے تیرے خود ستو بار مکتی کو لکھا ابدا
لکھا پھر لوٹنا وہاں سے یہہ کیا سوجھا دیانندی

لکھی روحوں کی پیدایش گروؔ نے دیکھ لے تیرے
پھر انکو غیر حادث اوسنے کیوں مانا دیانندی

لکھا ستیارتھ میں گو بدھ بھی اوسنے نا کیا کہیئے
لکھے ہندو کا بیٹا کب بھلا ایسا دیانندی

لکھا ہے گوشت سے ودوقت کرنا ہوم بھی اوسنے
بسا اب ایسی خوشبو سے تو گھر اپنا دیانندی

لکھے اوسنے بچن جن جن کتابوں کے حوالے سے
نہیں وہ اون کتابوں میں ذرا اشرا دیانندی

دکھا تو دید جو سچے ہیں بھلا تو منتر گایتری
شرتی چہاندوگیہ میں یہ دوئی مجھے بتلا دیانندی

سمت پانی شرتی ہرگز نہیں مانڈوکیہ میں ناداں
نہ منڈک میں پتہ اگنر یتہی کو کا دیانندی

منو میں شلوک وہ کب ہے کہ سنیاسی کو زر دیوے
بناوٹ تیرے سوامی کی یہہ ہم سمجھا دیانندی

لکھا پرہلاد کی جو کچھ تیرے سوامی نے گاتی سے
کہاں ہے بھاگوت میں وہ ذرا فرما دیانندی

لکھا اکرور کی نسبت جو کچھ ستیارتھ میں تیرے
اوسے بھاگوت میں تو کہیں بھی کھلا دیانندی

بچن تیرے گروؔ نے جو لکھا ہے کرشن کی بابت
سمجھ تو وہ شرومنی میں دکھا سکے گا دیانندی

شگوفہ دیانند
مصنفہ جگناتھ داس صاحب
مطبع گلزار احمدی میں چھپا

اس خبر کو موضوع نہ سمجہا تو یہہ خطا اونکی کچہہ علماء امت پر حجت نہیں اور جیسا اونہون نے سلسلہ
رواۃ خبر کا نہیں لکہا بلکہ معترف ہوے کہ سلسلہ رواۃ کا ضعیف ہے پس ایسی خبر ضعیف کو
اگر ازراہ خطا اونہون نے معتبر بھی سمجہا تو بھی ایسی بیہودہ خبر جو کہ بالاصل ضعیف و منافی اہل اعتبار
نہیں لایق اعتبار نہیں ہوسکتی اون کو زیادہ علم والی اور اہل فضل جو فن تحقیق حدیث و تفسیر مین
دستگاہ رکہتے ہین پس خبر کو غیر قابل اعتبار بدلایل قویہ لکہہ چکے ہین پس مجرد قول شیخ [illegible]
کا ہر آئینہ حجت نہیں بلکہ خطا کیا اجتہادی ہے اور لکہہ دینا نام عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس کا آخر
سلسلہ مین کچہہ مفید نہین جب تک کہ سلسلہ کل رواۃ کا مذکور نہو اور سب رواۃ کو وثوق
و عدالت و ضبط پر اطمینان نہو تب تک صرف لکہہ دینے سے نام کسی راوی معتبر کو آخر سلسلہ
مین کوئی خبر مطابق ہماری اصول کے معتبر نہین ہو سکتی غرضکہ یہہ خبر نامعتبر ہے اور ہمپر کچہہ حجت نہین
اگرچہ شیخ عبد العزیز دہلوی کے اعتراضات کا جواب بہت تصریح کے ساتھہ دیا ہے لیکن جب
ہمارے نزدیک مطابق اصول ملت اسلامیہ کے یہہ خبر معتبر ہی نہین تو ہمکو اوسکی طرف کچہہ توجہ
اور التفات ضرور نہین ہرچند کہ شیخ عبد العزیز نے بعض دلایل عدم اعتماد خبر مذکور کی کچہہ توجیہات
کی ہین مگر سب توجیہات خلاف اصول ہین اور ایک دلیل بھی انکی توجیہات سے مجروح اور
مخدوش نہین ہوئی **جواب** یہہ امر کہ سوا خبر صحیح و مسند و متصل کے جسقدر اخبار ہین
وہ ساقط الاعتبار ہین کہین مذکور نہین ہے اور یہہ مذہب محمد علی بلکہ جمہور محدثین منظور نہین اگر اونکی
ابکار افکار اہل اصول و فروع پر منتج ہوتین تو کس واسطے ہر قسم کی احادیث پر مشتمل اہل سنت
کی صحاح ہوتین دیکہو ترمذی و ابو داؤد وغیرہ مین عزیز و غریب و منقطع وغیرہ ہر قسم کا قول
آیا ہے اور منکر کے منہ پر فوارہ ہول لگایا ہے جبکہ صحاح ستہ مین ہر نوع کی حدیث داخل ہے تو معلوم ہوا
مسند و متصل و صحیح کے دوسری قسم کی حدیثون میں انکا بہت استعمال ہے اگر آپ سچے ہین تو نام کتاب
اصول لکہو اور اوس عبارت اوسکی منقول کیجیو اہل اصول نے تو صراحت سے [illegible] احادیث
بیت موضوع کے سوا ہر قسم کی حدیث پر اعتماد کیا ہے اگر حسن و غریب وغیرہ محدثین کے

نہین لکہا امام فخر الدین رازی عالم نامدار ہو اور راوی کی تحقیق پر آپ کا مدار ہو تو آپ نے تفسیر
کبیر مین لکہا ہے کہ یوسف نے اپنی مالک سے اتصال آشکارا کیا اور نزول انزال کنارہ کیا
ہ کبیر فخر رازی ہاتھ مین لے بہتر اول چاہیے کہ دور کر دے ہ اگر فخر الدین رازی
علم و فضل مین افزون ہوتا تو کسواسطے آپ کے مخدوم مولوی روم کا مطعون ہوتا اگر
تحقیق حدیث کا راوی کی رائے پر مدار ہوتا تو کیونکر تفسیر کبیر احادیث ضعیف و موضوع
وغیرہ کا انبار ہوتا پھر اس فقرہ مین ایک لفظ غیر قابل اعتبار مرقوم ہے جس کو سود الحباب
کی فصاحت مثل آفتاب نصف النہار معلوم ہے اس خوبیانی پر ادعا فصاحت کہ وقاحت
بالاے وقاحت ہے **قولہ** یہ مجرد قول شیخ عبد العزیز کا ہے آئینہ مبنی بر خطاے اجتہادی ہے کہ فقط مجرد
قول شیخ عبد العزیز ہی نہین ہے بلکہ اکثر عالم و فاضل ہین کہ یکے از ان صحابی ہاروت و ماروت
کے قایل ہین نام انکے حاکم و ابن جریر و ابن ابی حاتم و بیہقی و امام احمد و امام زاہد ہین اور
ایکے سوا اور بہی بہت محدث اور مورخ و مفسر گناہ ہاروت و ماروت کو شاہد ہین یہ لوگ آسمان
دین کے ستارے ہین اور علم و فضل مین قاضی و رازی سے بڑہکر ستارے ہین یہ اشخاص دانا اسرار
نہانی ہین اور مشکل کشاے آثار معانی جبکہ محمد علی نے اسقدر اکابر اسلام کی تکذیب کی تو اس کلام
دین محمدی کو انہدام کی ترکیب کی **قولہ** اور لکہدینا نام عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس
کا آخر سلسلہ مین کچھ مفید نہین الخ اگر آخر سلسلہ مین صحابہ کا نام لکہدینا فایدہ مند نہین ہے تو پایہ
مشکات و مشارق الانوار بہی بلند نہین ہے کیونکہ ان کتابون مین بہی سلسلہ و از نام رواۃ معلوم
نہین ہے اور کسی راوی کا وصف اور وفات معلوم نہین شیخ عبد العزیز نے سنن بیہقی و مسند امام
احمد وغیرہ سے قصہ ہاروت و ماروت لیا ہے اور ان ہی کتابون کا آخر مین ثبوت دیا ہے اگر ان کتابون
مین سلسلہ رواۃ بلا کم و کاست مذکور ہے تو البتہ شاہ عبد العزیز کی بات درست ہے اور جبکہ منکر حسب
بطرف انصاف التفات ہوگی یہ خوبی تحقیق حال رواۃ ہوگی مطلب اسکے سنن بیہقی و مسند امام و تفسیر
ابن جریر وغیرہ مین سلسلہ وار رواۃ کے نام مذکور ہین اور ہر ایک کو نیک بد کا تمیز ہوتا ہے

خبر کا نہین لکہا الخ جبکہ شاہ عبد العزیز نے سلسلہ رواۃ کا نہین لکہا تو وہ کس کے ضعف پر
معترض ہوا یعنی کسی راوی کے ضعف پر اوس نے اقرار کیا اور کسی کا قول استوار کیا
علاوہ اس کے اگر کوئی محدث یا مفسر اصل کتاب سے نقل خبر کرے اور سلسلہ رواۃ سے قطع نظر
تو نفس حدیث مین ضعف نہین آتا بر تقدیر یکہ سلسلہ رواۃ کے نہ لکہنے ہی سے ضعف آجائے
تو ضعیف ترین احادیث مجموعہ مشکات و مشارق الانوار ہے کہ ان کتابون مین کسی
روایت کا سلسلہ رواۃ مذکور نہین ہے مشارق الانوار و مشکوۃ چہ دارد نہین ہے کسی
روایت کے کل راویون کی شمار کر لیجے اور عہدہ جواب سے ایک بار برآئیے اگر فرض کیا جائے
کہ عبد العزیز نے سلسلہ رواۃ کے ضعف پر اعتراض کیا تو خبر ہاروت و ماروت اونکے
نزدیک ضعیف ٹھیری پہر تم کس منہ سے کہتے ہو کہ اگر شاہ عبد العزیز نے از راہ خطا اجتہادی
کے اس خبر کو موضوع سمجہا تو یہ خطا اونکی علمائے امت پر حجت نہین فقط کیونکہ ضعف
خبر اور بات ہے اور وضع خبر اور چیز ہے یہان سے ظاہر ہوا کہ محمد علی کو حدیث ضعیف و موضوع
مین فرق معلوم نہین ہے اور تفاوت غرب و شرق مجزوم نہین **قولہ** پہر ایسی خبر ضعیف کو
اگر از راہ خطا اونہون نے معتبر بہی سمجہا الخ اگر شاہ عبد العزیز خاطی ہے تو محمد علی کی بے
احتیاطی ہے کہ پہلے اس سے کسو اطلاع اوسکو پہر معان کرتا اور کس لئے اوسکی تقریر کو تفسیر
قرآن مانا ہماری بہی یہی رائے ہے کہ جسقدر مسلمانون کے بزرگوار ہین بالکل خطا پر
سوا ہین محمد علی نے پیشتر نہایت بہول کی تہی کہ اہل خطا کی اطاعت قبول کی تہی ۔
**قولہ** آدم کو زیادہ علم والا اور اہل فضل جو فن تحقیق حدیث اور تفسیر مین دستگاہ رکہتے
ہین الخ علم و فضل کے زیادہ ہونے پر تحقیقات کا مدار نہین ہے بلکہ کسی بات کا اعتبار نہین
سب سے زیادہ علم والا عزازیل تہا جو کہ معلم جبرئیل و میکائیل تہا اوس نے طریق لعنت
انجام کار لیا اور تخم خانہ بغاوت سے جام سرشار پیا پہر شاہ عبد العزیز سے قاضی وغیرہ
زیادہ علم والے تہے اس مین کوئی دلیل کاشف اسرار نہین ہے اور کوئی گواہ واقف کار

شاملک پنجم مین بھی ہے اوسکی عبارت یہ ہے اور تمام ان عبارات انکو پہلے دیباچہ مین فقرہ فقرہ کرکے
درمیان سادہ نحو کا انتخاب ہے اور تمام اوسکا فہرست کتاب گیتا ہی ہے عبارت کے دیا
ہے مانند جسکا ذات شری کرشن بھگوان ہے بہ تقدیر یکہ پانچ ہزار برس بعد لکھی تو بھی قرآن
کہ اوسکی کوئی بات الہام کی بابت نہین وہ تین زمانہ کا حال بالتمام جانتے ہین اہل حق اونکو صاحب
الہام مانتے ہین غرضکہ گیتا مثل روایات زبانی نہین رہی اور مانند آیات قرآنی نہین جو کہ گیتا
کا راوی ہے وہ واقف بہوت اور بہادر ہے صاحب کرامات و الہام ہے اور روایا تکو اسرار آغاز
انجام اوسکے لیے کوئی دشواری نہین ہے اور وہ مانند مسلم و بخاری نہین صدہا سال کی بات
کو سن و عن جانتا ہر ایک کا کام نہین ہے اور ہر شخص صاحب جی و الہام نہین پس محمد علی کسو طرح
کہتا کہ اپنی ملت کی روایات مجہول پر قیاس کرتا ہے اور کیونکر سایہ سے نور کا اقتباس کرتا ہے
اب مخفی نہ ہے جسکا نام مہابھارت ہے اور جسکی طوالت کے ساتھ عبارت ہے وہ کل معتبر نہین ہے
اور از اول تا آخر تصنیف بیاس جی نہین واضح ہو کہ جب عمدہ محمد علی نے شکست فاش مین احادیث محمدیہ کی
نسبت گفتگو کی تھی یہان تک ہے اور اوسکو فقرہ فقرہ کا برنگ نیرنگ ثبوت رد کیا اور منشا دینا لن
گناہ ہاروت و ماروت صاحب کیونکر مولوی جی کی پیشانی بکر فکر و ربا آتی ہے اور شاخ قلم
سے سبب ترکہائی کے یعنی حصہ سوم سوط الجبار کی زیر قلم باقی عبارت لیتا ہون اور
مسلمانون کو وہ اطمینان دے عصمتی ہاروت و ماروت کی بشارت دیتا ہون **سوط الجبار**
چنانچہ خبر کا اصول ہمارے اصول مین بہت تشریح کے ساتھ مذکور ہے پس ہر گاہ سلسلہ اس خبر کا متصل
اور مسند اور صحیح نہین اور صحاح ستہ مین اس خبر کا کچھ نشان نہین پس ہمارے علماے متکلمین اور
محدثین اور محققین نے صراحت تکلم کیا ہے کہ یہ خبر نہایت لایق اعتبار کے نہین خود شیخ عبد العزیز
جو اس خبر کو اپنی تفسیر مین لائے ہین حضرت واسطے ہین کہ رواۃ اس خبر کے ضعیف اور مجہول الحال
ہین اور نہ وہ سکتے ہین کہ محققین امت نے اس خبر کو تسلیم نہین کیا اور اونہون نے دلایل
موضوع ہونے اس خبر کے بھی تحریر کئے پس بالفرض ہم اگر اونہون نے اسے راہ خطاے اجتہادی کے

کہ روز اول ہی سے رواۃ احادیث کو درہم برہم کر دیتے تھے اور اپنی خواہش کے موافق تحریر و کمی
بیشی کا اہتمام رہتا اور اسی واسطے آنحضرت صلعم کی وفات سے سو برس بعد تو جعلی حدیث
کی دھوم دھام ہو گئی تھی اور اصل سیرت محمدی معدوم الایام اسی واسطے عمر ابن عبد العزیز بسبب
خلافت غالب ہوا اور ابو بکر ابن محمد ساکن مدینہ کو تحریر حدیث کا طالب ہوا چنانچہ کتب
عمر ابن عبد العزیز الی ابو بکر ابن محمد ان انظر ما کان من حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم او سنۃ ماضیۃ او حدیث عمرۃ بنت عبد الرحمن فاکتبہ فانی قد خفت دروس العلم و
ذہاب اہلہ حاصل آنکہ عمر ابن عبد العزیز نے ابو بکر ابن محمد کو لکھا کہ تلاش کر جو کچھ حدیث محمد
رسول اللہ کی یا اونکی سنت کی ہو یا عمرہ عبد الرحمن کی بیٹی کی جو حدیث ملے اوسکو تحریر
کر کیونکہ میں ڈرتا ہوں کہ علم حدیث مٹ جائیگا اور راوی لوگ سب جاتے رہیں گے فقیہ بیان
سے واضح ہوتا ہے کہ جب تک روایت زبانی کی کتابت نہیں ہوتی خاطر خواہ الفاظ و
معانی کی حفاظت نہیں ہوتی بالضرور کمی بیشی الفاظ و مطالب ہوتی ہے اور افراط و تفریط
ہر دو جانب آتی اسی واسطے عمر ابن عبد العزیز نے رسم تحریر پسند فرمائی اور راہ تبدیل و تغیر بند
کرائی روز اول سے احادیث محمدیہ میں کمی بیشی کا انسداد نہیں ہوا اور اہتمام ضبط روایت
حسب مراد نہیں ہے میاں محمد علی کی حماقت ہے کہ اپنی ملت کی روایات مجہولہ پر افتخار
کرتے ہیں اور دل میں مضحکات نامعقول پر نثار عیب کو ہنر جانتے ہیں اور خرافت ریزہ
کو گوہر جانتے ہیں خار کو گل کہتے ہیں اور حمار کو گل **قولہ** علاوہ بر آن لالہ جی فرماتے ہیں کہ
کرشن گیتا جو زبان کرشن جی سے عین وقت کارزار صادر ہوئی الخ جو کہ گیتا کی جا
ہیں وہ بنیاد ضلالت و جہالت کے قامع ہیں حق شناس مشہور ہیں اور بنام سیکر
مذکور صاحب الہام و کرامات ہیں اور دعا مستجاب الدعوات انہوں نے سنجوگ کے لیے
دعا مانگی تھی اور جناب باری نے قبول کی تھی کہ اس لڑائی میں جو کچھ سنجوگ سانح
ہوگا وہ سنجے کی راے پر بالکل واضح ہوگا کوئی سانحہ پوشیدہ نہ رہیگا اور سنجے سارا حال

سنی جو ذریعہ دیر تر اس کا جانب مخالف کا تہا اوس وقت فتح مین درج دین کر سکتا یہہ
ممکن نہین ہین کہ اوس نے اون سے اس بحر طویل کو جیسا کہ چاہیے تہا سنا ہو اور تسوید و تنقیح کو ہمین
وقت صدور بالبدیہہ یاد رکہا ہو لاجرم ہمارا ایک زمانہ طویل کے ضبط تحریر مین آنے کے سبب اس
کلیلالحجی کی موافق لازم آیا کہ مراتب عبر تغیر ہو **جواب** اب تک آپ نے ضبط روایات
مین بہت تسامح نہین ہوا کہ اور شہادت انسان ایسی زمین اصلا اس لاف طولانی کا اعتبار
نہین ہے اور کوئی آپکی بکر فکر خاندانی کا خریدار نہین اگر مسلمانون کے یہان ضبط روایات
مین اہتمام ہوتا تو کسواسطے احادیث محمدیہ مین اختلاف تام ہوتا کسواسطے شیعہ نتیجہ کرتے کہ صحاح ستہ
سنیہ مین اہل بیت سے راوی نہین ہین لہذا حدیثون کی نسبت سنیون کی کچہ وعادی
نہین ہین کسواسطے سنی کہتے ہین کہ شیعون نے اپنی حدیثون مین چونکہ خلفا ثلاثہ پر لعنت مباح
کی ہے لہذا کہ سنت کے نیت سفاح کی ہے کسواسطے بخاری نے سو لہ ہزار حدیثین از بر یاد کین اور
کسواسطے اپنی کتاب مین چار ہزار اون مین سے چہانٹ کر ایراد کین کسواسطے بخاری نے کتاب تاریخ
مین اپنی خواب مذکور کی اور اخیر وقت مین حدیث کی صورت خراب سطور کی کسواسطے بخاری
نے اول چہ لاکہہ حدیثین تلاش کین اور بعدہ صرف چار ہزار اپنی صحیح مین قائم کین اگر ضبط
روایات مین روز اول سے اہتمام ہوتا تو سیرت محمدی مین اسقدر خرابی راہ نپاتی اور
حدیثون مین کمی و زیادتی نہوتی بلکہ جتنی حدیثین اصلی تہین وتنی ہی اول سے آخر تک رہتین
سعد ابن ابی وقاص نقل روایات سے کشیدہ نہوتا اور افراط و تفریط رواۃ سے رنجیدہ نہوتا حالانکہ
اوس نے نقل روایت سے مدام انکار کیا اور اخیر وقت کے رواۃ کو بسبب افراط و تفریط کے الزام
آشکار دیا چنانچہ انہم دخلوا علی سعد ابن ابی وقاص فسئل عن شئی فاستعجم فقال انی اخاف
ان احدثکم واحدا فتزیدوا علی الا مایۃ حاصل آنکہ جب انہون نے دریافت کیا تو جواب نہ دیا
پہر کہا کہ مین ڈرتا ہون کہ اگر مین تمکو ایک بات کہون تم میرے اوپر سو باتین بنا لوگے فقط یہ
سعد ابن ابی وقاص ہم عہد رسالت مآب تہا اور وہ اہل صحابہ سے ہے یہان سے معلوم ہوا

ایک سو پچاس برس بعد تصنیف بیاس جی کے گیتا بہی انکے درمیان ملحق ہو کر کتب
مشہور ہو گیا گیتا کے بہی صاحب راوی نہین ہین کہ بید اون و قرآن کے ساتھی نہین شنو پران
وغیرہ مین نام بیاس کا موجود ہے مگر واقعکا ثبوت نہین ہے البتہ بہاگوت وغیرہ کو نام بیاس جی سے
جاری نہین ہین چونکہ محمد علی نے رسالے پرانان کو بطرف بیاس درست منسوب کیا ہے تئین اہل دانش
مین بلا ثبوت منسوب کیا اس شخص کا یہی قاعدہ ہے کہ ہمیشہ دوسرون بات کہتا ہے اور اپنا مال
مات رہتا ہے چونکہ یہ اکثر اہل حدیث و قرآن کی تحریر سالہا سال ہے لہذا ساقط الاعتبار
از ابتدا تا حال ہے اب کہ کن درگاہ ایزدی مین شکر گذار ہون کہ الزام محمد علی ادہی کی گردن
کا ثابت ہوا **قولہ** باین ہمہ لالہ اندرمن اون سب کو بلا کم و کاست **مع** ناتحریر مین فقط کیون
جھوٹ بولتے ہو کسو اطلی سے ان زبان مین سیلک کی جھوٹ تولتے ہو تم فوراً دروغ زنی کر کے اپنے
تئین ملعون کیا مضمون آیت لعنۃ اللہ اپنے حق مین موزون کیا گو پران رتبہ مین قرآن سے زیادہ
ہے اور لوگون کو اوس سے فی الجملہ فائدہ متصور ہے مگر ہم نے اوسکو کبہی معتبر نہین مانا اور پران خوان
کو بہتر نہین جانا بلکہ کہین کہین پران سے دلیل و ہنار انکار کیا ہے جیسے کہ سر قران سے تاج اعتبار اوتار
لیا ہے رسالہ حملہ ہند و تحفۃ الاسلام کا مشاہدہ کیجیے اور پادری و مصام کا ملاحظہ اصل مطلب یہ
ہے کہ جو روایت تا مدت بسیار زبانی رہی ہے وہ مانند کے اعتبار کہان رہی ہے مسلمانون ہی کی
تخصیص نہین ہے ہر ایک مذہب مین زبانی روایت کا یہی حال ہوتا ہے فقرہ فقرہ مین افراط
تفریط کا احتمال ہوتا ہے اب پہر میان جی اپنی قدیمی جہالت آشکار کرنے لگے ہین اور طور روایت اختیار
یعنی راہ اختصار کی پیروی ہین اور درمیان چلہ تکرار کے گر رہین **شکست فاش**
اہل اسلام مین جو اہتمام ضبط روایات کا ابتدا سے ہے کسی دین و ملت مین نہین ہوا اس لیکے
اور ملت والون کی حماقت ہے کہ ہماری روایات مستندہ کو اپنی روایات مجہولہ پر قیاس کرتے
علاوہ برآن لالہ جی فرماتے ہین کہ کرشن گیتا جو زبان کرشن جی سے عین وقت کارزار مین
صادر ہوئی ہے کیا یقین واضح ہو کہ اوسوقت ضبط تحریر مین نہین آئی اور راوی اوسکا جو

دنیا سے مضمون رہتا ہے بجنسہ وہی مطلب و مضمون رہتا کسو طرح اپنی اپنی صنعت جاری
کرنے اور کسو طرح طرح کے نسخے جاری اب میاں جی گال بجاتے ہیں اور بے سر و تال گاتے ہیں یعنی
احادیث محمدیہ کو آلہا کے راگ سے تشبیہ دیتے ہیں اور راہ تصدیق (الخبیثات للخبیثون)
بہہ لیتے ہیں **قولہ** اور بعض بعض ناخواندہ لوگوں کو اب بھی دیکھتے ہیں کہ افسانہ طویل مثل
قصۂ آلہا وغیرہ اونکو ایسے یاد تھے اور یاد ہیں کہ تا دم مرگ نہ بھولا اور نہ بھولیں گے فقط (دیکھتے ہیں)
اور (یاد تھے) میں مناسبت نہیں ہے کہ زمانہ حال و ماضی میں مطابقت نہیں محمد علی جیسے کہ
فارسی میں غلط گو ہے ویسے ہی بے خبر از قواعد اردو ہے ؎ پیری و چون طفل نادانی ہنوز
فارسی اردو ندانی ہنوز ۔ جو شخص اردو میں کودن ہے وہ آمادۂ مقابلۂ کعبہ کیونکر ہے اگر دنش
آلہا کے گانیوالوں کی زبان سے وہ قصہ سنا جاوے تو ہر ایک کا جداگانہ آغاز و انجام ہوگا
دنیں ہی طرح پیرا انداز و ملازم ہوگا ایسے طرح جو بات کہ بے بنیاد ہوتی ہے اوسکی شان میں کہتے
ہیں کہ یہ تو آلہا کا راگ ہے میاں محمد علی کی یہ دھرت بہت بجا ہے بلا شبہ احادیث محمدیہ
مانند قصۂ آلہا ہے یعنی جیسے کہ قصۂ آلہا کا سر و پا نہیں ہے ویسے ہی صحاح ستہ کی بے بنیادی میں
سخن نہیں ہے شکر خدا کہ میاں محمد علی کی زبان پر کلمۂ حق جاری ہوا جس سے بطلان مسلم و
بخاری ہوا **قولہ** قصۂ مہابھارت و سایر پران باوجود اسقدر طوالت مالا کلام کرشن کی
نو سوت سے اور سوت نے بیاس سے سنکر نقل کیا فقط غلط محض ہے کیونکہ مہابھارت خود بیاس
نے بنائی اور اپنے ساتھ قرطاس پر لکھائی اوسکی صرف چوبیس ہزار شلوک کی ضخامت ہے
جس سے واضح ہے پانڈوں کی شجاعت اور کرشن کی کرامت ہے اوسکی روایت زبانی
نہیں ہوئی اور نسل بنسل بیان سماعی نہیں جیسے مہابھارت کے لئے رواۃ کی ضرورت
نہیں ہے تو بیل آفتاب کے لئے مشکوٰۃ کی ضرورت نہیں چنانچہ خود مہابھارت کے پہلے ادھیاے
میں مذکور ہے کہ جسوقت بیاس نے مہابھارت نامی چوبیس ہزار اشلوک بنائی اپنے شاگرد شکدیو کو
پڑھائی اوسی وقت شاگردوں کو یاد کرائی اور کاغذ پر اندراج فرمائی اوسکے پہلے ادھیاے کے شلوک

کی ایک آیت جسکو مین حضرت کی منہ سے سُنا کرتا تہا بارہ مرقوم نہین پایا کسیکو مطلق نہین تہا
تلاش کی تو خزیمہ بن ثابت انصاری کے پاس پائی لیکن وہی مسودہ تین بلا اوراس ملا کی
تمام سرگذشت صحیح بخاری مین مفصل لکہی ہے اوس مین سے چند فقرے یہہ ہین قال ابن شہاب
فاخبرنی خارجہ بن زید بن ثابت انہ سمع زید بن ثابت قال فقدت اٰیۃ من الاحزاب حین
نسخنا المصحف قد کنت اسمع رسول اللہ یقرا بہا فلتمسناہا فوجدناہا مع خزیمۃ بن ثابت الانصاری
من المؤمنین رجال صدقوا ما عاہدوا اللہ علیہ فالحقناہا فی سورتہا فی المصحف یعنی کہا ابن شہاب
نے پس خبردی مجکو خارجہ بیٹے زید بن ثابت کے نے یہہ کہ سنا زید بن ثابت سے کہ کہا نہ پائی مین نے
ایک آیت سورۂ احزاب مین سے اوسوقت کہ نقل کیے ہمنے مصحف تحقیق سنا کرتا تہا مین رسول
خدا کو کہ پڑہتے تہے اوسکو پس تلاش کی مین نے وہ آیت پس پائی مین نے وہ آیت پاس خزیمہ بیٹے ثابت انصاری کے وہ
آیت یہہ ہے من المؤمنین رجال صدقوا ما عاہدوا اللہ علیہ پس ملا دی ہمنے وہ آیت درمیان سورۂ
احزاب کے مصحف مین فقط یہان سے جانا جاتا ہے کہ یہہ آیت وقت ابوبکر مین داخل قرآن
نہین ہوئی کیونکہ خلافت عثمان مین زمانہ ابوبکر کے لکہے ہوئے قرآن سے مصاحف نقل کرائے
گئے تہے اور یہہ امر صحیح بخاری کی حدیث مذکور کے باقی فقرات سے بخوبی ثابت ہے اگر عہد ابوبکر
مین زید بن ثابت آیت مذکور کو تلاش کرتا تو خلافت عثمان مین کسواسطے اوسکی تلاش کرتا
بلاشبہہ وقت ابوبکر مین زید بن ثابت نے اوسکو داخل کتابت کیا اور شامل سورۂ احزاب
نہ خلافت عثمان مین جسوقت زید بن ثابت کو اوسکی یاد آئی فی الفور جستجو کرکے حوالۂ قلم
کیا او فرمائیے پس معلوم ہوا کہ جب تک کتابت روایت نہین ہوتی حفاظت غایت نہین ہوئی
جسوقت سے کہ قرآن مکتوب ہوا محفوظ از تصرف خوب ناخوب ہے اچونکہ بعد انتقال پیغمبر دو تین
سال بے کتابت رہا مجموعہ کمال آفت رہا فی الحال قرآن مین جسقدر اختلاف قاریوں کے
جاری ہین لا کلام اوسی آفت سے پیدا ہوئے ہین وہ جاری ساری ہین اگر محمد صاحب اپنے حین حیات
قلم و قرطاس تیار کرتے تو میدان قرآن مین پائے تصرف سائر الناس نگار کرتی تا ابد

سے بیان ہے اگرچہ اہل فارس بھی مطلق میدان استعمال کرتے ہیں مگر آپکا یہ بیان ابطال کرتا ہے
ہین یعنی سب متفق ہوکر کہتے ہین کہ جو کوئی لفظ عرصہ بمعنی زمانہ لاتا ہے وہ ہر طرف سے تازیانہ
کہاتا ہے اب سیاحی کی خرابی ہے کہ انہون نے قریب سنو جگہ کے سوط التجار مین لفظ عرصہ بمعنی
مدت و زمانہ تسلیم کیا ہے آیندہ اپنی تئین شایان تازیانہ تسلیم کیا ہے جس وقت ہم جملہ مقامات
لفظ عرصہ بمعنی زمانہ نقل کرینگے تو مصنف سوط التجار کی پشت پر بہت مار تازیانہ کی پڑیگی
**قولہ** کہ بڑے بڑے خطبے اور بڑے بڑے قصاید ایسے زبانی یاد رکہتے تہے الخ محض غلط ہے کیونکہ بقول
آپکے جسقدر انسان ہین مرکب از سہو و نسیان ہین پس یہ کہنا کہ اکثر اشخاص ایسی انسانی حافظے
رکہتے تہے کہ بڑے بڑے خطبے بلا کم و کاست زبانی یاد رکہتے تہے لاف حولانی ہے اور برعکس عادت
انسانی اکثر اشخاص کا تو ذکر کیا ہے صحیح بخاری مین لکہا ہے کہ عمر بن خطاب کو آیت تیمم یاد
نہ تہی اور حافظ خلافت مآب نے امداد نہ کی تفسیر کبیر مین فخر الدین رازی نے لکہا ہے کہ ایک
عورت نے حضرت عمر کو خاموش کیا تہا کہ انہون نے آیت (آتیتم احدهن قنطارا) کو فراموش
کیا تہا چونکہ یہ دونون سرگذشت رسالہ صمصام ہندین تفصیلاً منقول ہین او محمد علی کے
اندک بسیار قبول ہین لہذا زبان تفصیل بند ہے اور عنوان تقلیل پیسند ابو ہریرہ وغیرہ راویان
حدیث کا حال کہ کسقدر فراموشی کا تہا اور نسیان شعار اور تفصیلاً اور بیان کیا گیا اور تجھیل
نسیان پہر دیکہو کہ جسوقت زید بن ثابت نے بحکم ابوبکر حافظون کے سینہ اور کہجور کے پتون سے
اجتماع قرآن کیا جس سے آج تک مومنین و مومنات نے انتفاع ایمان لیا تو سورہ
توبہ کی آخری آیت کسی حافظ کو یاد نہ تہی اور برگ خرما وغیرہ پر بہی لکہی نہ تہی اگر زید بن
ثابت اسکا خیال نکرتا تو آج تک کوئی مسلمان قرآن مین اصلاً ادخال نکرتا یقین
ہے کہ اس قسم کی اور بہی اکثر آیات ہونگی کہ جنکو حافظون نے طاق نسیان پر دہرا ہوگا اور نیز
زید بن ثابت نے جنکا شیشہ یاد بادۂ غفلت سے بہرا ہوگا چنانچہ خلافت عثمان مین جس وقت پہلے
قرآن میں اختلاف ہوگا اور از سر نو بحکم عثمان تیار ہوا تو زید بن ثابت کو دہیان آیا کہ سورہ

حدیث کا بہت اہتمام کرتے تہے الخ غلط محض ہے اگر اکابر اسلام حفاظت احادیث کا کچھ اہتمام
کرتے ہوتے تو کس واسطے پانچ ہزار صحیح حدیثوں میں لاکھوں مصنوعی حدیثیں شامل ہوتیں اور
کیونکر جو ایسا ہوتیں اون پر ملال کس واسطے بخاری حدیثوں کو چودہ قسم قرار دیتا اور کیونکر واسطے
تکذیب تیرہ قسم کے خاطر شکبار لیتا اہتمام حدیث تو ایک جانب ہے خود صحابہ محمد کو اہتمام
قرآن کی پروا نہ تہی اور فقدان مصحف پیدا تہا اگر صحابہ کو حفاظت قرآن کا دہیان ہوتا
تو کس واسطے عمر خدمت ابوبکر میں عرض رسان ہوتا کہ جب تک عبارت قرآن قلمی نہو گی
ممانعت تصرف کمی نہو گی قرآن میں بہت بسیار کم ہو جاویگا سب پامال الم ہو جاویگا جس وقت
ضخامت قرآن شریف مسطور ہو گی بندش تحریف بالضرور ہو گی **قولہ** اور ضبط اخبار میں معروف
و مشہور تہے الخ اگر روات ضبط اخبار میں مشہور ہوتے اور تعصب طرفداری سے دور تو کس واسطے وفات پیغمبر
سے لیکر تصنیف صحیح بخاری تک کے فاصلہ سو سوا سو برس کا ہے لاکھوں جعلی حدیثیں تیار ہوتیں اور
کیونکر ہر ایک اسمٰعیل کو اونکی تکذیب کیلئے دلیلیں درکار ہوتیں فرقہ شیعہ و سنی اپنی اپنی خواہش
کی موافق روایات ایجاد کرتا ایک دوسرے کو بدی کے ساتھ یاد کرتا مجموعہ احادیث چند اقسام
تقسیم ہوتا ہر قسم کی حدیث میں اختلاف عظیم ہوتا ذرا خیال کرو کہ صحیح و مرفوع وغیرہ کیا
شے ہیں اور اونکے مقابلہ میں ضعیف و موضوع وغیرہ کس واسطے ہیں پیغمبر و صحابہ کی زبان سے تو ایک
ہی قسم کی حدیثیں برآمد ہوئی تہیں اونکی کوئی بات موہوم نہیں ہوتی اور کسی میں منافات
معلوم نہیں اگر خود اونہوں نے ہر قسم کی حدیثیں فرمائی تہیں تو واضح ہوا کہ وے جناب جیسی بکر
شورا بہ شک میں رہے **قولہ** اوس عرصہ میں اکثر اشخاص کا یہ حال تہا فقط یہان آپنے
لفظ عرصہ مدت کے معنی میں استعمال کیا ہے نامہ نیاز شمامہ خدمت نادانی میں ارسال
کیا ہے آپ تو مستند اوصحاح و قاموس کہتے تہے اور اہل لغت میں بڑی عزت و ناموس تعف
ہے آپکو غرور تبحر بیاد شعور قصور پر غور اہوش میں آئیے کہ عرصہ بمعنی مدت کے کہیں ہے اور آپکے
قول کا مصدق کوئی دنیا انس و شیاطین نہیں بلکہ بمعنی کشادگی و میدان ہے جو کہ گہر کے

ہین ایک ہی مطلب کا دس دس بار اعادہ کرتی ہین ناحق گفتار زیادہ کرتی ہین ہم بہی
خواہ مخواہ جواب مذکور ہی اکثر دیتی ہین اور راوی پاپوش کہتی ہے سر پہ نگوڑی کی خبر لیتو ہین —

**شکست فاش** پچاس برس کی باتین جو کم و کاست لوگون کو یاد تہین
ہماری ملت کی اکابر تو احادیث و اخبار دینیہ کا بہت اہتمام رکہتی تہی اور ہمیشہ اونکی مذاکرہ
و مراجعت اور درس مین رہتی تہی اور ضبط اخبار مین مصروف تہی اونکا تو ذکر ہی کیا ہے
اوس عرصہ مین اکثر اشخاص کا یہ حال تہا کہ بڑی بڑی خطبی اور بڑی بڑی قصائد ایسی زبانی
یاد رکہتی تہی کہ اوس مین کچہ کمی بیشی نہین ہوتی تہی اور ہم بعض بعض ناخواندہ لوگون کو اب
بہی دیکہتی ہین کہ افسانہ طویل مثل قصہ آلہا وغیرہ کی اونکو ایسی یاد تہی اور یاد ہین کہ تا دم
مرگ نہ بہولی اور نہ بہولین گے قصہ بہارت اور سائر پوران باوجود اسقدر طوالت کی شنو
نے سوت سے اور سوت نے ویدبیاس سے سنکر نقل کیا با این ہمہ لالہ اندرمن ان سب کو
بلا کم و کاست صحیح مانتے ہین **جواب** محض غلط ہے پچاس برس کی باتین تو ایک طرف ہین
اگر گذارشات سنہ اٹہارہ سو ستاون عیسوی کو دس اشخاص عادل و عاقل سے تحریر کرایا
جاے تو ہر شخص کی تحریر علیحدہ انداز پر ہو گی اور اوس مین تفاوت معانی و الفاظ اکثر ہو گی
فرق زمین و آسمان ہو گا اور سب کا جدا جدا آئین و بیان ہو گا اگر آپکو اپنی بات کا
پاس ہے تو دس مسلمان ہی کی حال غدر سب کے روبرو لکہوایئے اور بعدہ انجیر پیر برحق
اور رشد مطلق سید احمد خان صاحب کی کتاب سے روبرو ملوایئے اوس وقت دیکہیو کسقدر فرق
ہوتا ہے اور کسطرح ہر ایک محاورات مخالفت مین غرق ہوتا ہے جبکہ چند سال کی زبانی روایت
مین تبدیل کثیر ہوتی ہے اور بسبیل تغیر تو جس روایت کی کہ مدت مدید تک کتابت نہوئی تو شبہہ
بیشک حفاظت نہوئی چونکہ اما شہد میں رہتا ہے سو سال کی تحریر مین مالامال تبدیل و تغییر
رہین اب محمد علی کی اولاد اور کارہاے ملک کے اولاد کا امتحان کر گئی ہین اور باوجود گوہر
شناہوار کو اپنی صدف بعیب ملامت ہوتی ہین **قولہ** ہماری ملت کی اکابر تو احادیث و اخبار

یحییٰ بن معین پر احمق ہو اور اب مجھکو اوسکا یقین ہو گیا کہ تمنے پوچھا کہ کیون تب اوس نے جواب دیا
کہ کیا دنیا مین سوا تمہاری یحییٰ بن معین و احمد حنبل دوسرا کوئی نہین ہے مین نے تو سترہ
احمد بن حنبل سے سوا اس احمد بن حنبل کے روایت پائی ہے یہ کہکر سجدہ سے چل دیا انتہی مجملا
ان لوگون کے جو حدیث وضع کرتے مین مشہور ہین ابن ابی یحییٰ مدینہ مین اور واقدی
بغداد مین اور مقاتل بن سلیمان خراسان مین اور محمد بن سعید شام مین
تہا حالانکہ مقاتل بن سلیمان کو لوگون نے تفسیر کا امام اور باقی اشخاص کو اوسکا مقتدا مانا
ہے اور واقدی سے باوجود اوسکے ضعف کے سند لی ہے جیسا کہ مجمع البحار مین لکھا ہے محمد بن الواقدی
قاضی العراق اخذوا عنہ العلم علی ضعفہ بل اجمعوا علیہ اخرج لہ ابن ماجہ جویباری و ابن
عکاشہ و محمد بن تمیم فاریابی کی روایتین بہی کتابون مین داخل ہو گئین حالانکہ زیادہ
دس ہزار حدیث اونہون نے وضع کی ہین نعیم بن حماد سے بہی بعض محققین نے روایت کی ہے
حالانکہ ابن عدی نے اوسکی شان مین کہا ہے کان نعیم یضع الحدیث فی تقویۃ السنۃ کہ وہ
سنت کی تقویت مین حدیثین بنایا کرتا تہا منجملہ انہین احادیث کے اسحاق بن بشر سے جو
سے بیہقی و دارقطنی نے روایت لی ہے حالانکہ ابن جوزی نے موضوعات مین لکہا ہے کہ اسحاق
بن بشر حدیثین بناتا تہا الخ جو کوئی تعصب و طرفداری چہوڑکر حدیث اصلی و جعلی مین تمیز
کریگا وہ یقیناً یہی تجویز کریگا کہ ہر فرقہ کی حدیثون مین کچہہ مضمون زبان پیغمبر سے مسموع
ہے اور بہت مصنوعی ہے بتقدیریکہ حدیثین وقت موجودگی پیغمبر و صحابہ مجتمع ہوتین اور بطرح تحریر
مین طبع نہ ہوسکین ہر ایک فرقہ اپنی جانب سے احادیث ایجاد کرتا بلکہ اون ہی سے اپنی
بیہودہ کی استشہاد کرتا جیسے کہ فی الحال وہابی وغیرہ رنگا رنگ مسائل ایجاد کرتے
ہین اور ان ہی حدیثون سے اجتہاد کرتے ہین اگر آپ اختراع حدیث سے انکار کرینگے تو ہم
آپ سے استفسار کرینگے کہ تمکو احادیث اہل تشیع سے کسواسطے عناد و پرخاش ہے اور روایات
اہل سنت پر کیونکر مدار اعتماد و معاش ہے اب بیجا تھی پہر قول تکرار مین اپنی عادت سے نا چار

چنانچہ ابو عصمت سے کسی نے پوچھا کہ روایت ہے مالک کی عکرمہ سے اور عکرمہ کی عباس سے قرآن کی
سورتوں کی فضائل میں تم نے کہاں سے پائی اوس نے کہا کہ میں نے دیکھا کہ لوگ قرآن کو چھوڑ
کر ابو حنیفہ کی فقہ اور محمد بن اسحاق کی تاریخ پر متوجہ ہو گئے ہیں اس لیے بنظر ثواب کے میں نے یہ
حدیثیں بنا لیں بعضوں نے صرف بنظر تقرب بادشاہوں کے حدیثوں کو وضع کیا مثلا غیاث بن
ابراہیم خلیفہ مہدی ابن منصور کے پاس گیا خلیفہ کو اڑانے کبوتروں کا شوق تھا اس لیے اوس
نے ایک حدیث بنا دی کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ لا سبق الا فی خف او حافر او نصل او جناح
خلیفہ نے اوسکو دس ہزار درم دیے مامون بن احمد ہروی سے لوگوں نے کہا کہ دیکھو شافعی اور
اونکے توابعین کو کہ کس کثرت سے خراسان میں ہیں اوس نے فورا یہ حدیث بنا دی کہ حدثنا
احمد بن عبد اللہ قال حدثنا عبد اللہ بن معدان الازدی عن انس قال قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یکون فی امتی رجل یقال له محمد بن ادریس اضر علی امتی من ابلیس ویکون
فی امتی رجل یقال له ابو حنیفہ ہو سراج امتی بعضی واعظین احادیث بڑے دھوکے میں خود حدیثیں
بنا کر باسناد صحیح جو اونکو یاد تھیں حدیثیں بنا لیا کرتے تھے جیسا کہ جعفر بن محمد طیالسی نے کہا ہے
کہ ایک مرتبہ میں نے اور احمد بن حنبل اور یحیی بن معین نے مسجد میں نماز پڑھی کہ ایک شخص کہنے
لگا حدثنا احمد بن حنبل ویحیی بن معین قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن قتادہ
عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قال لا الہ الا اللہ یخلق اللہ من کل کلمة
منہا طائرا منقارہ من ذہب وریشہ من مرجان یعنی جس نے لا الہ الا اللہ کہا پیدا کرتا ہے خدا ہر کلمہ
اوسکے سے ایک جانور جسکی چونچ سونے کی اور پر مونگے کے ہوتے ہیں غرض یہ سنکر احمد بن حنبل یحیی بن
معین کو اور یحیی بن معین احمد بن حنبل کو دیکھنے لگا کہ تم نے یہ حدیث روایت کی ہے دونوں نے کہا کہ
ہم نے تو اسی وقت سنی ہے جب وہ شخص فارغ ہوا تو یحیی نے پوچھا کہ تجھ سے اس حدیث کو کس نے بیان
کیا ہے اوس نے کہا کہ احمد بن حنبل ویحیی بن معین نے یحیی نے کہا کہ میں یحیی بن معین ہوں اور یہ
احمد بن حنبل ہیں ہم نے تو کبھی اس حدیث کو نہیں سنا تب وہ کہنے لگا کہ میں سنتا تھا کہ یحیی

جو اپنے الٹو مٹیرا عابد بنا یہ جاتے ہین کہ اونہون نے حدیثین نصیحت دلانے کو لیے بنالین جیسے طلوع نصف شعبان
اور لیلۃ الرغائب کی نماز کی فضیلت مین حدیثین وضع کین اور یہ بھی نادانی اور جہالت سے
اوسکو کام ثواب جانا اور لوگون نے بسبب اونکے ظاہری پرہیزگاری کے اونکی اقتدا کی اور اونکی
باتون کو صحیح جانا یہان تک کہ بڑے بڑے عالمون سے یہ حقیقت پوشیدہ رہی اور بڑے نامی
گرامی علما اس دھوکے مین آگئے اور اون بزرگون کے اوپر اعتقاد کر کے اون موضوع حدیثون
کو نقل کر دیا فقط جامع الاصول کے طبقات مجروحین مین لکھا ہے کہ سب سے بدترین طبقات
مجروحین مین وہ طبقہ ہے جس مین وہ لوگ داخل ہین جنہون نے رسول خدا کی نسبت جھوٹی
حدیث منسوب کی اور ایسے جھوٹ کا ارتکاب ایک بڑی جماعت نے کیا ہے جن کی جھوٹی حدیث
بنانے سے غرضین مختلف تھین بعضون نے الحاد و زندقہ کے سبب سے اسکا ارتکاب کیا مثل مغیرہ
ابن سعید کوفی اور محمد ابن سعید شامی کے سوا انکے اورون نے بھی حدیثون کو بنایا اور وہ اپنی
شک پیدا کرنے کی لوگون کے دلون مین اسکو صحیح حدیث کی طرح بیان کیا جیسا کہ محمد ابن سعید نے
انس ابن مالک سے اس حدیث کو روایت کیا (انا خاتم النبیین لا نبی بعدی الا ان یشاء اللہ)
پس اپنے الحاد کے سبب سے اس استثنا کو زیادہ کر دیا اور بعضون نے اپنے عقاید فاسدہ کی موافق
حدیثین بنائین تا کہ لوگ اوسطرف مائل ہون چنانچہ ایسے لوگون مین سے چند شخصون نے جھوٹی حدیث
بنانے کا اقرار کیا مثلا ایک آدمی نے خوارج مین سے کہا کہ ہم نے جس بات کو چاہا اوسکو لیکے
حدیث بنا لی اور ابو عیسی نے کہا کہ مین نے اور جاحظ نے حدیث فدک کی بنائی اور اوسکو بڑے
بڑے شیوخ بغداد سے نقل کیا سب نے اوسکو مانا سوا ابن شبیہ علوی کے کہ اوس نے کہا اس حدیث
کا آخر اول سے نہین ملتا سلیمان ابن حرب نے لکھا ہے کہ مین ایک بزرگ کے پاس گیا اوسکو روتا
ہوا پایا جب مین نے رونے کا سبب پوچھا تو جواب دیا کہ مین نے چار سو حدیثین بنا کر لوگون مین شائع
کر دی ہین اب نہین سمجھتا کہ کیا علاج کرون ابو عصمہ نوح ابن ابی مریم المروزی و
محمد بن عکاشہ کرمانی و احمد بن عبد اللہ جویباری وغیرہ نے بنظر ثواب کے حدیثین وضع کین

ذلت ہے اور (حتی یفہم عنہ) اوس مین علت ہے اگر محمد صاحب حدیثون کی حفاظت مین سعی زیادہ کرتے اور آپ ہر ایک لفظ کی مرتبہ اعادہ کرتے تو بجا ہے (حتی یفہم عنہ) کی اس مضمون کا مجملا قول کرتا کہ حدیثین لوگون کو یاد رہین فقط مگر یہہ بات بہی راہ بصیرت سے دور ہی ہوتی اور سوال پر بہی قصور کیونکہ محمد صاحب کا تین تین دفعا اعادہ ایک ہی وقت مین تہا حالانکہ ایک وقت سُنی ہوئی بات کا مدت مدید تک یاد رہنا آسان نہین ہے اور جہال عرب کا دماغ نہین ہے اگر فرض کیا جاوے کہ محمد صاحب واسطے یاد رہنے کے مکرر سہ کرر بات کرتے تہے اور صحابہ اس ذریعہ سے یاد تامین حیات کرتے تہے تو بہی حفاظت ریتے ثابت نہین ہوتی اور زبان حکایت ساکت نہین کیونکہ یہہ کہیں نہین لکہا کہ جسوقت صحابہ و تابعین وغیرہ نے کسی شخص سے روایت کی تو تین تین مرتبہ اعادہ کرنے کی بہی عادت کی چونکہ حدیثون کی صحابہ و پیغمبر کے عین حیات کتابت نہین ہوئی لہذا اکثر اوقات حفاظت نہین ہوئی ہزارہا فقرے بناوٹ کی ایجاد واقع ہوئی اور بہت اہل استعداد نے اسنے لاکہون احادیث جعلی معدوم ہوئین اور ہزارون جعلی مرقوم شاید مجموعۂ صحاح ستہ مین دیوان ہوت ہے کوئی علم ما مصدوق اور کوئی فقرہ چکیدہ خامہ رسالت شمار نشانہ ونادر ہوے جبکہ بعد قتل عثمان بن عفان کے معاویہ و علی مین خصومت ہوئی اور ایک جانب اسکی اور دوسری طرف اوسکی حکومت ہوئی بعضون نے علی سے بغاوت کی اور بعضون نے معاویہ سے عداوت ان دنون بہت بدعت پیدا ہوئی بلکہ تبدیل شریعت ہویدا انکے نئے فریق ہوئے علی و معاویہ کے فریق ہوئے ہر ایک فرقہ نے اپنی تعلیم پیغمبر کی جانب سے ثابت کرنے کے لئے طرح طرح کے فقرے تیار کرائے اور انکا افکا مسئلہ انی سے مخفی و آشکار ملا کے اگر میان محمد علی وضعان احادیث کے نام استفسار کرینگے تو ہم خدمت مبارک مین اسطرح اظہار کرینگے کہ اپنے مرشد برحق پیر طلق سید احمد خان کی تہذیب الاخلاق کی جلد سوم کے نمبر چہارم مین ملاحظہ فرمایئے کہ ملا علی قاری نے شرح الشرح نخبۃ الفکر مین لکہا ہے کہ حدیث وضع کرنے کا سبب یہی ہے مثل زندیقون کے یا غلبہ جہل ہے مثل بعض ادنی لوگون کے

مسکر گرشعوارہ شلمائی کو نہاک خواری مین
لاکھون حدیثون کو نادرا اعتباری مین جعلا قول اور کبیرہ
رالو دس گیارہ لاکھ حدیثون مین سے چھ یا پانچ ہزار چہانٹنا اور چند اقسام پر بانٹنا بخاری
وغیرہ کا خیال خام ہے اور سراسر ادعا الزام ہے کیونکہ یہ لوگ نہ محمد صاحب کی طرف سے اس امر پر مامور تھے
اور نہ دولت وحی و الہام سے معزز تھے متعدد مسائل دینی کی حدیث پر بنیاد ہے وہ بالکل بخاری
وغیرہ محدثین کی ایجاد ہے نہ مطابق منشا کے رسالت مآب کے اور نہ موافق رائے اصحاب کے اگر محمد صاحب
نے حدیثون کے اعداد و شمار کچھ تھے اور کون کون فوائد و بسیار کچھ تھے بخاری نے حدیث اصلی و جعلی مین امتیاز
دی اور حدیث صحیح موضوع سے علیحدہ بازی کی تو معلوم ہوا کہ ابتدا سے صحت کا اہتمام نہین رہی
اور مطابقت آغاز و انجام نہین **قوله** اوسی طور پر تحقیق حال رواۃ بھی ابتدا سے مد نظر ہے فقط
اگر ابتدا سے تحقیق حال رواۃ مد نظر ہوتی تو کسواسطے وضع زنی عادت رواۃ اکثر ہوتی چنانچہ
شہاب الدین دولت آبادی نے تفسیر مواج مین کتاب تاریخ سے لکھا ہے کہ خود بخاری
فرماتا ہے کہ مین نے خواب مین رسول اللہ کو دیکھا کہ مین حضرت کی مکھی اوڑاتا ہون جب بیدار
ہوا تو تعبیر گو سے جویا اسرار ہوا اوس نے کہا کہ تو رسول اللہ سے جھوٹ دور کریگا یہی سبب ہوا
کہ مجکو تالیف کتاب صحیح کا منصب ہوا فقط اس تعبیر سے ظاہر ہے کہ جیسے ایام گرما مین ہزار ہا مکھی
ازدحام کرتی ہین اور انسان کو نہ آرام اسیطرح پیغمبر اسلام کے حق مین ہزار ہا وضع اوس
زمانہ کے مسلمانون کی زبان پر جاری تھے اور وہ اون ہی سے طالب رستگاری تھے اگر کچھ بھی
حال رواۃ پر غور ہوتی تو کسواسطے سیرت محمدی اور سے اور ہوتی اگر قدرے حال رواۃ مد نظر ہوتا تو
کیونکر سعد ابن ابی وقاص نقل حدیث سے برحذر ہوتا چنانچہ صحاح ستہ مین مندرج ہے کہ سعد
ابن ابی وقاص کے منہ سے کوئی حدیث مسموع نہین ہوئی جب تک کہ اوس نے وفات
پائی سبب اسکا یہ ہے کہ جسوقت لوگ اوسکے پاس واسطے پوچھنے حدیث کے گئے تو سعد نے کچھ جواب دیا
سوائے اسکے کہ مین ڈرتا ہون کہ اگر تمکو ایک بات کہون تم [illegible] باتین زیادہ کرو فقط اب
مخفی نہ رہے کہ جسکا نام سعد ابن ابی وقاص ہے وہ محمد صاحب کا یار غار ہے بیان سے معلوم ہوا کہ

کتابون کو رجال کی تحقیق مین کتابین لکھین جیسا کہ ابو نصر کلاباذی و ابوبکر بن منجویہ و ابو الفضل
بن طاہر نے صحیح بخاری کے رجال کی نسبت اور ابو علی نے ابو داؤد کے راویون کی نسبت اور عبد الغنی
مقدسی نے صحاح ستہ کے رواۃ کی نسبت کتاب لکھی جسکا نام کتاب الکمال ہے غرض فن اسماء الرجال
کی تالیف زمانہ دراز کے بعد ہوئی اسی طرح فن حدیث مین کوئی کتاب نہین لکھی گئی مگر جب نقل
حدیث کی کثرت ہوئی اور صحیح و غلط کا التباس ہوا تب سب سے اول قاضی ابو محمد حسن بن
عبد الرحمن نے ایک کتاب مختصر لکھی بعدہ بہت عالمون نے اپنی اپنی قابلیت دکھلائی اور اکثر
کتابین تالیف کین مقطع یہہ ہی کہ سب کین التماس کرتا ہے کہ اگر اول ہی سے تحقیقات روایات و رواۃ شروع
ہوتین تو کیونکر ہزارہا احادیث نہ بنائی موضوع ہوتین کسواسطے محدثین اہل تلبیس کا دہوکا کہاتے اور صحاح
ستہ مین احادیث موضوعہ اطلاق پاتی حالانکہ ترمذی وغیرہ نے بھی جہوٹی حدیثین داخل کتاب کین اور
منسوب بہ صحت تا ثبات صحاح چنانچہ تہذیب الاخلاق کی اوسی نمبر مین ہے بلفظہ جیسا کہ جابر جعفی و ابو قاسم
و سعد بن عبد اللہ اشعری قمی ہوا ہے کہ یہہ لوگ اوستاد وغیرہ کا روپ ستیا تہے کہ حقیقت مین رافضی تہے اور
بہت سے محدثین کو دہوکہ دیا اور غلط حدیثون کو بصورت صحیح کے بنا کر انکو اونکی صحت کا یقین
دلادیا یہان تک کہ ترمذی و ابو داؤد و نسائی نے جابر جعفی کی حدیثون کو اپنی کتابون مین
نقل کر دیا اور صلیح نامی ایک شیعہ کی جس نے شیخ و بن دین سنیون کی آکہاڑنے کی تدبیر کی تہی
یحیی بن معین جیسے محقق نے توثیق کی اور اوسپر اعتماد کیا آخر کار ان فریبیون کا فریب ظاہر ہوا چونکہ
اونکی روایتین حدیث کی کتابون مین لکہی گئین اس لئے اکثر آدمی دہوکہ کہاتی ہین عامہ عقیدہ
کا نام سنکر اونکا اعتقاد مین خلل پڑتا ہے اور وہ واقع مین نہ وہ حدیث ہے نہ قول پیغمبر بلکہ ایک شخص کی
جہوٹی مکار کا طبع زاد ہے کسی کی سمجہہ مین عرض رسان ہے کہ اگر تمہارے بیان نقل روایتین
کسیقدر اہتمام ہوتا تو کیونکہ دفتر نقل ہتر بالتمام ہوتا کسواسطے حدیث سنی غیر و حدیث شیعہ صحیح
ہوتی اور کیونکہ دو قرن مین تفاوت کثیر و دیر ہوتی کسواسطے خود صحاح ستہ کی حدیثین منقسم باقسام
بسیار ہوتین اور کیونکہ بعض معتبر اور بعض ساقط الاعتبار ہوتین کسواسطے بخاری وغیرہ محدث

لست بعد ثقات و اخبار و شیبا فتوہم صحیح متصل مع ضبط بعض الطبقین و ہو ممن کتب اللہ عدول
من ہذا الضرب کثیر کما یعنی کقتادۃ والاعمش والسفیانین وہشام و غیرہم و دلیل ہذا ان
التدلیس لیس کذبا و اذا لم یکن کذبا و قد قال الحمیدی انہ لیس محرما فالراوی عادل ضابط و
قد تبین سماعہ وجب الحکم بصحتہ واللہ اعلم انتہی اب مولوی محمد علی کمر باندہ کر ہو کے سمعون مخبط
کرتے ہین اور جتنا بستہ ہو رنگ پسند **شکست فاش** اہل اسلام مین ابتدا سے
جس طور پر اہتمام نقل متن روایت کا ہوا اس طور پر تحقیق حال رواۃ بھی ابتدا سے مد نظر ہوتا ایسے
لوگ تو ہزار برس تک نہین بلکہ کرور برس کے بعد بھی کا ہر ایک عمن کا بہر ہر شخص کا حال تفصیلا بیان
کر سکتے ہین **جواب** ہر چند خیال تکرار دامنگیر ہے لیکن پھر وہی جواب لا دینا ناگزیر ہے اگر
تمہارے یہان اول ہی سے اہتمام روایات اور تحقیق حال رواۃ ہوتا تو بعد نبوت و خلافت ہی
سے رواج قرطاس و قلم و دوات ہوتا حالانکہ دو سو برس تک کسی نے رسم تحریر احادیث جاری
نہ کی اور راویون کی وقائع نگاری نہ کی نہ کوئی جرح و تعدیل مین دست انداز ہوا اور نہ کوئی کسی
تالیف اسماء الرجال و فن درایت مین ممتاز ہوا چنانچہ حامی اسلام محمد علی کے امام سید احمد خان کی
تہذیب الاخلاق کی جلد سوم کے نمبر ہفتم مین ہے کہ مجتہدین کے زمانہ مین راویون کے حالات کی
زیادہ تحقیقات نہ ہوئی اور جرح و تعدیل کی نوبت نہ آئی اسواسطے بہت لوگون نے غلط اور
گہری احادیث صحیح سمجھ لیا یہان تک کہ ان ہی پر بعض نے تفریع احکام بھی کی بلکہ موضوع حدیثون
کو بھی تسلیم کر لیا جب اسکا حال کھلا تب تحقیق حال رواۃ اور جرح و تعدیل کی ضرورت پڑی
اور فن رجال مین تالیف شروع ہوئی چنانچہ اول ابن سعد نے ایک کتاب اسماء الرجال مین
لکھی اور طبقات ابن سعد اسکا نام رکھا اسمٰعیل بخاری و ابن خیثمہ نے اپنی تاریخون مین
اور ابن ابی حاتم نے کتاب جرح و تعدیل مین کچھ کچھ حالات راویون کے لکھے مگر اوس مین بھی
رجال کا حال مشتبہ رہا یہان تک کہ آخر ابن حبان و ابن شاہین نے ثقات کو اور ابن
عدی و ابن حبان نے ضعفا کو علیحدہ کتابون مین جمع کیا اور بعد اسکے بعضون نے ضعفا و

اس حدیث کی غلطی ثابت ہوئی وقال ابو محمد بن حزم وہو موضوع بلا شک کذبہ عکرمہ بن عمار وقال ابن الجوزی فی ہذا الحدیث ہو وہم من بعض الرواۃ لا شک فیہ ولا تردد وفقط جبکہ تواریخ کے مخالف ہو نفس حدیث ساقط الاعتبار ہو تو حدیث کی بہ نسبت مجموعہ تواریخ بہت ہے استوار ہے جس صورت مین صحت حدیث تواریخ پر منحصر ہے تو ہمت محدثین کو ساقط کی مورخین بیشکور ہے اب میان محمد علی کہان ہین کہ ابطال تواریخ محمدیہ پر مستعد ہوا ور غلطت مورخین ہو اگر سنا اگر تواریخ روئے زمین سے مفقود ہو سر بسر ہو وے تو دفتر صحاح ستہ زیر و زبر ہو وے **حدیث سوم** بخاری ہے اور مسلم نے بھی کہ پیغمبر خدا نے ابن ابی سلول کے جنازہ پر نماز پڑہی اس روایت کی صحت مین بھی محققین کو کلام ہے اور باقلانی نے حدیث ہذا کی صاف انکار کیا ہے **حدیث چہارم** صحیح مسلم مین ہے ملا علی قاری نے کتاب الرجال مین لکہا ہے کہ روایت مسلم کی جابر سے قصہ حجۃ الوداع مین ایسی مختلف ہے کہ ان مین سے ایک ضرور جہوٹی ہے کیونکہ ایک مین لکہا ہے کہ آنحضرت نے طواف کرکے نماز ظہر کی مکہ مین پڑہی دوسری مین لکہا ہے کہ نماز ظہر کی منی مین ادا کی ولہذا قال ابن حزم فی ہاتین الروایتین احدہما کذب بلا شک **قولہ** اور دوسرا شخص جو نہایت ثقہ ومتورع وعدل ہو اور ہمکو اسکی عقل وحفظ پر اطمینان کلی ہو الخ جیسے کہ کوئی عاقل عقل نہین ہوتا ویسے ہی کوئی عادل عدل نہین کیونکہ عقل وعدل وغیرہ داخل صفات ہین اور خصائل ذات سے ہیں میان محمد علی جو معدل بجائے اسم فاعل لائے ہین اپنی کم استعدادی پر گواہ عادل لائے ہین راویان حدیث سے کوئی بھی اہل ورع اور ثقہ نہین تہا اور کوئی ملح شرع وفقہ نہین بلکہ سب مثل رودخانہ تہے اور اشرار عمل سا پیشہ ایسے اعتیاد کرتے تہے اور بدیدہ آشکار مین رواۃ کا یہ حال تہا کہ بعض عمر و شام کا مستہا اور نکا قتادہ واعمش وسفیان ثوری وسفیان بن عیینہ وابو اسحاق وہشام نام تہا اور انہی کی شہرت ودینداری کو بگو ہوا ان ہی کی روایا سے صحیح بخاری وسلم مملو ہے چنانچہ ملا علی قاری نے شرح الشرح نخبۃ الفکر مین لکہا ہے واما قال الجماہیر من الطوائف ان ما رواہ بلفظ محتمل لم یبین فیہ السماع فہو مرسل وما بینہ فیہ

پس نتیجہ ظاہر ہے دلیل سوم آنکہ بخاری و مسلم کی بعض حدیثوں کی عدم صحت میں شک نہیں کیونکہ
ان کتابوں میں ایسے راویوں سے بھی روایت لی ہے جن کی اور محدثوں نے جرح کی ہے چنانچہ شرح نخبہ
میں ہے کہ محقق ذہبی نے کہا ہے کہ بخاری نے عکرمہ اسمعیل و عاصم و عمرو بن مرزوق وغیرہ سے بھی استناد کیا ہے
حالانکہ متقدمین نے انکی نسبت جرح کی ہے اسیطرح مسلم نے بھی سوید بن سعید وغیرہ سے استناد کیا ہے
جن پر دیگر محدثین طعنہ زن ہیں اب میاں محمد علی کہاں ہیں کہ صحاح ستہ کے راویوں کو مدار
و صفا و ورع و تقوی کو مدح خوان تھے دلیل چہارم آنکہ قسطلانی نے کہا ہے کہ دو سو دس حدیثیں ایسی
کی ضعیف ہیں جن میں سے اسی بخاری کے ساتھ مخصوص ہیں اور تیس مسلم سے منسوب ہیں اور تیس دونوں
میں مشترک ہیں جن حدیثوں کی عدم صحت کا اقرار محدثین و شارحین نے کیا ہے ان میں سے چند
احادیث تحریر کیجاتی ہیں **حدیث اول** صحیح بخاری میں ہے عن عروۃ ان النبی خطب
عائشۃ فقال له ابو بکر انما انا اخوک فقال انت اخی فی دین الله فتح الباری میں لکھا ہے کہ یہ
حدیث صحیح نہیں ہے اصل عبارت فتح الباری کی یہ ہے کہ قال مغلطائی فی صحۃ هذا الحدیث نظر لان الخلۃ
لابی بکر انما کانت بالمدینۃ وخطبۃ عائشۃ کانت بمکۃ فکیف یلتئم قولہ انما انا اخوک یعنی اس حدیث
کی صحت میں صرف ایک تاریخی واقعہ کو مخالف ہونے کی جہت سے کلام کیا گیا ہے اور وہ تاریخی واقعہ
یہ ہے کہ خلت ابو بکر صدیق مدینہ میں ہوئی اور خطبہ عائشہ مکہ میں پس جبکہ ہوا پس خلت و اخوت سے
پہلے ابو بکر صدیق کا (انما انا اخوک) کہنا صحیح نہیں ہو سکتا **حدیث دوم** صحیح مسلم
میں ہے ان ابا سفیان قال للنبی صلی الله علیه وسلم اسالک ثلاثا فاعطاہ ایاہن منها عندی اجمل العرب
ام حبیبۃ ازوجکها زاد المعاد فی هدی خیر العباد میں لکھا ہے فهذا الحدیث غلط ظاهر لا خفاء به
یہ حدیث بھی اسی سبب سے غلط مانی گئی ہے کہ تاریخی واقعہ کے خلاف ہے کیونکہ ام حبیبہ عبید الله بن جحش
کی منکوحہ تھی اور اپنے خاوند کے ہمراہ ہجرت کر گئی تھی جب اسکا خاوند وہاں جا کر عیسائی ہو گیا
اور ام حبیبہ اپنے دین پر قائم رہی تب محمد صاحب نے نجاشی کے ذریعہ سے ام حبیبہ کے ساتھ نکاح کیا اور
یہ امر فتح مکہ سے پہلے ہوا اور ابو سفیان فتح مکہ کے دن ایمان لایا اور محمد صاحب کے سامنے آیا تھا

وغیرہ کو رد کی ایجاد نکالی ہے بطرح جس وقت میان محمد علی کو صرف ضوابط عقلیہ کی رعایت ہوگی
صحیح بخاری و مسلم کی تکذیب بعض نہایت ہوگی پس صحیح بخاری و روضۃ الاحباب کا حال واحد
ہوگا اور دونون بلا اطلاق ابطال مانند ایک کے دوسرے پر ترجیح نہ ہوگی اور دونون مین سے ایک
صحیح نہ بقول شخصی یا نہی کو دانت کہانی کرادہین اور وہ کہانی کرادہ یا بار ضوابط عقلیہ کو ذکر سے کر
میان محمد علی کی مراد بھی یہی ہے معلوم ہوتی ہے کہ تائید کو بہانہ صحاح ستہ کو رد کی وجہ نکالین
اور جب بشل شہو غرض کم جہان پاک روضۃ الاحباب وغیرہ کو ہمراہ انکو درمیان ردیات داخل
لہذا فقیر اندرین عرض رسان ہے کہ جلد تر میان محمد علی اپنے ضوابط عقلیہ کو جاری کرین اور تکذیب
مسلم و بخاری علماء محمدیہ نے جنکی تائید مین بڑی بہاری تلاش کی ہے اور کئی دلائل سے دراستی
مسلم و بخاری فاش میان محمد علی کو امام سید احمد خان کی تہذیب الاخلاق کی جلد سوم کو نمبر معتم
مین اکثر دلائل کا بیان مفصل ہے جس سے محمد علی کا دہان مقفل ہے اب ہم ان دلائل کا اختصار کرتے ہین
اور مجموعہ مسلم و بخاری ساقط الاعتبار دلیل اول آنکہ شرح صحیح مسلم مین لکھا ہے کہ جتنی حدیثین غیر متواتر
صحیح بخاری و صحیح مسلم مین ہین انکی نسبت محققین کا یہ قول ہے کہ وہ صرف مفید ظن ہین نہ مفید یقین
کیونکہ وہ احاد ہین اور احاد سے صرف علم ظنی ہوتا ہے نہ علم الیقینی جبکہ یہ قاعدہ بہ نسبت احاد کو ٹھیر چکا
تو بخاری و مسلم اور غیر بخاری و مسلم مین کچھ فرق نہ رہا حنفیہ مسلمانون کا ترمین ایمان ہے کہ خبر احاد مفید یقین
نہین ہے چنانچہ نور الانوار فی اصول المنار مین لکھا ہے کہ خبر الواحد وہو کل خبر یرویہ الواحد او الاثنان
فصاعدا الخ دلیل دوم آنکہ فواتح شرح مسلم الثبوت مین لکھا ہے ابن صلاح وغیرہ چند اہل حدیث نے یہ
گمان کیا ہے کہ بخاری و مسلم کی روایت مفید یقین ہے حالانکہ یہ بڑا دہوکہ ہے کیونکہ جو شخص اپنے دل مین سوچیگا
وہ بالبداہت تسلیم کریگا کہ صرف بخاری یا مسلم کی حدیث ہونے سے یقین کرنے کا فی نہین ہو سکتی کیونکہ
ان مین اکثر حدیثین ایسی ہین کہ جو ایک دوسرے کے نقیض ہین اگر ان سب پر یقین کیا جاوے تو نقیضین
یا قرن کا ماننا لازم آویگا علاوہ اسکے جبکہ بخاری و مسلم مین موقوف و مقطوع و معلق و مرسل و منقطع و مدرج
و مضطرب وغیرہ سب قسم کی حدیثین موجود ہین تو کس طرح انکا صحیح نام رکہا ہو کیونکہ انکو امہات کتابون

روایت بری کی اور بھلی نہیں ہی محمد علی کی تعصب طرفداری ہی یا بیہودہ گفتاری کہ مدارج النبوۃ
و روضۃ الاحباب مدارج النبوت پر بحکم نا اعتباری جاری کرتا ہی اور کتاب تاریخ و تہذیب
و تقریب کی نگہداری مثل مسلم و بخاری کرتا ہی بلکہ روضۃ الاحباب غیرہ تواریخ اور صحیح
بخاری و غیرہ احادیث کا ایک غازہ و انجام ہی اور ایک ہی مقصود ہر دو ہی دونوں میں کسی
قسم کا تعدد و دوری نہیں ہی اور اصلا فرق معنوی و صوری نہیں چنانچہ امام فخرالدین رازی نے
(ما کذب ابراہیم الا ثلث کذبات) صحیح بخاری کی اس حدیث کے بارہ میں لکھا ہی کہ بعضوں نے
پیغمبر خدا سے روایت کی ہی کہ ابراہیم نے جھوٹ نہیں بولا مگر تین بار تب میں نے کہا کہ ایسی حدیثوں
کو نہ ماننا چاہیے تو کہنے والے نے براہ انکار کہا کہ اگر ہم نہ مانیں تو راویوں کی تکذیب لازم آتی
ہی اس پر میں نے جواب دیا کہ چند نامعتبر آدمیوں کی طرف جھوٹ کی منسوب کرنے سے حضرت
ابراہیم کو کذب سے بچانا بہتر ہے فقط اگر میاں محمد علی امام فخرالدین کی اصل عبارت کی جستجو
کرینگے تو ہم فوراً روبرو کرینگے واعلم ان بعض الحشویۃ روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ما
کذب ابراہیم الا ثلث کذبات فقلت الاولی ان لا یقبل مثل ہذہ الاخبار فقال علی طریق الا
ستنکار ان لم نقبل لزمنا تکذیب الرواۃ فقلت لہ یا مسکین ان قبلناہ لزمنا الحکم بتکذیب
ابراہیم وان رددناہ لزمنا الحکم بتکذیب الرواۃ ولا شک ان صون ابراہیم عن الکذب
اولی من صون طائفۃ من المجاہل عن الکذب انتہی اسیطرح کتاب العالم والمتعلم میں لکھا ہی کہ امام
ابوحنیفہ نے قرآن کے خلاف ہونے کی جہت سے اوس حدیث کی تکذیب کی ہی جسکا سلسلۂ سند
محمد صاحب تک پہنچتا ہی اور وہ حدیث یہہ ہی کہ جب مومن زنا کرتا ہی تو ایمان اوسکے سر سے ایسے
نکل جاتا ہی جیسے کہ قمیص بدن سے فقط اوس کتاب کی اصل عبارت یہہ ہی (قال یعنی ابو
مطیع البلخی قلت فی اناس رووا ان المومن اذا زنی خلع الایمان من راسہ کما یخلع القمیص
ثم اذا تاب اعید الیہ ایمانہ أتشک فی قولہم او تصدقہم فان صدقت قولہم دخلت فی قول
الخوارج الخ جیسے کہ امام فخرالدین نے امام ابوحنیفہ نے دلائل عقلی کی بنیاد ڈالی اور صحیح بخاری

مشہور ہوا سیرت محمدی میں بہاری فتور ہوا اول بخاری نے حال رواۃ میں کتاب التاریخ تصنیف
کی اور بلا دلیل کسی کی تصحیح اور کسیکی تضعیف کی لاکہون حدیثون کو آب بہتری میں تر کیا۔
اسرار محمدی کو صندوق بیقدری میں بہر دیا صرف چار ہزار کا نام صحیح بخاری رکہا خرابی کا
نام بخاری رکہا جو منکر ہو کہہ آج کل مسلمانون کا دین ہے وہ اختراع بخاری وغیرہ محدثین
ہے حجابات کہ محدثون کو خوش آئی وہی صحیح قرار دی اور باقی ناقابل اعتبار کی جبکہ بخاری نے حال
رواۃ میں کتاب التاریخ بنائی تو تصدیق و تکذیب رواۃ حسب لخواہ کی او تعصب طرفداری
کی راہ لی کسی راوی کی تصدیق میں سند متصل مرفوع نہ دی اور کسیکی تکذیب بے دلیل شروع
نہ کی پس ازین ابن خثیمہ نے اپنی تاریخ میں اسماء الرجال لکہا اور خال خال راویون کے
احوال لکہا ابن سعد نے اسماء الرجال حال رواۃ میں کتاب مرقوم کی اور طبقات ابن سعد
موسوم ہوئی ابن ابی حاتم نے کتاب جرح و تعدیل لکہی باوجود اتنی کتابون کے اچھی طرح
پر کسی راوی کا چال چلن معلوم ہوتا تہا کیونکہ ان لوگون کی تصنیفات میں اقوال مختلف
جرح و تعدیل رواۃ میں مرقوم ہے ایک قول کی ترجیح دوسرے پر متصور نہین تہی جبکہ علماے
محدثیہ کو تجسس حال رواۃ میں تشویش ہوئی اور ترجیح ہمدگر کی تفتیش تو ابن حبان و ابن
شاہین نے ثقات کو جدا کیا اور ابن عدی نے ضعفا کو کتاب علیحدہ میں لکہا بعد اسکے ابونصر
کلابادی و ابوبکر منجویہ و ابوالفضل بن طاہر وغیرہ نے حال رواۃ میں کتابین لکہیں ہین یہ تمام
سرگذشت ابن حجر عسقلانی نے شرح نخبۃ الفکر مین تفصیلوار لکہی ہے یہان سے جانا جاتا ہے کہ ثقاہت
و ضعف رواۃ کتب اسماء الرجال کے مصنفین کی رائے پر منحصر تہا جسکو انہون نے چاہا اسکو
ثقہ لکہا اور دل مین آیا ضعیف کہا جسقدر روایات راویون کے حال مین کتب اسماء الرجال
مین اب تک رقمزدہ ہوئی ہین اون مین کوئی مرفوع نہین ہے اور کسی مین بطرف رسول کے
رجوع نہین ہے تہذیب تقریب تاریخ بخاری مین اور ملا مین محدث جمال الدین و شیخ
عبدالحق وغیرہ کی تاریخ نگاری مین فرق حق و باطل نہین ہے کہ دونون جانب سند مرفوع کوئی

مع انہم کلہم کانوا من اہل الدین والصدق والورع فلو رد حدیث ہولاء مع کثرتہم لضاع
کثیر من الآثار النبویۃ وہذا مفسدۃ ظاہرۃ یعنی اگر کہا جاوے کہ کیونکر حکم کیا جاتا ہے بتعدیل کے
شیعہ کو ثقہ ہو باوجودیکہ عدالت کے منافی بدعت ہے تعریف تو میں ماخوذ ہے تو جواب یہ ہے
کہ تشیع بغلو اور تشیع بلا غلو تابعین اور پیروان تابعین میں اکثر تہا باوصفیکہ کل وہ اہل دین
و صدق و ورع سے تہے پس اگر حدیث سب اونکی رد کیجاوے تو بسیار آثار نبویہ سے ضایع ہو جاوینگے
اور یہ مفسدہ ظاہر ہے خلاصہ اسیطرح کو بہت شیعہ ہین کہ جنکی روایتسے لبالب تمہاری کتب دینیہ
ہین اور ان مین سے بعضون کے نام یہہ ہین جریر بن عبد الحمید و خالد بن مخلد قطوانی و سعید بن فیروز
و سعید بن کثیر بن عفیر و سعید بن عمرو بن اشوع و عباد بن العوام و عباد بن یعقوب و عبد اللہ
بن عیسی بن عبد الرحمن بن ابی لیلی و عبد الرزاق بن ہمام و عبد اللہ بن موسی و علی بن
جعد و عبد الملک بن اعین مانند انکے اور بہت نام ہین کہ خوف اطناب سے تمام نہین جبکہ تمہارے
نزدیک منکر خلافت ابو بکر وغیرہ کا کافر ہے تو مجموعہ بخاری و مسلم مردود از اول تا آخر ہے کہ روایات
شیعہ سے بہرا ہے جنکی عادت ثلاثہ سے تبرا ہے شاید کہ مخالفین کی راے مین کافر فقہ ہے اور اوسکی
روایت ماخذ علم تفسیر و فقہ ہے اگر مسلمانون کی توجہ روز اول سے بطرف علم حدیث ہوتی
اور فی الجملہ تحقیق حال رواۃ ہوتی تو کسیطرح حدیثون مین اسقدر خرابی راہ پاتی اور کسیطرح
لاجوابی عذر خواہ آتی مطالعہ کتب جرح و تعدیل و اسماء الرجال سے معلوم ہوتا ہے کہ بخاری
وغیرہ سے پہلے مسلمان اپنی روایتون پر بلا تفتیش و تحقیق عمل کرتے تہے اور جو امر متصدی کہ مامن اہل
بہرتے تہے چنانچہ مناوی نے فیض القدیر مین فرمایا کہ فان الصدر الاول من شیاع المجتہدین
لم یعتنوا بضبط التوریخ وبیان الصحیح من غیرہ فوقفوا فی الجزم بنسبۃ احادیث کثیرۃ الی النبی
صلی اللہ علیہ وسلم وفرعوا علیہا الاحکام مع ضعفہا بل بعضہا بل علیہم الموضوع الخ اور
رجال و فن جرح و تعدیل مین کوئی کتاب موجود نہین تہی اور کوئی ترتیب آثار و کتب مدون
نہین ہوئی تہی تا وقت بخاری رہی اور یہ شہرت بلا جرح و تعدیل جاری رہی جبکہ بخاری

یقول لہ وخلفہ فی بعض مغازیہ فقال لہ علی یارسول اللہ خلفتنی فی النساء والصبیان فقال
لہ رسول اللہ اما ترضی ان تکون منی بمنزلۃ ہارون من موسی الخ پھر ایک راویان حدیث سے
عمرو بن العاص ہے جو کہ زنازادہ مشہور عام وخاص ہے جس نے جنگ صفین میں علی کے مقابل صف
ترتیب دی اور لوگون کو مرتضی کے مقاتلہ پر ترغیب دی خوف جان سے اپنا ستر مکشوف کیا اور
بصفت نامردی اپنے تئین موصوف ایک راویون مین سے بسر بن ابی ارطاۃ ہے کہ جنگ صفین
مین جس وقت علی نے اوسکو زمین پر دے مارا تو بیم مرگ سے کون برہنہ ہوا پس علی اوسکے قتل سے باز رہا
باوصف اس شجاعت کے جبکہ اہل یمن پر غلبہ پایا تو عبید اللہ بن عباس کے دو لڑکون کو ذبح
کیا چنانچہ تمہارے عالم ابن عبد البر کہ نے اپنی کتاب استیعاب مین لکھا ہے بسر بن ارطاۃ بن ابی
ارطاۃ القرشی یقال انہ لم یسمع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وبسر بن ارطاۃ عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم حدیثان احدہما لا تقطع الایادی فی المغازی والثانی فی الدعاء ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کان یقول اللہم احسن عاقبتنا فی الامور کلہا واجرنا من خزی الدنیا والآخرۃ و
کان یحیی بن معین یقول فیہ رجل سوء وقال ابو الحسن الدارقطنی ابو عبد الرحمن بسر بن ارطاۃ
لہ صحبۃ ولم یکن لہ استقامۃ بعد النبی صلی اللہ علیہ وسلم وہو الذی قتل طفلین عبید اللہ بن عباس
بالیمن فی خلافۃ معاویۃ فقط جیسے کہ صحاح ستہ کے اکثر راوی خارجی ہین ویسے ہی بہت رافضی
ہین چنانچہ ذہبی نے میزان الاعتدال مین ابان بن تغلب کے حال مین لکھا ہے انہ شیعی صلب
لاکنہ صدوق فلنا صدقہ وعلیہ بدعتہ وقال احمد بن حنبل وابن معین وابو حاتم انہ ثقۃ وذکرہ
ابن عدی وقال انہ کان غالیا فی التشیع یعنی ابان بن تغلب شیعی سخت تہا لیکن صدوق
ہے پس صدق اوسکا واسطے ہمارے ہے بدعت اوسکی واسطے اوسکے ہے اور احمد بن حنبل وابن معین
وابو حاتم نے کہا ہے کہ وہ ثقہ ہے اور ابن عدی نے ذکر کیا ہے کہ وہ مذہب تشیع مین غلو رکہتا ہے
فقط بعد اسکے ذہبی کہتا ہے ان قیل کیف یحکم بتوثیق المبتدع وحد الثقۃ العدالۃ المنافیۃ البدعۃ
ماخوذۃ فی تعریف الثقۃ فقلنا البدعۃ الصغری التشیع والتشیع بلا غلو کان کثیرا فی التابعین وتبع التابعین

تر شدہ یہ مسلمانی کو آفتاب سے سکو اور یہی بات کرنے لگے معنت اسلام پر لات دہر فرنگے خوب کیا
آپ نے اب ہم تم دونوں ملکر صواب حاصل کرین اور عروس مسلمانی کو پیرایۂ صدق سے شتاب
عاطل کرین ستم جہل و فریب ہنا تو ایک طرف ہے تبار از فرشتہ وحی لانیوالا دروغگو ہے جبکا گروہ
انبیا پیرو ہے تفصیل اسکی سورۂ صاد مین ہے اور ہماری کتاب عماد مین ہے انبیا بہی دروغ زن و
جعل ساز تہے اور فرشتہ پیغام رسان کے شریک انباز تہے تفصیل دروغبافی آدم و ابراہیم ہو چکی
اور عروس صدق ہمہ آغوش مسلکہ کذاب مین مقیم ہوئی جبکہ خود ذات انبیا کے لئے راست گفتاری
کی قید نہین ہے تو ان سے صحیح پیغام گذاری کی امید نہین اب صحابہ حضرت کی صفت گوش کیجئے جو
کہ احادیث محمدیہ کے اصلی راوی ہین اور جنکی صحت روایت پر مسلمانون کو بڑے بڑے دعادی ہے
شیخ عبد الحق دہلوی نے رجال مشکوۃ مین لکہا ہے کہ صحاح ستہ کے راویون مین سے ایک سمرہ بن
جندب صحابی ہے کہ خارجی حروری تہا اور علی بن ابو طالب کا دشمن حقوری دصوری چنانچہ سمرہ بن
جندب صحابی مشہور کان علی رأے الحروریۃ الخوارج و من قاریہم فی مذہبہم وکان من الحفاظ المکثرین
عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے راویان حدیث سے ایک مغیرہ بن شعبہ صحابی ہے جسکا مرتبہ
عداوت علی مین عالی ہے کہ ہمیشہ محمد صاحب کے داماد و عم زاد کو ناسزا کہتا تہا حاکم نے مستدرک مین
لکہا ہے حدثنا ابو بکر محمد بن داؤد بن سلیمان ثنا عبد اللہ بن محمد بن ناجیہ ثنا رجا بن محمد العذری
ثنا عمرو بن محمد بن ابی رزین ثنا شعبۃ بن مشعر عن زیاد عن علاقۃ عن عمران المغیرۃ بن شعبۃ
سب علی ابن ابی طالب فقام الیہ زید بن ارقم فقال یا مغیرۃ الم تعلم ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نہی عن سب الاموات فلم تسب علیا وقد مات۔ حدیث کے راویون مین سے ایک معاویہ
بن ابو سفیان ہے جو کہ اپنے عہد حکومت مین علی کو دشنام دیتا تہا اور لوگون سے بہی یہی کام
لیتا تہا چنانچہ ابن اثیر نے جامع الاصول مین صحیح مسلم و ترمذی سے روایت کی ہے ان معاویۃ
ابن ابی سفیان امر سعدا فقال لہ ما منعک ان تسب ابا تراب فقال اما ما ذکرت ثلاثا
قالہن لہ رسول اللہ فلن اسبہ لان یکون لی واحدۃ منہن احب الی من حمر النعم سمعت رسول اللہ

قواعد عقلیہ نہین ہے اور مطابق ضوابط عدلیہ نہین اگر محمد حسین صاحب احادیث کو قیل و قال زبانی پر چہوڑتے تو شیشۂ جمعیت سنگ پریشانی پر نہ توڑتے اگر حدیثین حیات پیغمبر یا ابوبکر و عمر قلمبند ہوتین تو کیونکر منقسم باقسام چند ہوتین کسواسطے ایک فرقہ دوسرے کی احادیث کو دروغ کہتا اور اپنی روایات کے لئے طالب فروغ رہتا یہ سب خرابیان اسی سبب سے محسوب ہوئی ہین کہ احادیث انتقال پیغمبر سے دو سو برس بعد مکتوب ہوئی ہین اگر محمد حسین صاحب بنفس نفیس حدیثون کی تکمیل شمار کرتے تو کیونکر سنی و شیعہ اونکو قلیل و بسیار کرتے اکثر حدیثین ایسی ہین کہ عام سنی اونکی اطاعت کے قایل ہین اور وہابی اونکی اشاعت کے حائل ہین چنانچہ طبرانی نے روایت کی ہے وان اراد عونا فلیقل یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی یا عباد اللہ اعینونی وقد جرب ذلک یعنی جو چاہے مدد پس چاہیے کہ کہے اے بندو خدا کے مدد کرو میری اے بندو خدا کے مدد کرو میری اے بندو خدا کے مدد کرو میری اور تحقیق آزمایا گیا ہے یہ امر فقط دیکھو تمام سنی اس حدیث کو صحیح کہتے ہین مگر وہابی موضوع و ضعیف اگر تمہارے بیان کے بطرح کے قواعد مشروح ہوتے تو کسواسطے تمہاری عقاید مجروح ہوتے فی الجملہ چونکہ حدیثین بیرایہ تحریر سے عاری رہی ہین زیر مشق افراط و تفریط ساری رہی ہین **قولہ** مثلاً ایک شخص آج ہی کی تاریخ کا لکہا ہوا ایک نوشتہ ہمکو دے الخ میانجی صاحب لکہا ہوا نوشتہ سے کیونکر متمایز ہے اور پرچہ کے معنی مین نوشتہ کسطرح جائز ہے اسکے مع زبانی پر دعوی سحبانی ہے اور اس ابجد خوانی پر ادعائے سخندانی آپکی آنکہون مین چربی چہائی ہے اور یہ دماغ مبارک مین آپکے رعنائی سمائی ہے ہم آپکو نوشتہ اور لکہے ہوئی کو لغو سمجھکر التفات نہین کرتے اور بحث لفظی مین بات نہین اب گفتگو معانی ہوتی ہے اور قسمت مسلمانی سوتی ہے لفظ مثلا سو لیکر آپ نے جو مثال لکہی ہے وہ خارج از بحث بالتمام ہے اور برخلاف اقتضائے مقام ہے یہان بحث اس بات مین تہی کہ اگرچہ گروہ رواۃ نیک خصال و دیانتدار ہے مگر سیکڑون برس کی زبانی روایت کی حفاظت محال و دشوار ہے اب تک آپ اس بات کا جواب دے سکے متاع

کتابی روایت یکسان ہوتی تو کسواسطے رحمت عمر خوف فقدان قرآن سی بمرتبہ نہایت لرزان
ہوتی شاید کہ روایت قرآن اون ضوابط موہومہ کی موافق تھی اور اون قواعد مرقومہ کی
مطابق نہ ہو پسر قرآن کا اعتبار نہ تہا کہ اوسکی حفاظت مین اون ضوابط کا مدار نہ تہا اگر اسطرح
زبانی روایت ہزار برس کی اور ایک ساعت کی برابر ہوتی تو کسواسطے موت پیغمبر کے دو برس
بعد خاطر عمر پریشانی قرآن کے سبب سے پر خطر ہوتی محمد بن اسمعیل نے کسواسطے صحیح بخاری بنا
اور کسواسطے مدت مدید تک مشقت و دشواری اوٹہائی اگر تمہاری محفوظہ ضوابط کی کچھ بھی
اصل ہوتی تو کسطرح ہر ایک فرقہ اسلام کا اپنی خواہش کی موافق نئی نئی حدیثین وضع کرتا
اور کسواسطے لوگون کو فریب دیکر کلمہ مسلمانی پر طمع کرتا چنانچہ مظاہر حق مین منقول ہے کہ محدث
نسائی نے ایک کتاب منقبت علی بن ابو طالب مین تصنیف کر کے چاہا کہ وقت مجمع کے مسجد
جامع دمشق مین اوسکو پڑہے تا کہ وہان کے باشندہ کہ مذہب نواصب رکہتے تہے راہ پر آئین
چنانچہ ایک دن اوس مسجد کے مجمع مین تہوڑی سی وہ کتاب نسائی نے پڑہی تہی کہ ایک
شخص نے مجمع سے دریافت کیا کہ مناقب حضرت معاویہ مین بہی کچھ تو نے تصنیف کیا ہے نسائی
نے جواب دیا کہ مناقب معاویہ میرے نزدیک صحیح نہین ہوئی یہ سنتے ہی اون لوگون نے نسائی
کو اسقدر مارا کہ اوسکا حال بطور ہوا حتی کہ فی الفور مر گیا فقط یہان سے ثابت ہے کہ سنیون
کے نزدیک منقبت علی صحیح ہے اور نواصب کی راے مین منقبت معاویہ صحیح ہے اگر روایت منقبت
اصلی راویون کی ساتھ تحریر ہوتی تو کسواسطے محدث نسائی کی تحقیر ہوتی کسواسطے ہر ایک
فرقہ یہ دعوی کرتا کہ ہماری روایت اصلی ہے اور دوسرے کی حکایت جعلی **قولہ** اور
جو چیز کہ مطابق اون ضوابط کے نہو گو کہ وہ مکتوب ہی ہو اصلا معتبر نہین فقط سنی کہتے
ہین کہ ہماری احادیث اون ضوابط کی مطابق ہین لہذا اعتبار کی لائق ہین اور
روایات شیعہ لائق اعتبار نہین ہین کہ اون ضوابط کی موافق زنہار نہین ہین حضرت
شیعہ احادیث اہل سنت کی پامال کرتے ہین تو ایکطرف سے ابطال کرتے ہین کہ کوئی موافق

یہہ تہا کہ پیر مرد جانے کہ یہہ شخص عراقی ہے کیونکہ عرب کے لوگ عراقیون کو اہل الماء کہا کرتے تہے
علماء محمدیہ عیب پوشی کے لیے اسکے معنی یون کہتے ہین کہ ہم آب منی سے پیدا ہوئے ہین مگر یہہ انکی
بناوٹ ہے کیونکہ کل انسان و حیوان کی پیدایش آب منی سے ہے خصوصیت محمد و صحابہ کی کسواسطے
ہے اس جگہہ محمد صاحب نے دو گناہ کیے ایک دروغ بافی اور دوسرے وعدہ خلافی وعدہ تو موافق انکے
حال ہے اونکو نہ دی اور عہد شکنی پر نظر نہ کی برخلاف واقع کہا کہ ہم اہل عراق ہین اور اصحاب
محمد و قریش کہ مشتاق حضرت کی حیلہ جوئیان فراخ ہین اور دروغگوئیان شاخ در شاخ
اگر کل کی تفسیر ہووے تو ضخامت کتاب کثیر ہووے ؎ گر نویسم وصف آن بیحد شود
نسخہ ام هفتاد من کاغذ شود ٭ اہل اسلام جان لین کہ جسکی ذات بابرکات دروغگوئی
مین لاثانی ہوگی کیونکر لائق اعتبار اوسکی پیغام رسانی ہوگی پس قرآن کتاب سماوی
نہین ہے اور صحیفہ نورانی نہین **قولہ** پس ہر آئینہ رعایت اون ہی قواعد کی معلوم
ضروری ہے فقط اگر آپکے قواعد موہومہ کی رعایت ضروری ہوگی تو تکذیب قرآن بدرجہ
غایت پوری ہوگی کہ اوسکو سچا نبی اوسکے نزدیک جہوٹ بولنا گناہ نہین تہا اور جہوٹا
راندہ درگاہ نہین اگر اوسکو دروغگوئی سے رنج ہوتا تو کیونکر وہ خلاف واقع سخن بنج
ہوتا اگر اوسکو جہوٹ بولنے سے اندیشہ ہوتا تو کسواسطے کذب صریح مسلمانون کا پیشہ ہوتا
علاوہ اسکے اگر کوئی قاعدہ و ضابطہ تحقیقات حدیث مین کارگر ہوتا تو صحت و غلطی روایات مین
محدثین کا اختلاف کیونکر ہوتا حالانکہ جس حدیث کو ایک محدث غلط صحیح جانتا ہے اسیکو
دوسرا محقق صحیح مانتا چنانچہ سفر السعادت کے خاتمہ مین لکہا ہے کہ (جب قلتین پانی ہو تو
ناپاک نہین ہوتا جسکو اسے صحیح کہتے ہین اور بعضے غیر صحیح فقط یہان ایک ہی مثال کافی
ہے آئندہ تفصیل حال باقی ہے اس تقریر سے معلوم ہوا کہ تمہارے قواعد و ضوابط محض خیالی
ہین اور اصلیت سے خالی **قولہ** پس جو چیز کہ مطابق اون ضوابط کے ہے خواہ مکتوب
ہو خواہ زبانی خواہ ہزار برس کی خواہ ایک ساعت کی ہر آئینہ مقبول ہے فقط اگر زبانی

**قولہ** علاوہ برآن یقین اس امر کا کہ آیا یہ نوشتہ واقعی اوسکی طرف سے ہے جسکی طرف منسوب کیا گیا ہے بدون مراعاۃ قواعد مذکورہ کی متصور نہین الخ جبکہ آپکو موعودہ قواعد کا اثبات موہوم ہے تو اونکی مراعاۃ معلوم ہے البتہ ہمارے قواعد کی رو سے قرآن از جانب خالق نہین ہے کیا اوسکا بہنچانیوالا جبرئیل صادق نہین ہے بلکہ دروغگو ہے اور حیلہ جو کہ از راہ تنہ پیعلاؤ وکے منہ سے قصہ خوش پیش کیا اور جگر پرستی بمکر خویش ریش جسکا ماعم تم توریہ وایہام وہر تو ہوا اور جسکو ذریعہ سے جہوٹی تاویل پر اتر دعام کرتے ہو جو کچہہ کہ آپ نے مکر و فریب انبیا و ملائکہ کی تاویل کی ہے وہ بے قال وقیل نزاع لفظی ہے جو کوئی بانی دروغ اور مکار ہوگا اوسکی پیغام رسانی کو کیونکر فروغ اور اعتبار ہوگا یہہ مسلمانون کے پاس قرآن بواسطہ موجد شورو شغب آیا ہے جس نے خاتم الانبیا لقب پایا وہ حضرت بھی مروج مکر و خدع تہے اور قاطع بنیان صبر وورع اونہون نے اکثر بار جہوٹ بولا اور بلوایا ہے اور لوگون کو منتہہ پر باب مکر کہولا اور کہلوایا ہے روضۃ الاحباب مین جنگ بدر کے باب مین لکہا ہے کہ جسوقت محمد کو خبر ملی کہ قریش واسطے مدد قافلہ کے مکہ سے چلے آتی ہین تو حضرت نے اپنے یارون سے مشورہ کیا سب نے یہی رائے دی کہ اون سے ضرور لڑنا چاہئے پس مدینہ سے باہر نکلے جبکہ بدر کے قریب پہنچے تو قریش کی خبر دریافت کرنے کے لئے ایک یار کو ہمراہ لیکر لشکر سے باہر آئے کچہہ دور چلکر ایک پیر مرد ملا محمد صاحب نے اوس سے پوچہا کیا کہ تجہکو قریش و محمد کی بہی خبر ہے وہ بولا کہ مین نہین بتلاتا جب تک کہ تو نہ بتلاوے کہ تم کون ہو محمد صاحب نے فرمایا کہ جسوقت تک تو میرے سوال کا جواب دیگا تب تک مین نہ بتلاؤنگا کہ ہم کون ہین اوسوقت پیر مرد نے کہا کہ مین نے سنا ہے کہ فلانی تاریخ محمد و صحابہ مدینہ سے نکلے ہین اگر یہہ خبر راست ہے تو آج محمد کا مقام فلانی جگہہ ہوگا اور اوس جگہہ اوس دن مسلمان مقیم تہے پہر پیر مرد بولا کہ مجہکو خبر ملی ہے کہ فلانی تاریخ قریش مکہ سے چلے ہین اگر یہہ خبر صحیح ہے تو آج فلانی جگہہ ہونگے اور قریش اوس روز وہان ہی منزل گزین تہے تب اوس مرد نے کہا کہ اب تم بتلاؤ کہ تم کون ہو محمد صاحب نے جواب دیا کہ نحن من الماء یعنی ہم پانی سے ہین مقصد حضرت کا مطلب

کسواسطی قائل ہین کہ معاملات شرعی مین اطاعت عقل بڑا عیب ہے بلکہ مخالفت حکم عالم الغیب ہے
**قولہ** اور چونکہ ظاہر ہے کہ محو و کتابت بھی بدون رعایت ضوابط و قواعد مذکورہ کے الخ کلمہ
مذکورہ اوسی بات کیلئے لائے ہین کہ جسکی اوپر تشریح ہو چکی ہو وا پھر اوسکے ذکر کی احتیاج
پڑی حالانکہ آپ ذرا بھی تک اون ضوابط و قواعد کی کسیجگہ تفصیل نہین کی اور شکل مسلمانی
بطور ناقص و مجمدہ بیل نہین بڑی بیحیائی ہے کہ جس بات کی اصل نہین ہے اوسکو لفظ مذکورہ کے
ساتھ تعبیر کرتے ہو خشت بد کا نام بد زبیرہ مرتی ہوا اگر آپکے خیال خام مین کوئی واہیات سمائی
ہوئی ہے اور قواعد عقلیہ عقیدہ اہل اسلام مین وہی بات آئی ہوئی ہے تو جسوقت آپ اوسکو بنظر
استحسان پیش کرینگے ہم فوراً بدستہ تکذیب آپکا اول وہان پیش کرینگے مسلمانون مین کوئی
عقلی قواعد نہین ہے اور آپکی مذہبیت کے لئے کوئی اصلی نشانہ نہین اگر مسلمانون کے نزدیک
کچھ عقل کی حقیقت ہوتی تو کسواسطے قرآن اونکی شریعت ہوتی **قولہ** یعنی احتمال سہو
کاتب کا کتابت مین بھی ہے فقط اگر محمد صاحب اپنے سامنے احادیث کو کتابت کراتے اور راقم بطور
بطور رواۃ سے حفاظت فرماتے اور اتفاقاً سہو کاتب سے کوئی غلطی واقع ہوتی جس سے صحت حدیث
ضائع ہوتی تو جسوقت وہ کتاب دوبارہ محمد صاحب کے سامنے مقابلہ کیلئے پیش کیجاتی تو جیسی
چاہیے اصلاح ذکر و بیش دیجاتی جبکہ اوسکے متعدد نسخے پیدا ہوتے تو قدیم کی موافق جدید ہوتی
کیونکہ جس نسخہ سے دوسرا نسخہ تحریر کیا جاتا ہے اوسی سے نسخہ منقولہ کا مقابلہ ہر تقدیر کیا جاتا ہے
جسطرح کہ اب سہو کاتب کا علاج کرتے ہین اوسیطرح تب ممکن تھا البتہ جو روایت کہ دو
تین سو برس تک زبانی چلی آتی ہے اوسکے راویون کا سہو علاج پذیر نہین ہے اور مسلمانون
کے پاس اوسکے دفعیہ کی اور کوئی علاج تدبیر نہین کیونکہ جس روایت کا راوی ایک ہو اور
اوسکو سہو لاحق ہوا تو کون یاد کرا سکتا ہے جس روایت کے راوی بہت ہین اور اتفاق ایسا
ہوا کہ سب بھول گئے تو زبانی روایت مین کمی بیشی ضرور ہوگی اور اصلیت روایت دور ہوگی
مقصود آنکہ سہو کاتب کا علاج آسان ہے اور سہو راوی کی تدبیر دور از امکان ہے—

احادیث کو غلط خیال کرتے ہین اور شیعہ سنیون کی حدیثون کا ابطال کرتے ہین دو سو برس
تک عدم کتابت احادیث کا یہی ثمرہ ہوا اگر اسیطرح قرآن بہی بے تحریر بہت زمانہ رہتا
تو شیعہ سنی اپنا اپنا قرآن جداگانہ کہتا ایک دوسرے کے قرآن کو موضوع جانتا اور سلسلہ وحی تو بالکل
منقطع ہو جاتا اب قرآن مین جسقدر اختلاف قاری ہین اور جسقدر نسخہ جاری ہین یہہ سب اوسیکا
نتیجہ ہے کہ تحریر پیغمبر کی حین حیات ہو رہا تہا اور زید بن ثابت سے لوگون نے مثل زبانی روایت کیا تہا
اگر محمد صاحب کی حین حیات قرآن مدون ہوتا تو ان خرابیون سے بالکل امن ہوتا **قولہ** اور مطابق
ضوابط عقلیہ کے جو سمعیات کے اعتبار کیلیے واسطے ضروری ہین الخ اون ضوابط عقلیہ کا بیان کیجئے وہ نشان
دیجئے جو کس کتاب مین مذکور ہین اور کس حکیم کی رائے سے اصول بین منظور ہین بہت جگہ آپ قواعد عقلیہ
کا ذکر کرتے چلے آئے ہین مگر کسی جگہہ پوری پتا نہین دیا بلکہ فکر مسلمانی کے لئے حلیہ جلوہ گری عطا نہین
کیا یا یقین یہہ میان جی کی دم بازی ہے وعدہ امروز فردا کے ساتھ عاشق نوازی ہے **س** فگندہ
تو بدنبال خویشتن مارا ٭ چو قرعہ دار پریشان بیان وعدہ خلاف ٭ جیسے کہ آپ ضوابط عقلیہ
کا مکر پیش کرتے ہین اسیطرح شیعہ بہی اون ہی ضوابط عقلیہ پر مکر پیش کرتے ہین پس کیونکر آپ
اونکی احادیث کو دروغ جانتے ہین اور کسواسطے وے تمہارے دعوی کو بیفروغ مانتے ہین جائے تعجب ہے جس
صورت مین سارے قواعد تمہارے اور اونکے برابر ہین پس کس لئے ایک کی احادیث دوسرے کی رائے مین نامعتبر
ہین اگر بالفرض ہنود کے یہان بہی روایات اہل کمال زبانی تہین اور تین سو دو سو برس تک پامال
پریشانی تو شاید فرقہ ہنود تاریخ کا یکتا شمار کیا جاتا بلکہ سنی و شیعہ کا باوا قرار دیا جاتا اس سے
معلوم ہوا کہ تمہارے ضوابط عقلیہ کو ذرہ برابر بہی استحکام نہین ہے جیسے کہ ریت کی دیوار کہ چندان قیام
نہین علاوہ اسکے جبکہ آپکی سمعیات کا مدار عقل پر ہے اسواسطے اختلاف اہل سنت و معتزلہ زیادہ تر
ہے اسی سبب سے سید احمد خان صاحب سے سنی لوگ کشیدہ ہین اور اونکی تاویلات جدیدہ و
تسویلات سنجیدہ سے رنجیدہ ہین کہ وہ بہی سمعیات کو موافق عقل کے لگاتے ہین اور وجود شیطان
و آسمان وغیرہ کو لائق دخل کی جانتے ہین پہر مولوی روم و شاہ عبد العزیز وغیرہ آپکے اکابر

تاب کچھ نہی اور چونکہ ظاہر ہی کہ مجرد کتابت بھی بدون رعایت ضوابط و قواعد مذکورہ کو
مفید یقین و ظن غالب نہین یعنی احتمال سہو کاتب کا کتابت مین بھی ہی علاوہ بر آن
یقین اس امر کا کہ آیا یہ نوشتہ اوسی کی طرف سے ہی جسکی طرف منسوب کیا گیا ہی بدون
مراعات قواعد مذکورہ متصور نہین پس ہر آئینہ رعایت اون ہی ضوابط کی مقدم و ضروری
ہے پس جو چیز کہ مطابق اون ضوابط کو ہی خواہ مکتوب ہو خواہ زبانی خواہ ہزار برس کی ہو
خواہ ایک ساعت کی ہر آئینہ مقبول ہی اور جو چیز مطابق اون ضوابط کے نہو گو کہ وہ مکتوب
ہی ہو اصلا معتبر نہین مثلا ایک شخص آج ہی کی تاریخ کا لکھا ہوا ایک نوشتہ ہمکو دے
اور بیان کرے کہ یہ زید کا لکھا ہوا ہی اور وہ شخص لایعرف لایتہم بہ جہل و فریب ہو اور دوسرا
شخص جو نہایت ثقہ اور مشہور ست و عدل ہو اور ہمکو اوسکی عقل و حفظ پر بھی اطمینان کلی ہو
ایک خبر زبانی زید کی ہمکو پہنچاوے پس صاحبان انصاف فرماوین کہ ان دونون مین
کون سی قابل اعتبار کے ہی **جواب** یہان جسقدر آپ نے شیخی ماری ہی وہ بالکل کذب
نہاری ہی و بالتمام برعکس بل انصاف لاف ہی اور مثل اقوال اجلاف گذاف ہی اگر زبانی
روایت پر کسیقدر اطمینان ہوتا تو بعد انتقال پیغمبر عمر کیونکر سعی اجتماع قرآن ہوتا تشویش
عمر سے جانا جاتا ہی کہ زبانی روایت کو پایداری نہین ہی دیوار ریگ کو استواری نہین جو
کوئی زبانی نقل کو کتابت پر ترجیح دیتا ہی وہ شاہراہ راہ صواب سے فرار کرتا ہی اور عاقبت
اندیشی خلافت مآب سے انکار اگر زبانی روایت کو کتابت پر ترجیح ہوتی تو کسواسطے تقسیم
حدیث باقسام موضوع و ضعیف و مرفوع و صحیح ہوتی چونکہ قرآن بقید کتابت در آیا صحیفہ
افراط و تفریط سے ستارہ حفاظت بر آیا اگر روایت قرآن بھی تا دو صد سال زبانی ہوتی
تو نقل قصہ و کہانی تھی کسی سورہ کا اعتبار بیش کسی کا کم ہوتا اور مصحف قرآن باہتمام
گوناگون متہم زبانی روایت کی کتابت پر ترجیح تو ایک طرف ہی اگر دونون باتین برابر ہوتین
تو سنی و شیعہ کی حدیثین متفق سراسر ہوتین حالانکہ دونون جدا گانہ ہین حتی کہ سنی شیعون کی

ذہبی وید پر تفسیر بنائی جسکو براہمن کہتے ہیں چنانچہ رگ وید کا براہمن ایتریہ ہے اور یجر وید کا براہمن شت پتھ
ہے اور سام وید کو سام بیدیان وغیرہ آٹھ براہمن ہیں اور اتھرب وید کا گوپتھ براہمن ہے اور اپنشد اپنے متعلقہ
اوپنشد وید اور براہمن کو دھیان میں جن میں پرمیشور کی اوپاسنا اور گیان ہیں اصل وید جو کہ قول پرماتما کے
وہ صرف منتر ہی ہیں اور ان سب کو وید کہتے ہیں غرضکہ وید مقدس کے لئے کسی وقت راویوں کی حاجت
نہیں رہی کہ اوسکی عبارت زبانی رکھنی پڑی اور کتابت نہیں رہی اگر کچھ مدت وید اقدس بھی تحریر
رہتا تو قرآن و حدیث کیطرح محتاج راویان ناگزیر رہتا اسیطرح جسوقت رشی لوگ
چھ شاستر کے بانی ہوئے تو اسوقت قلم رانی ہو کر تحریر بید رنگ گیا اور یا تبدیل و تغیر
سنگ ابھی روز سے درس و تدریس کی بنیاد ڈالی اور تدبیر عمل و کشاد نکالی پس پہلا گوتم
رشی نے سانکھیہ درشن کی تفسیر بنائی اور واتسیاین رشی نے نیائے درشن کی اور ویشیشک درشن
کی گوتم رشی نے اور میمانسا درشن و یوگ درشن کی بیاس رشی نے اور بیدانت درشن کی
بودہاین رشی نے اسیواسطے پرانون کا ہمارے نزدیک اعتبار کلی نہیں ہے کہ اونکی روایت مدت
تک زبانی رہی ہے اور تھوڑے پنڈت دگیانی چونکہ بیاس نے کوروں اور پانڈوں کی
جنگ کی نفیس معلوم کی اور چوبیس ہزار شلوک کے درمیان منظوم اسواسطے وہ بھی معتبر
ہے اور تفصیل اسکی اور بہت سی ہماری مستند و معتبرہ کتابون میں افراط و تفریط کی
گنجائش نہیں ہے اور شبہہ کمی و افزایش نہیں میان محمد علی جو زبانی نقل کو کتابت پر ترجیح
دیتے ہیں وہ اونکا حمق ہے اگر اوسکی کچھ اصلیت ہوتی تو کسواسطے اجماع قرآن پر ابوبکر و عمر
کی مشورت ہوتی بلکہ بجنسہ پراگندہ قرآن کو چھوڑ تو سنگ پریشانی سے سرا ایمان کو
توڑ دیا ہے مولوی جی کی نیت بکر فکر سے بھی رضا دیکاتی ہے اور دست روی سیلی انکار
کھائی ہے **شکست فاش** جب ہمارے یہان نقط بالحفظ ایسے احکام کو ساتھ
ہے کہ کتابت پر اوسکو ترجیح ہے اور مطابق ضوابط عقلیہ کے جو مسلمات کو اعتبار کرنے کے
واسطے ضروری ہیں وہ ضابطے ضروری ہیں تو ہمکو ضرورت کتابت مدون کی اوسوقت

بحث لفظی طبیعت رجوع ہین ہوا اور ہماری جانب سے نزاع لفظی شروع ہین مگر چونکہ
مخالفین خوان ہی باتون پر فخر کیا ہم نے طبیعت حق طویت پر جبر کیا اب بحث معانی کرتا
ہون اور میان محمد علی کی تلخ زندگانی جسوقت وہ ہماری تحقیقات پر نظر التفات نگاہ
غیرت کی مارے زہر ہمات کہانگی یہہ انکی بیحیائی ہے کہ روز اول سے اپنے دین کے قواعد وضوابط
عقلیہ کا دعوی کرتے چلے آتے ہین مگر آج تک ایسا ثبوت کوئی نہین دیا کہ جسکی بنیاد عقل پر
ہووے اب ہمارا کلک گوہر بار آپ کی ابکار افکار کی شمار کرتا ہے اور ہر ایک کے بوسیلہ تفننا
سے تسکین خاطر افگار اور دل بیمار کرتا ہے **قولہ** ترجمہ کوئی اور ملت والا جو ہمارے سامنے شبہہ
کرکے تحقیقات سمیت اپنی ملت کا دم بھرے اسے شرم نہین آتی کہ ہمارے اعتراضات کے جواب سے
آپکے اکابر آج تک دم دبا کے چلے آتے ہین اور یہ دردیتا تازیانہ الزام کہا تو جسوقت کہ سر
اوٹھایا جادہ سے جھکایا پھر دم نمارا اور راہ بحث مین قدم **ـــہ** نہو کم فہم ہم فہم ہم سخن دانند
نہو صاحب نفس خوشدل انسان ہو جو عبید اللہ کہ قدوۂ ابلہان ہے وہ کہان ہے رانده
درگاہ خوش دوکے ہوا اور آوارہ دشت بلا ایسا الزام کہا یا کہ آج تک بحث ومباحثہ
کا نام نہ لیا وہ حق بیانی کیسے کرین جن کلام نہ کیا **ـــہ** دیکھو عقب کلکم بجنبش آرد نیش
شتو حسود بسوراخ مار ستواری قطب الدین حسین شاہ اسی آرزو مین ہلاک ہوگئے کہ بیاک
ندامت سے سر بالا کرین اور اندر ہی کے متنازعین کا عذر کالا احمد الدین خان ذکار
معقول کیا کہ جن کو سانپ سا کوئی مقول لیا استقدر ندامت سے رو دیا کہ اعجاز محمدی کو آب
خجالت سے دہو یا بحث وہ باتھ سے تا بآسانی اوٹھایا اور نتیجہ رسوائی سے دامن ہمانی بچایا
سیہ ہی حال آپکا ہونیوالا ہے یا ساکت ہوگئے یا حیرت سے مارے مائیت بیجولات طولانی فراموش
ہوگئی اور زبان شوخ بیانی خاموش **ـــہ** ہون نہ تھی کہ زمانہ مین مباطہ زسخن
آپ ہی آپ بجتی ہین جھنجھوالی ہم نے آپکی سمتیا کا ایسا رد لکھا کہ آپکو قیامت تک اپنی
جرأت جواب نہوگی اپنے ترشن کیسے کرین ملت کینے کی طاقت وتاب نہ **ع** مردان رہ دانشے

ہی جس سے علم اتفاق این و آن واقف کون ہی اسواسطے کتنی ہی حدیثین ایسی ہین کہ جن کو
ایک محدث صحیح کہتا ہی اور دوسرا موضوع چنانچہ طبرانی نے روایت کی ہی کہ محمد صاحب
علی مرتضی کی آغوش مین سر رکھکر سو گئے جب حضرت جگے تو معلوم ہوا کہ علی مرتضی نے عصر کی
نماز نہین پڑہی لہذا فرمایا کہ الہی علی تیری اور تیرے رسول کی اطاعت مین تہا تو آفتاب
کو پہیر دے پس آفتاب پہر نکل آیا یہان تک کہ علی نے عصر کی نماز پڑہ لی اور یہہ واقعہ خیبر
مین ہوا تہا ترجمہ دار الشفا مین لکہا ہی کہ طحاوی و قاضی عیاض اس حدیث کی صحت پر اتفاق
کرتے ہین اور ابن جوزی وغیرہ اس پر موضوع ہونے کا اطلاق کرتے ہین چونکہ سورج کا پلٹ
آنا عقلاً محال ہی اسواسطے یہہ حدیث غلط ہی جہان ہی بخاری وغیرہ بہی بعضی باتون مین عقل کے
پابند تہے اور لاکہون فقرے حدیث کے جنکو عقلاً ناپسند تہے اسیطرح ابو داؤد وغیرہ کو جو کچہہ عقلاً
پسند آیا وہی قلمبند فرمایا باقی کو تہ پلے نے اعتبار رکہا آیندہ کو یہہ ہی آتے [illegible] بخاری رکہا
یہہ سب عقل کی کارخانے ہین باقی چیلے [illegible] زمانہ مین [illegible] آنکا عقل [illegible] تک
ہر گہڑی [illegible] اور مسلمانون کو کہین ہین سنگ پڑہی ہی [illegible] علمی [illegible]
بکر فلک کی تعریف کرتی ہین اور [illegible] انعام حوالہ نفس [illegible] کرتے ہین شکر
سب ہماری تحقیقاتون اور قواعد و ضوابط عقلیہ کا در باب سمعیات کی یہہ حال ہی [illegible]
اور ملت والا جو ہمارے ساتھ منہ کرکے تحقیقات سمعیات اپنی ملت کا دم بہرے اور تردد کی
تو اصل ہی کیا ہی کہ انکی ملت مین کچہہ تحقیقات سمعیات کی نہین ہوئی بقول عبید اللہ کے
کہ وہ تو تاریخ کی بہت کچہ ہین اور تصدیق انکی صاف ظاہر ہی کہ باوجودیکہ لالہ صاحب
نے اپنے قول پر عبید اللہ کے بحث طویل ترتیب علم کی مکرات تک کی سوال کا جواب
کچہہ نہین دے سکے **جواب** اے متکبر اگر تو صرف و نحو کا عالم ہی تو بتلا کہ (تحقیقاتون)
جمع تکسیر یا سالم ہی دونون قسم کی جمع کے جتنے اوزان ہین دے سکتا ہی صرف دان و
نحو خوان ہین انکی تحقیق پر دعوی یکتائی ہی اس سے زیادہ کون سی بیحیائی کا ہی ہر چند بطرف

تکذیب پر آمادہ ہوا ابن جوزی محدث نے اپنی کتاب تلبیس ابلیس میں محدثین و متکلمین و صوفی و فقیہہ و ارباب جرح و تعدیل و اصحاب توجیہ و تاویل وغیرہ کو عرض کرکے تلبیس ٹھیرایا کو
اور نحو میں جیا فصاحت و بلاغت بیاد بان عبارت سلیس تسرا یا اور ہزاروں حدیثون کو
ترپلے سے بے اعتباری کہاہے اور طاق بلند پر حرف صحت مسلم و بخاری رکھاہے اوس کتاب
کی یہ عبارت بقدر نمونہ ہے جس سے علم صحت فقہ و حدیث واضح ہوتا ہے وکر تلبیسہ علی الفقہا کان
الفقہا فی قدیم الزمان ہم اہل القران والحدیث فما زال الامر یتناقص حتی قال المتاخرون
یکفینا ان نعرف آیات الاحکام من القران وان نعتمد علی الکتب المشتہرۃ فی الحدیث
کسنن ابی داؤد ونحوہا ثم استہانوا بہذا الامر الخ اسی پر باقی کتاب کو قیاس کیجیے اور بتابی
قطع کاہ حدیث و فقہ کے واسطے یہی سبب ہے کہ شیعہ سنیون کی حدیثون کو باطل کہتے
ہین اور سنی حدیث شیعہ کو لا طائل اسیواسطے بخاری و ابو داؤد نے گیارہ لاکھ حدیثون میں سے
پانچ ہزار اور چھ سو حدیثین واسطے کتاب ترتیب کے نکالین اور دس لاکھ چورانوین ہزار
چارسو درمیان آپ تکذیب کرڈالین اسیواسطے اکثر حدیثین ایسی ہین کہ انکو کوئی محدث
موضوع کہتا ہے اور کوئی صحیح اگر حدیثین بھی عہد خلافت مین قرآن کی طرح کتابی ہوتین
تو کسواسطے اتنی خرابی ہوتین بر تقدیریکہ قرآن بھی زبانی رہتا تو حدیث کیطرح مجموعہ پریشانی
رہتا شاید پانچ آیتون مین سے کوئی شاید ستر صحیح قرار پاتین اور باقی مانند حدیث بیکار جاتین
چونکہ یہی ابوبکر و عمر داخل قرطاس ہوا پاسے تغیر و تبدیل سے محفوظ رہا اس سبب **قولہ** علاوہ
ان سب امور کو اور بہت ضوابط و قواعد عقلیہ مقرر ہین کہ اونکو ذریعہ سے ہر طرح کی اخبار
متمائز ہو سکتی ہین فقط جبکہ صحت حدیث قواعد عقلیہ پر محصور رکھتی ہو تو ضرورت حدیث
کسواسطے مسلم رکھتے ہو جو عقل ہی کو اصل ٹھہرا لیجیے دریا مسلمانی مین کشتی عقل تیرا ئیے جس صورت
مین عقل پر دین کا مدار ہوگا تو قریب نصف کے قرآن بے اعتبار ہوگا چار ناچار بیان ظاہر
کی تاویلات بید دل نہاد ہوگی اور معقولات قاضی ور اضی سے بدا عتقاد عقل انسان ہوگا

محمد علی کی طرح انہیں جاہل ہوگا اسواسطے اونکی بیہودہ تکفیر سے سید احمد خان صاحب نے بجز اسکے کہ مولوی جی
سے قطع پیوند کیا ہے اور تہذیب الاخلاق کی جلد دوم مین شوق و عدم پسند کیا ہی کہ بلفظہ یہ ہین
کی عبارت یہ ہی کہ تمام علما و محدثین متفق ہین کہ روایت حدیث بلفظہ نہین ہوئی ہے بلکہ بالمعنی ہوتی چلی آئی ہے
مرویہ کے لفظ بعینہ وہ لفظ نہین ہین جو رسول خدا نے فرمائے تھے بلکہ راویون نے اونکا مطلب اپنے
لفظون مین بیان کیا ہے اور بخاری و مسلم کی حدیثین بھی ایسی ہی ہین اور اسی طرح پر روایت
ہوئی ہین پس ہم اونکے ہر ایک لفظ کو صاحب وحی کی طرف منسوب نہین کر سکتے بلکہ صحابی و تابعی
کی طرف بھی بالعموم نسبت نہین دے سکتے کیونکہ ممکن ہے کہ وہ الفاظ سب اخیر راوی کے ہون جسنے
نے بخاری یا مسلم یا اور کسی سے روایت کی بلکہ کیا تعجب ہے کہ بعض مقام پر خود بخاری یا دوسرے مصنف
جامع حدیث کے لفظ ہون اسکی تصدیق خود بخاری کی اکثر حدیثون کو آپس مین مقابلہ کرنے
سے ہوتی ہے الخ یہان سے واضح ہوتا ہے کہ روایت بالالفاظ کے بارہ مین میان محمد علی کا دعوی
باطل ہے اور اسکے بطلان پر اون ہی کا پیر و مرشد گواہ عادل ہے **قولہ** اور جہان کہین کسی لفظ
مین شک ہوا ہے تو دونون لفظ بوساطت حرف شک کے نقل کئے گئے ہین الخ ہر چند جو نا
بات بناتا ہے مگر اپنے منہ سے آپ بات کہتا ہے نہین سمجھتا کہ میری زبان سے کیا ادا ہوتا ہے اور
کیونکر میرے لئے لقب کذاب عطا ہوتا ہے محمد علی کے منہ سے یہ فقرہ ایسا آیا کہ جس نے اسکو
جھوٹا کر دیا نادان خوب سمجھ لے کہ جسوقت اخبار محمدیہ کے الفاظ موجودہ مین نہین شک
ہو تو اونکا حالت اصلی پر رہنا خاطر نشین بوجہ خوش ترک ہے شکر خدا کہ ماننا ہے تعصب کی
زبان سے ثابت ہوگیا کہ صحیح بخاری مشکوک ہے اور اس مین مجبوری و ناچاری ہو رہی چوک ہے
اگر اول ہی ہماری بات مانتے تو کسواسطے مصنف انصاف پیلات ہوتے چونکہ اخبار محمدی کی
تحریر سند سے رواۃ نہین ہوئی اور صحیح و غیر صحیح کی تحقیقات نہین اونکو الفاظ مین شک واقع ہوا
اور فی حدیثون کا ہر ایک دافع ہوا اسیواسطے محدثین از روئے اعتبار کے متنوع ہوئین اور
صحیح متصل و ضعیف و منقطع ہوئین کسیکا اعتبار کم کسیکا زیادہ ہے اسکی تکذیب ہمین کیا

ہوسکتا ہے کہ محمد صاحب نے کہا ہو جو صدہا لاکہ جمع شدہ ہو ہو وہی الفاظ اسکو ہر ایک یاد کی
سنی ہوئی بات اونکی نظم و ترتیب سے یاد رکہتے تہے کبہی بہول چوک نہ کرتے تہے اور بعید کا سماع ایک شخص کا
ہے کہ تمام بنی آدم سے بڑہکر ذہین ہووے اور وہ بہی جبرئیل امین جیسا پہلے طبقہ کو اونکو ذہن نشین کر
دلکہا اور اگر کسی نے لکہا تو مٹا دیا بس کیونکر قرین قیاس ہے کہ دوسرے طبقہ نے پہلے طبقہ سے حدیثین
زبانی سنکر اونکے الفاظ کو بہی یاد کر لیا اسیطرح سے دوسرے سے تیسرے نے اور تیسرے سے چوتہے نے
سنا بلفظہا یاد رکہا علاوہ اسکے جبکہ ہم دیکہتے ہین کہ ایک ہی حدیث جو کئی راویون سے منقول ہوتی ہے
اختلاف عبارات و الفاظ سے مشمول ہوتی ہے تو کیونکر یقین کر سکتے ہین کہ روایت حدیث بالالفاظ
ہے سوا اسکے کل علماء محمدیہ بہی روایت بالالفاظ پر مصر نہین ہین اور محمد علی کی طرح جہوٹے دعوی پر مصر نہین بلکہ
صاف صاف کہتے ہین کہ روایت حدیث بالالفاظ نہین ہے چنانچہ شرح مشکات مین ہے کہ وہ اصل نقل بالمعنی
واقع فی الکتب الستۃ وغیرہا یعنی صحاح ستہ وغیرہ کتب حدیث مین نقل بالمعنی واقع ہے اسیکے
قریب شرح مسلم مین امام نووی نے لکہا ہے علامہ اثیر الدین ابن حبان محمد بن یوسف بن حبان
اندلسی نے کتاب تذییل و تکمیل مین جو شرح تسہیل الفوائد و تکمیل المقاصد کی ہے لکہا ہے کہ مصنف
نے قواعد کلیہ کے اثبات مین استدلال حدیث کے لفظون سے کیا ہے حالانکہ یہہ اونکی غلطی ہے آج
تک مین نے ایک کو بہی اگلے پچہلے مین سے ایسا کرتے نہین دیکہا اور کسی نے الفاظ حدیث سے ایسا
استدلال نہین کیا کیونکہ انکو وثوق اس پر نہین ہوا کہ یہہ الفاظ وہی ہین جو پیغمبر خدا نے فرمائے
تہے اور اگر ایسا وثوق ہوجاتا تو وہ الفاظ مثل الفاظ قرآن کے قواعد کلیہ کے استخراج مین مانے
جاتے اور عدم وثوق کے دو سبب ہین اول یہہ کہ راویون نے نقل بالمعنی کرنا جائز سمجہا تہا دوسرے
بہت حدیثون مین موافق کلام عرب کے لفظی غلطیان ہین کیونکہ اکثر راوی غیر عرب تہے
انتہی یہان سے ثابت ہے کہ احادیث کی نقل بالالفاظ ہونے کا دعوی بے اصل ہے اور برعکس
عقل و نقل بلکہ نقل بالمعنی کی صحت مین بہی کلام ہے اور وہی آتش در جام ہے یعنی جو پہلے اوسکے
ردین دلائل ہین وہی اسکے ثبوت مین حائل ہین پہر بہی شخص اول کا وہی قائل ہوگا جو کسی نے

دیکھو اس حدیث مین ابن عمر نے کسقدر غلطی کی ہی اور بیان محمد صلعم سی اصل عبارت
حدیث کی فرمایش کر یگو تو ہم اونکو اطلاع مطابق کر ینگے کہ موت الفجاۃ سخط علی المؤمنین
فقالت غفر اللہ لابن عمر انما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم موت الفجاۃ تخفیف علی المؤمنین
وسخط علی الکافرین **دوسری حدیث** جلال الدین سیوطی نے رسالہ عین الاصابہ
مین لکھا ہی کہ ابوہریرہ نے کہا کہ جس نے مردہ کو غسل دیا اوسپر بھی غسل لازم ہی جب عائشہ نے
سنا تو کہا کہ او نجس موتی المسلمین یعنی کیا مسلمانون کے مردہ بھی نجس ہو جاتے ہین فقط اس
حدیث سے ابوہریرہ کی غلطی ظاہر ہی **تیسری حدیث** ابوسلمہ بن عبدالرحمن
سے عین الاصابہ مین روایت ہی کہ اوس نے بی بی عائشہ سے کہا کہ جابر کا یہ قول ہی کہ جب پانی
نکلے تب پانی واجب ہوتا ہی یعنی غسل بعد منی نکلنے کے واجب ہوتا ہی عائشہ نے کہا کہ جابر نے
اس مین خطا کی ہی پیغمبر خدا نے فرمایا ہی کہ بعد اوغال کے غسل واجب ہوتا ہی دیکھو مطلب
اصلی کے سمجھنے مین کسقدر غلطی ہوئی **چوتھی حدیث** جلال الدین سیوطی نے
رسالہ عین الاصابہ مین لکھا ہی کہ ابوہریرہ نے کہا کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ ایک عورت نے بلی کو
نہ پانی دیا نہ کہانا اوسکو چھوڑا یہان تک کہ وہ مر گئی اس لئے خدا نے اوسکو عذاب دوزخ
دیا تب عائشہ نے کہا کہ خدا کے نزدیک مومن کی ایسی عزت نہین ہی کہ ایک بلی کی بسبب اوسکو
دوزخ مین ڈالے وہ عورت کافرہ تھی یہ کہکر کہا کہ ابوہریرہ دیکھو جب حدیث کی روایت کیا کرو
**پانچوین حدیث** پہر اوسی کتاب مین لکھا ہی کہ ابوہریرہ نے کہا کہ پیغمبر خدا نے فرمایا کہ
اگر کسیکے پیٹ مین پیپ و خون بہر جاوے تو بہتر ہی شعر سے عائشہ نے سنکر کہا کہ ابوہریرہ کو یاد
نہ رہا آنحضرت نے فرمایا ہی کہ بہتر ہی اوس شعر سے کہ جسکے ہجو مین کہا جاوے فقط خیال کیجو کہ ابوہریرہ
کسقدر نسیان مین مبتلا تھا کہ اوسکا ہر ایک قول غلطی آمیز تھا اسی پر دوسرے راویون کو قیاس کیجئے
اور ہر ایک کی روایت کو غلط و احادیث پر اعتراض کیجئے اور بہی کئی دلائل ہین جو ابوہریرہ کے
راستی کی مائل ہین تفصیل انکی بالا گذری کیونکہ اول کی رد مین منحصر و انگذری اب کہنا

ہوسکے اور نقل روایات جاری رہا ہو لیکن ایسی عالم ہمارے بیان کا درست ہے انکار نہین
کرسکتا کیونکہ اسکا ثبوت اسی روایات سے ملتا ہے کہ خلفا مذکور خلیفہ ام کے روایات محمدیہ کو
راوی خلیفہ کی مانند اہم کرتے تھے لیکن بصورت سہو کسی لفظ کے بہول جانے کے لئے وہ لکھی
کتاب نہین تہا پس صدہا سال کی زبانی قیل و قال کی نقل بالالفاظ کیونکر ہو سکتی ہے اگر کچھ
کہ وہ حال فراموش ہوا کسی کلمہ کو ایک راوی دوسرے سے دریافت کر لیتا تہا کہ جس روایت
مین تواتر ہوتا ہے اسکو راویوں کے لیے ہمیشہ تکرار ہوتا ہے تو جواب یہ ہے کہ اگر اتفاقاً کوئی
لفظ سب راوی ہی بھول گئے تو کون کس سے استفسار کریگا اور خفتہ کو خفتہ کس طرح بیدار کریگا علاوہ
اسکے بسبب مسافت بعیدہ وغیرہ موانع کے بہولنے والے راوی اور دوسرے راوی کی باہم ملاقات
نہو سکی اور اجرا رسم مراسلات تو بہی الفاظ محفوظ نہین رہ سکتے بلکہ معنی بھی ملحوظ نہین رہ سکتے
حقیقت یہی ہے کہ اگر جناب خلفا مین احادیث محمدیہ کی حفاظت منظور ہوتی تو مانند قرآن
واسطے کتابت کی اجازت ضرور ہوتی اگر انکے نزدیک زبانی روایت کوئی شے ہوتی تو کتابت
قرآن کی احتیاج کس واسطے ہوتی صدہا برس کی زبانی روایت مین احتمال نقل بالالفاظ کا
التزام نہوگا جب تک کہ جمیع رواۃ مہبط وحی و الہام نہونگے ذرا غور کرو کہ جس نظم و ترتیب
و تقدیم و تاخیر کے ساتھ جتنے کلمات و الفاظ محمد صاحب اپنی زبان سے فرماتے تھے انکو ایک
دفعہ سنکر ہوبہو بلفظ یاد کر لینا ہر شخص کا کام نہین اور نہ ہر ایک کی تمام و مشاغل نہین علاوہ اسکے
صحابہ مین سے ہر شخص ماہر ترتیب و قدر دین نہ تہا و علیم و ذہین نہ بلکہ اکثر لوگ ایسے تہے کہ بات
بات مین غلطی کرتے تہے مرکب سہو و نسیان تہے اور مثل عام آدمیان اب چند احادیث
بطور مثال مرقوم ہوتی ہین جن سے صحابہ محمد کی غلطیان قیل و قال مفہوم ہوتی ہین —

**پہلی حدیث** موسی بن طلحہ سے روایت ہے کہ کسی نے حضرت عائشہ سے کہا کہ ابن
عمر کہتا ہے کہ مرگ مفاجات سختی ہے اور مومنون کو تب بی بی عائشہ نے کہا کہ خدا بخشے ابن عمر
کو پیغمبر خدا نے تو یہ فرمایا ہے کہ مرگ مفاجات تخفیف ہے مومنون پر اور سختی ہے کافرون پر

اوسکے گہر مین یعنی جب شبہہ واقع ہو کہین تو دیکہہ بہی سکتا ہو اوس متن و رواۃ حدیث مین کمی زیادتی
و کمی ہو جاتی ہو یعنی از راہ سہو و غلطی کے بیشی ہو نا کمی و زیادتی کا ضرور ہی ہو کہ ملا خلط ہوتی
ہر یادہ جو ضبط و تکرار کے بیش کہا ہم نے اسی واسطے آنکو نہین کہ ارادہ کیا تہا ہم نے حدیث کا کہ لکہی ہو تو نے
اوسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فقط اس حدیث سے دو امر برآمد ہوئے ہین ایک یہہ کہ خود عہد محمد
مین بغیر کمی و زیادتی کے نقل احادیث دشوار تہی دوسرے یہہ کہ تحریری سند کسواسطے کسی کی پیشی کا کوئی محافظ
نہین ہو جبکہ محمد صاحب کے عین حیات احادیث مین اتنی ابتری ہتی تو زمانہ بخاری و مسلم مین کسقدر
افراط و تفریط بڑہی ہو گی کہ اوسوقت وفات محمد کو تین سو دو سو برس گذر چکے تہے اور تحریری سند
کوئی موجود نہین تہی بس بخاری وغیرہ کا کیا ٹہکانا ہو کہ اونکا مجموعہ زیادتی و کمی سے محفوظ ہو و نیز
محب طبری نے ریاض النضرہ مین اور ملا علی متقی نے کنز العمال مین اور حافظ عماد الدین نے مسند صدیق
مین بروایت حاکم ابو عبد اللہ نیشاپوری کے حضرت عائشہ کی روایت سے یہہ لکہا ہو کہ میرے والد
یعنی حضرت ابوبکر صدیق نے پانسو حدیثین پیغمبر خدا کی جمع کی تہین پس ایک شب وہ بہت
بے چین ہو کر اور بعد کے زیادہ مغموم مین نے پوچہا کہ پریشانی کا سبب کیا ہو تو اونہون نے کہا کہ وہ
حدیثین جو مین نے جمع کی تہین سے آ جب مین لیگئی تو آگ منگا کر اونکو جلا دیا جب مین نے اوسکا
سبب پوچہا تو کہا کہ مجکو اندیشہ ہو کہ شاید مین مر جاؤن اور یہہ حدیثین میرے پاس رہجاوین اور
شاید مین نے اعتبار اون لوگون کا روایت مین کیا ہو جو حقیقت لائق اعتبار نہون اور وثوق
اون باتون کا کر لیا ہو جو در اصل صحیح نہون فقط یہان سے کہنا یہہ ہو کہ خود وقت نبوت و
خلافت مین احادیث کا کاروبار ابتر تہا و راویون کا اعتبار کمتر جو پیغمبر و صحابہ کو بخوبی معلوم تہا
سے خبر و اچہا اور مانع تدوین و تحریر اخبار چنانچہ مولوی محمد علی کے بہیر خان سید احمد خان صاحب
کی تہذیب الاخلاق کی جلد سوم کے نمبر ہشتم مین ہو کہ بعض احادیث سے ثابت ہو کہ خود آنحضرت
نے فرما دیا تہا کہ سوا قرآن کے مجہسے اور کچہہ نہ لکہو اور اسیواسطے بعد وفات آنحضرت کے بہی صحابہ
تحریر احادیث کو نا پسند کرتے تہے اور اگر بعض صحابہ نے کچہہ لکہا تو ان ہی خیالات سے اوسکو مٹا دیا ہوگا

یہ احادیث میں کہ دو راوی کی سمجھ و حافظہ کے موافق ہیں صحیح بخاری و صحیح مسلم میں بھی بعض
واقعہ وغیرہ کل الفاظ آئے ہیں مگر انکی روایتوں میں بنسبت ایک دوسری کے کچھ تفاوت
نہیں ہے چنانچہ شیخ مسلمان ایسا کہتے ہیں کہ صحیح بخاری و مسلم چند انتخاب ہیں جسمیں بعض حدیثوں میں صحت متصل
ہیں اگر چہ مثلاً وغیرہ الفاظ ہر ہم کی حدیث کے لیے ہوتے ہیں تو اسوقت بخاری و صحیح مسلم انکی صحیح
وغیرہ کے کچھ فرق ہیں ہوتی چونکہ ایسی بات نہیں ہے تفصیل احادیث کی بھی تحقیقات نہیں **قولہ** یہ التزام
استکا کیا گیا ہے کہ نقل بالالفاظ ہونی چاہیے نقل بالمعنی غلط چونکہ فقرہ ہذا اور فقرہ آیندہ میں بطور غلط
استعمال کیا گیا ہے گو بافصاحت کہہ گئے ہیں اس مضمون کا نام ارسال کیا ہے کہ التزام کرنیوالا اصول محدثین
ہے اور دولت صدق محمد علی بر سر زوال ہے اگر انکا فعل موافق قول ہوتا تو کسو طرح انداز تقریر
بے ڈول ہوتا ہم نہیں جانتے کہ کس نے یہ التزام جاری کیا اور کس غرض سے اتہام مسلم و بخاری کا کیا
اگر کوئی زبانی حدیث کا ورد بھی کرے تو بھی نقل بالالفاظ مستعمل ہے اور مانند اجتماع ارسال
اور یا ارسال ہے کیونکہ جس مضمون کو ہر روز ورد کی طرح پڑھتے ہیں انکو بھی اکثر الفاظ بعض وقت بھول
جاتے ہیں مگر کتاب میں دیکھکر پھر یاد کر لیتے ہیں چنانچہ ابو داؤد کی ایک حدیث کا مفہوم یہہ ہے [illegible]
کے جیسے حج سے غریف تابعی واثلہ نامی صحابی کے پاس گیا اور کہا کہ مجھسے کوئی ایسی حدیث بیان
کرو کہ جسمیں افراط و تفریط نہ راہ پائی ہو تو واثلہ غضبناک ہو کر بولا کہ کمی بیشی سے کوئی حدیث
خالی نہیں ہے دیکھو جو مصحف میں ہے کوئی شخص قرآن پڑھتا ہے اور سہو و غلطی سے افراط و تفریط کرتا ہے تو قرآن
کھولکر دیکھ بھی سکتا ہے چونکہ احادیث ہنوز مکتوب نہیں ہوئیں لہذا انکی کمی بیشی سے بری نہیں ہو سکتیں وہ
حدیث یہ ہے عن الغریف بن الدیلمی قال اتینا واثلة بن الاسقع فقلنا حدثنا حدیثا لیس فیه زیادة ولا
نقصان فغضب فقال ان احدکم لیقرأ ومصحفه معلق فی بیته فیزید وینقص فقلنا انما اردنا حدیثا سمعته
من النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی ابن غریف بن دیلمی کہتے ہیں کہ ہم واثلہ بن اسقع کے
پاس آئے اور کہا ہم سے بیان کرو ایک حدیث کہ جس میں زیادتی اور کمی نہ ہو غضبناک ہوا
واثلہ اور کہا کہ تم میں ایک تمہارا پڑھتا ہے قرآن یعنی شب و روز حالانکہ قرآن اسکا لٹکا ہوتا

جو کسی سے پایا جاتا ہے کہ مسدد اول ہی کسی ناحیہ میں تنہا بنگ ہے اور پایا اعتبار ذلک بعد موضع
اعتبار لفظی بخاری وغیرہ مبارہ بار ترسیم تحکراوہ باشنام کرنا گمان ج تقسیم **قولہ** انفاذ خبر میں
کسیکی یہی اعتبار میں کی گئی ہیں مقصد چونکہ ذکر گئی ہیں کا قائل حدوث نہیں ہے اسو جہ اس کی شرح
میں کرنی مقصود اعتبار کی قابل متروض نہیں جبکہ اعتبار کرنیوالے سے تم انکا ہی نہیں پاتی تو
ابکی کیفیت اہل اعتبار کو کہہ پیا ہی نہیں اسکی لہذا اعتبار کرنیوالے کا نام فاش کیجیو اور اپنی بحر
کا اہل اعتبار سے گہہ بتمام تلاش کیجیو **قولہ** کیا ایک طریق خبر کے واسطے مدد سے مدد سے لفظ مقرر
ہستن مقصد اون لفظوں کا مقرر کرنیوالا تو پنجیبر ہے اور نہ صحابی نام وہیں بخاری وغیرہ میں کہ جس نے
مقرر اتفاق کیا اور ہی نہ احادیث محمدیہ میں انواع و اقسام کا لحاظ کیا البتہ یہی امر ہے صحت و ضبط
حدیث مصور ہے ادیکی سی اس فن میں مشکور ہے اور جو جاپا وہ کیا لاکھوں حدیثوں کو تہ پایا اور اعتبار
رکھا صرف چار ہزار انکا نام صحیح بخاری رکھا بس جو کچھ احادیث میں کثرت یا قلت ہے بالکل
اسیکی مشورت و مصلحت ہے نہ محمد و صحابہ نے چہ لاکھ حدیثوں میں سے چار ہزار چہانٹی تہیں اور نہ
مرفوع و موضوع وغیرہ چند اقسام ہہ بانٹی تہیں نہ کسی حدیث کے لئے کوئی لفظ تعین فرمایا
اور نہ کسی کو ضعیف و متین یہہ سب یاروں کی اختراع ہے اسیطرح بابت احادیث کو باہم
تراع ہے خلاصہ انکا احادیث میں جتنے افراط و تفریط و قوت و ضعف و غلطی و صحت نے
راہ پائی ہے وہ بالکل صنعت بخاری و مسلم و ابو داؤد و ترمذی و ابن ماجہ و نسائی ہے **قولہ**
مثل حدثنا و حدثنی و اخبرنا و اخبرنی الخ فرمائیے کس قسم کی حدیث کے لئے کون سا لفظ مقرر
ہے اور اقسام کثیرہ حدیث کے ساتہہ ان قلیل الفاظ کا تعلق کیونکر ہے اگر ہر ایک طرح کی حدیث
کے لئے تقرر لفظ جدا گانہ ہوتا تو آپکی بات کا کچھہ ٹہکانہ ہوتا چونکہ یہہ معاملہ نہیں ہے آپکی
مرہم فکر بہ تسبیل صدق ہے حالانکہ ہم یہہ مولوی صاحب میں کہ حدثنا و اخبرنا مرادف
ہیں اگر کسی خبر میں حدثنا اور کسی خبر میں اخبرنا کا استعمال ہوگا تو دونوں میں غیریت کا
زوال ہوگا کہ دونوں لفظ کے معنی ایک ہیں مانند لاکن ومیک ہیں اسیطرح حدثنی و اخبرنی

چنانچہ ترمذی نے اپنی سمجھ مین داخل کر دیا مین اسی قیاس پر نسائی وغیرہ نے اپنی سمجھ تیار
کی ورنہ دنل بارہ ۱۲ برس کے بعد نئی نئی حدیثین ہر ایک محدث کہان سے لاتے لیکن کسو صحاح
ستہ کے مصنفین کی پیدایش و صحت مین زمانہ قلیل کا کچھ بڑی فرق ہی چنانچہ پیدایش بخاری
ایک سو چورانوین ہجری مین ہوا اور مسلم دو سو چار ہجری مین پیدا ہوا اسی طرح بخاری کی وفات
دو سو چھپن مین ہوئی اور مسلم دو سو اکسٹھ مین مرا یہی حال ابو داؤد وغیرہ کا ہی اور ان سبھون
کے ملک بھی باہم قریب قریب تھے اور جن ملکون سے انہون نے تلاش حدیث کی اونکا مفہوم
بھی واحد ہی پھر انکو پانچ پانچ سات سات برس کے بعد نئی نئی حدیثین کہان سے ملین حقیقت
یہ ہی کہ جس وقت بخاری نے اجتماع حدیث کے سبب اپنے ہمسرون مین عزت و آبرو پائی تو دوسرون
کو بھی حوصلہ پیدا ہوا کہ یہی کام کرنا چاہیے اسی طرح دنل بارہ ۱۲ شخص مشہور ہوئے بخاری وغیرہ
چھہ اشخاص نے مرتبہ بلند حاصل کیا بعد انکے بہت لوگون نے احادیث گرد کین مگر انکو کسی
نے بخاری وغیرہ کی برابر نہ سمجھا ہر چند ان سب نے ایک ہی کام کیا اور میخانہ واحد سے جام پیا
لیکن چونکہ بخاری وغیرہ کا طالع ترقی پر تھا نامی مدینہ اسلام ہوئے اور گرامی خاص و عام
ع در فن دیوانگی باقیس ہم عہدم ولی — او بصحرا رفت و من در کوچہ ہا رسوا شدم ۔ ترمذی
نے تو متن حدیث ہی مین حال رواۃ سے خبر دی ہی اور تفسیر قوت وضعف رواۃ اکثر کی ہی
پس حال رواۃ مین علیحدہ کتاب درکار نہین ہی تحصیل حاصل دانشمندون کا کام نہین شاید
کہ ترمذی نے پہلی تحریر باطل کی اور بخاری وغیرہ کے حق مین آیت تکذیب نازل کی **قولہ**
غرضکہ جس طور پر احتیاط بلیغ کے ساتھ اہتمام روایت متن حدیث کا کیا گیا ہی الخ جب تک
کہ ہر ایک راوی کی تحقیق حال مین روایات مرفوع متصل جداگانہ نہوینگی اور تحقیق تسلسل
کا اتفاق نہو وینگی ہرگز صدق و کذب رواۃ پر یقین کامل نہوگا اور صحاح ستہ پر اسکا ہنر
حاصل نہوگا حالانکہ تاریخ بخاری و علل ابو موسی وغیرہ و روضۃ الصفا و روضۃ الاحباب
وغیرہ کی ایک روائی اور ایک زمانہ کہا اور ایک مذاقی اور ایک ہاتھ کسی ہی گئی تو ثبت

اور محمد علی سے واسید رسے کچھ بھی نہین صحیح بخاری وغیرہ کی روایات مین اونکا نام رواۃ
دوسری بات ہی نہین ہے بلکہ عموماً وغیرہ اور لدیت رواۃ ہی نہین **قولہ** اور اس
تحقیقات کی ایک کتاب علیحدہ اکثر محدثین نے مدون کر دی ہے فقط محدثین کی کتابون
مین تحقیقات حال رواۃ کی روایتین بطریق موضوع ہین یا بطور مرفوع بر تقدیر اول
خود پایہ اعتبار نہین ہین اور سرا اعتبار نہین بر تقدیر دوم جب تک کہ اون مرفوع کرنے والو
کی تحقیقات پوری نہو گی کچھ بھی ثبوت آتا اور لائق منظوری نہو گی محدثین مذکورین جن
لوگون سے حال رواۃ دریافت کیا جب تک کہ اونکی صدق مقالی کا کوئی گواہ عادل نہین
ہے اور کوئی وجہ ثبوت کامل نہیں تب تک وے صادق نہین ہیں۔ اور اونکی تحقیقات
کسیکے ساتھ کہنے کے لائق نہین بلکہ پشیمانی ہے اور شگوفہ مسلمانی خوشیدنی حاصل
انکا جسوقت روایت روع متصل ہے وہ لوگ صادق ثابت ہونگے تو خود بخود یہ
اعتراض کرنیوالے ناحق ساکت ہونگے **قولہ** دیکھو تاریخ محمد ابن اسمعیل بخاری
اور کتاب علل ابو موسیٰ ترمذی الخ ہر چند کاذب ہے کذب کے چھپانے میں سعی بلیغ
کرتا ہے مگر اوسکا دہان اہل عدل کی خدمت مین خبر واقعی تبلیغ کرتا ہے کہ یہ صفت بیدینی
کا جاری ہے اور اسکی گھر ورس و دروغگوئی کا جاری ہے یعنی اوسکی زبان سے ایسی قال
وقیل سرزد ہوتی ہے کہ جس سے اوسکی دروغبافی کی دلیل بر آمد ہوتی ہے چنانچہ آپکی
زبان سے یہ ایسا فقرہ نکلا کہ جسقدر آپ نے تواریخ محمدیہ سے انکار کیا تہا اور جسوقت
راستی مردار کذب سے افطار کیا تہا اس سے وہ یک لخت حرام ہوا اور تواریخ محمدیہ
کا مرکز اسلام نام ہوا اب کہنا کہ تواریخ محمدیہ کا اعتبار نہیں ہے اور ملاعین وغیرہ
مومنین کو درگاہ اسلام مین بار نہین یہان سے ثابت ہے کہ تاریخ سے جو حساب الخ
کرتی ہین وہ کیا اسمعیل بخاری کو کاذب شمار کرتی ہین کیونکہ سب سے پہلے بخاری نے کتاب
تاریخ تصنیف کی ہے اور مقصد تشریح حالات صحابہ و تابعین کی تعریف کی ہے کتاب اتباع تابعین

سزا کی خونریزی دین اور طریق قانون انکریزی کی ہین اور سوقت لشکر علی مین سی ہزار لڈ
اشخاص نی آ واز بلند کہا کہ قاتل عثمان ہم ہین اور اس جنگ نا سرکی عنوان عام ہو
کچھ ہو سکا اوس سی در گذر نہ کیجیو جبکہ علی بن ابو طالب خلیفہ ہوا تو طلحہ و زبیر نی نکث بیعت
کر کی اونکی ساتھ مقاتلہ کیا اور عایشہ صدیقہ کو خصومت علی پر آمادہ عمرو بن العاص
اور اوسکا بیٹا عبد اللہ طامع سیم و زر و دین فروش دنیا خر ہو کر معاویہ سی مل گئی اور بعض
گروہ باغیہ کے پل گئی خمخانۂ نافرمانی سے بادۂ رسوائی پی اور ساقی کوثر سی لڑائی
کی جسقدر کہ علی کے ساتھ مہاجر و انصار تھی اور اصحاب یار اونہون نی معاویہ کی شرکت
لی اور علی کے گرفتار کرنیکی نیت کی تب علی نی جنگ و جدل سی منہ پھیرا اور حسن
حسین صلح و آشتی کی ہیرا جو کچھ کہ طلحہ و زبیر نی آپ جواب کی نسبت جھوٹی بات بنائی
اور پچاس مسلمانون سی گواہی برخلاف واقعات دلائی وہ بالا مذکور ہوئی جبکہ اصل
راویون کی حقیقت حال ایسی ہی تو کیونکر اونکی زبان قال سچی ہی چونکہ کوئی راوی
دونون شرطون کا متحمل نہین ہی اسواسطی کوئی روایت فروع متصل نہین اب ہم مولوی
جی کی ابکار افکار کا چشم ابطال مین گھر کرتی ہین اور لخت جگر مسلمانی سی دیدۂ بطلان
منور **قولہ** جس طور پر کہ متن روایت منقول ہی اوسی طور پر حال رواۃ بھی کا برا عن کابر
تحقیق کرتے چلے آئے ہین فقط **اقول** کہ متن روایت کس طرح منقول ہی اور راوی کی صحت مین
کون سی دلیل معقول ہی جب تک کہ متن روایت کی تصدیق نہ ہو گی کسی امر کی اوسکی ساتھ
تعلیق نہو گی اسواسطی اول متن روایات مضبوط کیجیو بعد ازان اوسکی ساتھ حال رواۃ
مربوط کیجیو اگر متن روایات کی طرح حال رواۃ بھی تلاش کیا جاتا اور ایک ایک کا
پردۂ عیب و صواب فاش تو ہر ایک راوی کی حال مین علیحدہ کتاب تصنیف ہوتی اور
ہر صاحب کی زبان سی اوسکی ہدایت شروع سی روایتون کی راوی جداگانہ ہوتی
موافق سال و ماہ و وقت و زمانہ ہو تو محال کہ ان باتون مین سی کوئی نہین ہی

صلی اللہ علیہ وسلم وکرہ الہا محامل وتاویلات بیان یحتاجون الی انہم محفوظون مما
یوجب التضلیل والتفسیق صوناً لعقائد المسلمین من الزیغ والضلالات فی حق کبار الصحابۃ
سیما المہاجرین والانصار المبشرین بالثواب فی دار القرار انتہی اس عبارت کا ترجمہ
اوپر مذکور ہوا لہذا حاجت تکرار نہیں ہے کہ جناب کے کہ کن میں زیادتی کو بار نہیں حقیقت تو
یہہ ہے کہ صحابہ میں سے اس لائق کوئی نہ تہا کہ اوسکا قول معتمد ہووے اور ماخذ دین محمد کیونکہ
طلب ملک وریاست میں پڑے تہے ظاہری فہم وفراست میں اڑے تہے ایک دوسرے کا دشمن
تہا کسکا برق خصومت سے ایک خرمن تباہ کسیکے سینہ میں حسد وحقد کا جوش تہا ہر ایک
گندم نما جو فروش تہا خیال دین وایمان کسیکو نہیں تہا اور کوئی حق جو ورستگو نہیں
کل کا باطن تیرہ تہا اور ہر ایک مرتکب گناہ کبیرہ دیکہو امام وقت عثمان ابن عفان
کی نافرمانی بلکہ ایذا رسانی میں مصروف ہوئے باوصفیکہ مدت مدید تک اوسکی بدولت بار
بلند پایا اور نبات وقند کہایا جسوقت کہ مصریوں نے عثمان کا محاصرہ کیا اوسکی امداد سے
کنارہ کیا والی ملک شام معاویہ بن ابوسفیان وحاکم کوفہ وبصرہ ابوموسی اشعری نے بہی
اوسکی امداد نہ کی حالانکہ مدت محاصرہ بامتداد کہینچی باوجودیکہ یہہ لوگ کثرت لشکر رکہتے
تہے اور سپاہ صفدر طلحہ بن عبداللہ وزبیر بن عوام نے کہ مدینہ میں موجود تہے مصریوں سے
اتفاق کیا اور آزار دہی خلیفہ میں زیادہ از حد اغراق ہر چند بیچارہ فریاد کرتا تہا مگر
کون امداد کرتا تہا یہانتک کہ جان سے مارا گیا اور اوراق مصحف بخون [illegible]
چونکہ حضرت زبیر عوام ہیں لہذا اونکی اصالت میں کلام ہے مولوی محمد علی کی خدمت
میں عرض کرتا ہوں کہ اگر حضرت زبیر کے باپ حنیدہ ہیں تو وہ کیونکر اصیل کس کے فرزند ہیں
علی ابن ابیطالب نے بہی امداد عثمان نہیں کی بلکہ اونکے قاتلوں کو جگہ اپنے قریب دیکر
چنانچہ جن دنوں معاویہ وعلی کی فوج میں جنگ ہوتی تہی اور بارش تیر وتفنگ معاویہ نے
علی سے کہا کہ ہم تم سے یہی چاہتے ہیں کہ قاتلان عثمان کو گرفتار کر کے ہمارے پاس بہیجدو تاکہ

مخالفت کرنا امتناع ہے اور مخالفت عادت بشری پیدا ہوا انہین حصہ اول سوال نمبر [illegible] ہے
ہی لکہتے ہین کہ آدم سا ہزار کا عمر بہول گیا اور اختیار بخدق نہ بہول گیا اصل عبارت انکی
یہہ ہے فقرہ ساہزار عطا شد در ابتداے پیدایش آدم واقع شدہ وساملکہ یا ملک الموت
بیان آمدہ بعد ہزار سال بود پس اگر ساہزار اول آدم را یاد نماند محل اعتراض نیست فقط
موسی ویوشع بہی مخلوف نسیان تہے اور مثل عام آدمیان چنانچہ سورہ کہف مین ہے فلما بلغا مجمع
بینہما نسیا حوتہما یعنی جبکہ پہنچے موسی ویوشع دونون جگہ ملنے کی درمیان اون دونون کے
بہول گئے مچہلی اپنی فقط پہر اسی سورہ مین ہے قال لا تواخذنی بما نسیت یعنی موسی نے خضر
سے کہا کہ مت پکڑ مجکو بسبب اوس چیز کے کہ بہول گیا مین فقط یہان سے ظاہر ہے کہ موسی
ویوشع قابو سے عول مین پڑے تہے اور بڑی بہول مین پیغمبر آخر زمان بہی نسیان سے نہین بچا
اور رشتہ برادری موسی عمران سے نہین ٹوٹا چنانچہ شیخ عبد الحق نے شرح مشکات مین
اور شاہ عبد العزیز نے تحفہ اثنا عشریہ مین اور قطب الدین خان نے مظاہر حق مین لکہا ہے کہ حضرت
نے بہول کر حمد اصنام کی تہی اور راہ بات مان لی تہی جبکہ ذات انبیا نسیان سے امین نہین تو کم
تر کوئی مطلق نہین غرضکہ جیسے کوئی راوی یاد کا پکا نہین ہے ویسے ہی اعتقاد کا سچا نہین
کیونکہ اصلی راوی وہ لوگ ہین کہ جو صحبت پیغمبر سے بہرہ یاب ہوئے اور داخل خیل اصحاب مگر اون
سے امید راستگفتاری نہین ہے اور نیک منہہ سے کلمہ حق جاری نہین اسیواسطے علامہ تفتازانی
نے شرح مقاصد مین لکہا ہے کہ بعضے صحابہ بسبب طلب ملک وریاست کے حسد وحقد مین پہنسے تہے اور حد
ظلم وفسق کو پہنچے تہے اصل عبارت تفتازانی یہہ ہے ما وقع بین الصحابۃ من المحاربات
والمشاجرات علی الوجہ المسطور فی کتب التواریخ والمذکور علی السنۃ الثقات یدل بظاہرہ علی
ان بعضہم قد حاد عن طریق الحق وبلغ حد الظلم والفسق وکان الباعث علیہ الحقد والعناد
والحسد واللداد وطلب الملک والریاسۃ والمیل الی اللذات والشہوات اذ لیس کل
صحابی معصوما ولا کل من لقی النبی بالخیر موسوما الا ان العلماء لحسن ظنہم باصحاب رسول اللہ

کرین جاگو بس بہت سادہ جنگ و حسام زبان کا شایانگ ہو یہ ہی بیعہ صحیح ہو ایک
ہو و جب تک کہ جملہ رواۃ کا نام و مقام تعیین معلوم ہو گا کوئی قول با اسم مرفوع متصل نہ
نہو گا مسلمانون کے پاس ثبوت اسماء ا کنہ رواۃ کی ایسی کوئی دلیل نہین ہے کہ جس مین گنجائش
احتمال قبیل نہین ہو اگر کوئی کہے کہ جس راوی نے بخاری کو حدیث کی ہو اوس نے بھی ہدایت کی کہ
روایت کہا کوئی راوی درمیان مین نہین ہے اور مجھے پہلے راویون نے ایک دوسرے سے ایسا
ہی کہا ہے تو جواب وہی ہے کہ جس بات کا زبانی گواہی پر مدار ہو گا تو لاریب احتمال اشتباہ کا
برقرار رہیگا کوئی عاقل ایسی روایت کو قبول نفرمائیگا اور اپنے دین و ایمان کے اصول نہ جانیگا
اگر فرض کیا جاوے کہ کل راوی راستگو اور حق جو تھے تو بھی سیکڑون برس کی بات کا یاد رکھنا
آسان نہین ہے اور سہو و نسیان سے کوئی انسان در امان نہین خصوصاً ہر ایک مسلمان کے
پیچھے ایک شیطان لگے رہتے ہیں اور نقد دین و ایمان تک رہا ہے جیسی شہواری بالا دشواری
ہے کہ جب تک کوئی مسلمان بطرف کتم عدم سدھارے ممکن نہین کہ دامن راستی کو ساتھو
دے مانا کہ اگر مسلمان زادہ کے لیے سہو و نسیان سے اطمینان ہوتا اور شیطان سے اماں
تو مرفوع متصل کوئی شے ہوتی اور سیقدر نزاع طے ہوتی قطع نظر اس سے جو روایت کہ یہی
ہے وہ یہی ہے کہ خواہ اوسکا ایک راوی ہو وے خواہ بسیار خواہ صحابہ تک پہنچی ہووے خواہ محمد صاحب
تک کثرت رواۃ سے کوئی رعایت سچی نہین ہو سکتی اور قلت رواۃ سے کوئی جھوٹی نہیں
پس جسقدر کہ آپ نے روایات مرفوع متصل پر فخر کیا ہے برعکس اسکے عمر و ابو بکر نے کیا کہ اونہون
نے ایک راوی کی بھی روایت منظور فرمائی تھی اور اسی بنا پر سورۂ برات و احزاب کی
آیت مسطور کہ ابھی بیان ہو چکی تقدیما گر صرف مرفوع متصل پر اعتماد کرو گے تو قرآن کی اکثر آیات
برباد کرو گے مرفوع متصل کے راویون کے لئے یہ بھی ضرور ہے کہ یاد کے پکے ہوویں یعنی ہر
بات کو سچے حالانکہ یہ بالکل خلاف قیاس ہے اور برخلاف عادت ہے انسان کی جبکہ قول
مشہور ہے آدمی سہو و نسیان کا بنا ہے تو کیونکر اوس کو بچا کہ عام لوگ تو ایک وقت پر خود بھی یاد و تھم

تاویل قرآن کریم اور تبدیل فرقان آپنے صنعت ذاتی ہی پا مدار کیا اور تاویل مین گو
وہ شعر کہ جس سے یہہ مطلب برآمد تہا قلم انداز کیا واہ رے تفصیل لا امانت شعار وہ شعر یہہ ہے
ہ بہر تاویل قرآن میکنی پست و کژ شد از تو معنی سنی ہو فی الواقع وہ شخص آپ ہین
کہ جا بجا آپ نے جہوٹی تاویل کی ہے اور تفسیر سید احمد خان صاحب کی تکمیل پس آپ ہی طرفہ
معکوس ہین اور آپ ہی سیہ کس آپ ہی نے اپنے ذرہ کو آفتاب عالمتاب کہا اور آپ ہی نے ابھی
بکرنا مکرم ام الکتاب جانا ہے **قولہ** کار پاکان را قیاس از خود مگیر الخ یہہ شعر ملا روم نے
اوس ولی کی شان مین ایراد فرمایا کہ جس نے مدینہ قتل وزنا آباد کرایا یعنی ایک ولی صاحب الہام
نے بادشاہ دین پناہ سے فرمایا کہ سمرقند سے فلانے زرگر کو بلا اور اوسکے پاس اپنی دلبر کو سلا بادشاہ
دین پناہ نے حکم ولی کی اطاعت کی اور اپنی دختر کو زرگر کے پاس سونے کی اجازت دی کہ
بعد ولی مذکور نے بادشاہ سے کہا کہ اب اس زرگر کو پیالہ زہر آلود پلا کر اور حسینہ مقصود کہلائے
پس بادشاہ نے زہر دے کر زرگر کو ہلاک کیا کان ملاحت کو تہ خاک کیا معلوم نہین کہ محمد علی
نے کیونکر یہہ بیت محدث بخاری کی شان مین عرض کی اور کسطرح ذات بخاری قایم مقام
ولی مذکور فرض کی کیونکہ آج تک ہمنے نہین سنا کہ محمد بن اسمعیل بخاری نے واسطے قتل وزنا
کے دستوری دی اور اونکے سر پر بدنامی پوری لی محمد علی نے خوب حمایت بخاری مین اقدام
کیا کہ بیچارے کو باعث قتل وزناکاری مین بدنام کیا **قولہ** اگر کوئی دلیل عقلی اس احتمال
کے بہتر ہو تو پیش کرو فقط تم نے ساری منطق وحکمت گنوائی بازار عمر نے صرف دولت عزت
کمائی منطق حکمت تو ایک طرف اگر آپکو کوئی دفعہ قانون کی بہی یاد ہوتی تو کیونکر گفتگو سے
سامی منزل آباد ہوتی خدا سمجہو کہ انکار کے لئے احتیاج دلیل ہرگز نہین ہے ثبوت بذمہ مدعی کے
ہوتا اور یہہ تو اونکا اسکیلہ ورد ہے جس کی گنہ ارشادات کو مدعی کی تسلی تحقیق کرنا بخاری کا کام
نہین کہ ایام گنواری کا مقام نہین بلکہ بوساطت وحی والہام کے طاقت انسان
سے دور ہے ہی وہ دل اتنا حقیقت و بیان دستور کرا اگر آپکا دعوی یہہ ہے کہ بخاری نے

ایک قاری کے سامنے بھی نہین لکھا اسکا تو کچھ ذکر ہی کیا قرآن مین تحریر کیا بلکہ کچھ متفرق
قرآن کی کھجور کے پتون سے نقل کی اور کچھ سفید پتھرون سے اور کچھ لوگون کے سینون
سے سب جانتے ہین کہ شاخ خرما و سنگ مرمر قاری نہین ہوتا اور مسلم و بخاری نہین
یہان سے ظاہر ہے کہ جمع قرآن مین قرآن جمع کرنے پر ابو بکر و عمر نے فرمان دیا اور نا انکی
موافق زید بن ثابت نے اجتماع قرآن کیا بلکہ انہون نے واسطے جمع کرنے آیات پراگندہ
کے دستوری وحی اور اس نے تعمیل اونکی بناچاری مجبوری کی محمد علی نے بنابر دفع نقصان
قرآن و حدیث کے جو کچھ کرامات بنائی تہی اور اوراق قرآن پراگندگی ہزیانات انکی
تھی وہ بالکل اونکی پراگندہ گوئی ہے لاجرم انہون نے اپنے منفوہ خاطر سے آیت صدق
حال و آیندہ دہوئی ہے اب مخفی نہ ہے کہ حدیث مذکور سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کی آیات
کے لئے تواتر نہین ہے اور کوہ زبان رواۃ سے اس قرات کے لئے تقاطر نہین حدیث بخاری
کے فقرہ اخیر پر غور کیجئے اور بچہ اون کے ملا پہا طلاق تو رکہ اولٹی تقریر کرتا ہے اور دہن مسلمانی
یعنی خاک تحقیر بہرتا ہے وہ فقرہ یہ ہے (حتی وجدت آخر سورہ التوبہ مع ابی خزیمۃ الانصاری
لم اجدہا مع احد غیرہ لقد جاءکم رسول من انفسکم حتی خاتمۃ براءۃ) یعنی یہان تک کہ آخر سورہ توبہ
ابی خزیمہ انصاری کے سواے کسی کے پاس مین نے نہ پایا وہ آخر سورہ توبہ کا یہہ ہے (لقد
جاءکم رسول من انفسکم) خاتمہ سورہ براءۃ تک یہان سے ثابت ہوتا ہے کہ سورہ توبہ کی اس
آیت کا صرف ایک راوی ہے پس یہ حدیث فرد کے مساوی ہے متصل ہو فوج نہین ہے اور
ستارئہ قرآن کا اونکی صحت سے طلوع نہین جو کوئی کہے کہ زید بن ثابت نے سورہ توبہ
کا آخر جو ابی خزیمہ انصاری کے کسیکے پاس لکھا ہوا نہ پایا تو وہ بھی صحیح ہے کیونکہ
ایسی تو بہت آیات تہین کہ جو زید بن ثابت نے لوگون کی یاد سے لین لکھی ہوئی نہ
تھین [illegible] (صدور الرجال) کا یہی مطلب ہے کہ اکثر آیات لوگون
کی یاد کر لکھین [illegible] کسی جگہ نہ ملین اگر سورہ توبہ کا آخر بھی ان ہی مین شامل ہوتا تو

باطل نہین اور اپنی سمجھ کی موافق بہت کم کتاب مین داخل کین غرضکہ مدت مدید کی
روایت کا سن وعن انضباط نہین ہوسکتا اور ہرگز بعد انقضاے کثرت سال وسن اعتبار نہین
اب مولوی جی کی ہنسی بلکہ فکر عشوہ پرداز ہوتی ہی اور گوہر مدینہ کی خاطر لولوے لالا سے معمور
**شکست فاش** کیون نہین ہوسکتا اگر راوی ہر طبقہ مین ثقات وقوی ہون
اور خبر کو متصل مرفوع کر دین تو اعتبار خبر کی کیا چیز مانع ہی **جواب** ہمارا تو یہی اعتراض
ہے کہ بخاری وغیرہ نے سیکڑون برس کے لوگون کا حال کیسے جانا کہ فلانا ثقہ وقوی تھا اور
فلانا نہ وہی کیونکہ بخاری وغیرہ کو محمد کے وقت کی کوئی تحریر نہ ملی اور دختر نبوت سے کوئی نظیر
پس دو سو اڈھائی سو برس کے دس پندرہ راویون کی حسب نسب کیونکر آگاہ ہوئے اور کس طرح
اونکے صدق وکذب اقوال پر گواہ چونکہ مصنفان صحاح ستہ کو کما حقہ رواۃ کی حقیقت آب
وگل اور کیفیت ضمیر ودل معلوم نہین ہوئی لہذا کوئی خبر مرفوع متصل مرقوم نہین ہوئی اگر
بخاری وغیرہ نے کسی دلیل سے صدق وکذب رواۃ کی حقیقت پائی ہو اور اونکے ہاتھ کوئی
طریقت آئی ہو تو بیان فرمایئے اور حوض مسلمانی مین کشتی برہان رواں کرائیے جو روایات
کہ مدت مدید تک داخل نسخہ کتابت نہین ہوئی ہرگز اوسکی حفاظت نہین ہوئی ہر ایک روایت
کر چور پر چور رواۃ کی زبان سے ادا ہوگی کئی ویسی سے بالب سدا ہوگی دیکھو موت پیغمبر
کے دوسری برس عمر بن خطاب کو خوف ہوا کہ بر تقدیر عدم تحریر کے قرآن محو ہو جائیگا بہت
کم ہو جایگا فقط یہ تو بخاری کا ایک فقرہ کا مدعا ہی جو کہ باب القرآن کی ایک روایت مین بیان
کیا گیا ہی بیان سے ظاہر ہی کہ جو روایت مدت دراز تک بے تحریر رہی قلم انداز وتغیر وتبدیل کی صریح
دلیل کی قوال ظاہر ہی اور یہی دلیل بیخی وضع خبر کی ہی کہ بہت حدیثین موضوع ہین متابل متصل مرفوع
ہین اگر حدیثین بھی قرآن کی طرح روبرو رواۃ رقم ہوتین تو کسواسطے زیادہ وکم ہوتین نادانستہ
مین افراط وتفریط شامل ہوتی نہ اغلاط وتشکیک داخل اب مولوی محمد علی کہتے ہین کہ حدیث
منا عدم تحریر نہین ہے چنانچہ قول کہین ولی پڑھئے ہین **شکست فاش** جس مین حدیثین

اسیطرح فرمایا ہے کہ فاختصمت فیہ ملائکۃ الرحمۃ وملائکۃ العذاب فقالت ملائکۃ الرحمۃ
جاء تائبا مقبلا بقلبہ الی اللہ وقالت ملائکۃ العذاب انہ لم یعمل خیرا قط الخ یعنی پس خصومت کرنے
لگے اوسمین رحمت کے فرشتے اور عذاب کے فرشتے پس رحمت کے فرشتے کہنے لگے کہ یہ شخص
توبہ کرکے آیا ہے اپنے دل سے خدا کی طرف متوجہ ہوکر اور عذاب کے فرشتون نے کہا کہ اس نے
کبھی ایک نیک کام بھی نہین کیا اب مسلمانون کا وہ دعوی کہ فرشتے ہمیشہ محو فرمانبری ہین
باطل ہوا کیونکہ اگر وے فرمانبری ہی مین مصروف ہوتے تو کسواسطے ملائکہ نار وہان تشریف لاتے
اور کیونکر رحمت کے فرشتون سے نزاع کرتے اس حدیث سے اور بھی چند امور ثابت ہوتے ہین
جو رسالہ صمصام ہند مین قلمبند ہوچکے ہین اسیطرح جامع ترمذی مین روایت ہے کہ محمد صاحب
نے خدا کو خوبصورت آدم کی شکل مین دیکھا پس خدا نے محمد سے دریافت کیا کہ ملائکہ مقرب کس چیز
مین خصومت کرتے ہین محمد نے کہا کہ مجھکو معلوم نہین ہے بعد ازین خدا نے اپنی کف دست درمیان
پستان محمد کے رکھی اور لذت اسکی پائی پس محمد پر ہر ایک شے کی حقیقت کھل گئی بعد
ازین محمد سے خدا نے پوچھا کہ فرشتگان اعلی کس چیز مین خصومت کرتے ہین محمد نے جواب دیا کہ
کفارات مین پہر خدا نے محمد سے سوال کیا کہ ملائکہ کس چیز مین خصومت کرتے ہین محمد نے کہا کہ درجات
مین الخ اگر میان محمد علی اصل عبارت حدیث کے طلبگار ہونگے تو ہم اصل الفاظ بھی معرض تحریر
مین لکھدیتے ہین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رایت ربی فی احسن صورۃ فقال یا محمد قلت لبیک رب
قال فیم یختصم الملاء الاعلی قلت لا ادری قالہا ثلثا قال فرایتہ وضع کفہ بین کتفی حتی وجدت
برد انا ملہ بین ثدیی فتجلی لی کل شئی وعرفت فقال قلت لبیک رب قال فیم یختصم الملاء الاعلی قلت
فی الکفارات الخ اس حدیث سے سواے اسکے کہ فرشتے آپس مین خصومت کرتے ہین اور
بطریق منازعت جھگڑتے ہین اور بھی کئی امر ظاہر ہوتے ہین اول آنکہ خدا مجسم جسمانی ہے
اور حادث وفانی عرش سے زمین پر نزول کرتا ہے دوم جسم انسان مین حلول دوم آنکہ خدا سے
مسلمانان اپنی کف دست سے پستان محمد ملاکر اور سینہ محمد پر رکھ کر ذوق پاتے ہین وملا

ومارو وپشیمانان سوال شده کان وزورشت تو بازنده باز فرشته گشته و پریشان
انگه بلا آیدون چاه و مسافت یک بدشت است عجب ماه و چه تو نشد و آب و دانہ
کہ درین درگاه شدت کنند و ان و چو هستا دینہین شد پریشان ملکہ خود کرد شاگردی اینجا
جسطرح کہ خدا و ملائکہ مین مباحثہ و مقابلہ ہوا اسیطرح محمد صاحب ابوبکر مین مباحثہ ہوا وہ ما
جنانچہ قولہ یا ایہا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی اس آیت کی تفسیر جلالین مین کہ
یہ عبارت ہے نزلت فی مجادلۃ ابی بکر وعمر علی النبی فی تامیر الاقرع ابن حابس او القعقاع بن معبد
اسیطرح اہل حدیث ذکر ازش حال ابوبکر و عمر کی ہے چنانچہ حکیم ترمذی نے خبر دی ہے اتقدم النبی
قال فقال ابوبکر یا رسول اللہ استعمل علی قومہ فقال عمر لا تستعمل یا رسول اللہ فتکلما عند النبی حتی
ارتفعت اصواتہما فقال ابوبکر لعمر ما اردت الا خلافی فقال ما اردت خلافک فنزلت ہذہ الآیۃ
یا ایہا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی یعنی محمد صاحب آگے آئے ابوبکر نے کہا یا رسول اللہ
استعمال کیجئو قوم اپنے پر پس عمر نے کہا مت استعمال کیجیو اسکو یا رسول اللہ پس دونون نے
اسقدر کلام کیا نزدیک محمد صاحب کے کہ بلند ہوئی آوازان دونون کی پس ابوبکر نے واسطے
عمر کے کہا کہ تو میری مخالفت مین رہتا ہے پس عمر نے کہا کہ مین نے تیرے خلاف نہین کیا پس
سورہ حجرات کی یہ آیت گذری یا ایہا الذین امنوا لا ترفعوا اصواتکم صوت النبی یعنی اے ایمان
والو مت بلند کرو اپنی آواز کو نبی کی آواز پر فقط فرشتے بھی آپس مین خصومت کرتے ہین اور
باہم جھگڑتے ہین چنانچہ بخاری و مسلم مین ہے کہ کسی جنگل مین کوئی ظالم مر گیا ملائکہ رحمت و عذاب
وہان نازل ہوئی اور بحث و مباحثہ مین شامل رحمت کے فرشتون نے کہا کہ یہ شخص مستحق
جنت ہے کہ گناہ سے توبہ کرکے آیا ہے عذاب کے فرشتے بولے کہ یہ شخص مستوجب جہنم ہے کہ اس نے تمام
عمر کوئی نیک کام نہین کیا دونون قسم کے ملائک مین خصومت قایم تھی کہ ایک فرشتہ بشکل
انسان نمودار ہوا اسے دونون گروہ کا پنچ قرار پایا پس اوس نے پنچایت کی اور واسطے
دور کرنے خصومت کے ہدایت اگر میان محمد علی اصل عبارت کی فرمایش کرینگے تو ہم

ابوت • اناول پیر فلک بودند در شتہ • شان احمق دنیا بچشم حرص خفتہ • بودمن نا دو عرو
سے بودند • مستی غیر مستہ بودند • چاوہ ام ابالم بحیرت سادہ • بجہان ہرود شان آتش حسد افتاد
مگاو فساد رفتہ گفتند • پیران را زے کہ در دل نہفتہ • انا دل کردہ بودند این حکایت
کہ بیاہیت اول شر ملامت • فساد و خون کند اولاد آدم • پادشاہ آشوب را بندہم درہ عالم • چہ
خود ما بہتر از آدم بودند • ما ازان بیش ہر کہ بسجودی نمیدند • خداوند جہان فرمان شان داد •
و را ملک دنیا شان فرستاد • چو روئے زہرہ زہرا بدیدند • قلم را بر صلاح خود کشیدند • بروا
عاشق شدند • خود بفتند • نہ بود آرام شان نے شب نخفتند • و دمادم زہرہ گوش ہر دو بگرفت
بجوش ہر دو شان پوشید • میگفت • شما اگر بمن میلی تمام ست • بجز فرمان من بردن حرام
ست • با سر را صاحبان بر خود بپوشید • فساد و خون کنید و مے بنوشید • مرا اگر زانکہ میخواہید
ہمدم • در آموزید مارا اسم اعظم • فساد و خون نکردند مے بخوردند • چو مے خوردند فساد و خون
بکردند • بزہرہ اسم اعظم را بدادند • چو سنگ ایشان بچاہ غم فتادند • چو زہرہ آن اسم اعظم را بیاموخت
در آتش یکسر موعوض نسوخت • بخواند آن اسم را برآسمان شد • چو شمش در بیان دمہر تیر پاسبان
شد • فرو ماندند ایشان بر سر خاک • بکام دشمنان سرمست غمناک • بہ مستی ہر دو چون
ہشیار گشتند • ز عمر خویشتن بیزار گشتند • قضا چون اقتضائے نیک و بد کرد • ندانند ہیچکس
تدبیر خود کرد • برآورند اگر آتش اندود • چہ کار افتاد آتش گرکند سود • ستادہ پا با جان
عذر خواہان • گناہ از بندہ عفو از پادشاہان • چنان از کردہ خود شرمساریم • کہ روئے
عذر خواہی ہم نداریم • عذاب ماہمہ چادو کہ اینجا • نہ دی باشد نہ امروز و نہ فردا • عذاب این
جہان دوران سر آرد • عذاب آن جہان پایان ندارد • ببابل سرنگون در چاہ کیند •
و نیک از آب جز حسرت نیابند • بروند ہر دم ببابل در سر چاہ • سحر آموختن وقت سحرگاہ •
فریدالدین عطار نے الٰہی نامہ کے مقالہ سادس میں مجملاً نصیحت ہاروت و ماروت لکھی ہے اور
نصیحت ہمہ و فروت کی یہ ابیات • ببابل ہیروی اے مرد فرتوت • بکہ سحر آموزی از ہاروت

سے بیاہ و مستعد ہوا انکا کہ جیسے تو ہم ہوکر دو یہ واہل عدل و داد و شرمسار کرینگے تمام جمعی اہل سنت
الغرض یہ بین لکھا ہی کہ فرشتوں نے آدم پر طعن کیا اور اپنے تئین کل و عقل اور آدم کے لئے خاک و گس قرار
دیا اور تعالی کو خلقت آدم سے منع ہوئے اور قادح صانع بنظر و ان کی عبارت یہ ہے در
بیان آنکہ فشار ملکیہ ادراک این معنی نیکرد و لہذا زبان طعن بر آدم علیہ السلام کشادند و ہر دو گوہ
بفساد و سفک گواہی دادند **ابیات** بود بیرون ز نشۂ املاک چو کنند این دقیقہ را
ادراک بود لاجرم گاہ خلقت آدم و میزدند از غرور دم نحوی دم بکاے خدایم جسیم ترا و سبحوانان
معلمیم ترا و ذات کل صور ذہر انگیزی ہو کا پیدا زوی ہو فساد و خونریزی و فاضل اینجا بیشک
قبول بچیست حکمت ز خلقت مفعول و گل بود خار و خس چہ کار آید و پیش عنقا مگس بچکار
آید و انتہی کس منہ سے کہتے ہو کہ درمیان ملائکہ و خدا مباحثہ واقع نہین ہوا اور تخییل ملائک
ایجاد آدم سے مانع نہین شاید کہ آپکی ہر آئین بحث اسیکا نام ہو کر آپکا تہ مین اوکی دستار
ہووے اور اوسکے ہاتھ مین آپکی ازار ایک دوسرے کے ہاتھ سے رنگین ہو تو دو دو قرآن کا شتہ
تحصیل احسب اسکے سامنے پیش ہو و عرصہ قرآن اور قول اہل عرفان سے محقق ہوا کہ فرشتوں نے تعالی
کو خلق آدم سے منع کیا اور اعتراض درمیان صنع پس تکذیب الہی لازم ہوئی اور خطا ملائکہ بتقریر
تجہیل نا متناہی عاصم اب مخالفت منصب مباحثہ خدا و ملائکہ سے ابا کرے اور بعد ازین اپنے
تئین رسوا کرے چونکہ فرشتے قائل بحث کاری مانع ہوئے تخلیق آدم کو مانع مدعی خلافت
ہوئے اور مستدعی نیابت تو بالیقین کہ سیوقت خدا نے محض انکا تکبر دور کرنیکے لئے فرمایا
کہ جو کوئی تم مین سے علم و فضل مین زیادہ ہو وہ سارے جہان کی زمین پر آباد ہووے اون کو عہدۂ خلافت
پر قیام کرے اور دل و جان سے عدالت کا کام بات کو ماعد ہووے مالک ہووے اور شامل
محفل ملک پس لابد و فرشتے گروہ ملائک سے جیسا کچھ اعتناب خدا اون ہی اسکو کام سرزد
ہوئے کہ جلد متقابل ہو ہوئے اس مطلب کو فرید الدین عطار نے بلبل نامہ مین نظم کیا ہے لکھتے
ہو و جبکہ کا عزم بالجزم **ابیات** شنیدی قصۂ ابیات و عبدت و کہ بود خادم درگاہ

قصص الانبیا صلوات اللہ علیہم کے بیان سے ثابت ہے کہ ثقات نے تمام امامیہ نے تسلیم کیا
اور اوسکی تصنیفات کو باکرام تمام تسلیم کیا ہے میان محمد علی کی تیرہ ساعی ہے کہ تکذیب
امام کرتے ہین اور اوسکا نام تہذیب الاسلام رکھتے ہین مختصر بیت بیشہ قرآن سے ثابت ہے
اور وید و پران سے راغب ہے مولوی محمد علی نے جو لکھا ہے کہ صاحب ہدیہ نے اس خبر کو صحیح قرار
دیا وہ محض جھوٹ ہے ہرچند کاذب لوگون کو فریب دیتا ہے مگر کون بازغ شعبدہ گری سے سبب
لیتا ہے ؎ ہمسر راستی دروغ نہو ماہ تصویر کو فروغ نہو مؤلف ہدیۃ الاصنام
نے ہرگز کسی خبر کی صحت سے انکار نہین کیا اور مصنف طلعت الہنود نے بھی عذر اندر کو
بیان نہین بلکہ دونون کا انداز جواب ایک ہے جو کہ صحت روایت ہذا بپایہ بالا پہنچا
شاہد ہے اگر ہمکو خوف طول نہوتا اور اطناب سے دل ملول نہوتا تو بجنسہ وہ تفصیل علاوہ ایک
